بدعاء پیر طریقت رہبر شریعت حضرت مفتی محمد حسن صاحب دامت برکاتہم العالیہ
دار العمل چشتیہ کا سالانہ روحانی، اصلاحی، تربیتی، عملیاتی
حزب البحر
اجتماع
زیر سرپرستی
استاد العاملین
ابو نافع
خالد مقبول عارف
حفظہ اللہ
چشتی قادری شاذلی نقشبندی سہروردی
ناظم روحانی درسگاہ
حکیم مولانا
سلیم اللہ ظفر
چشتی قادری شاذلی نقشبندی سہروردی
3 روزہ عظیم الشان
ان شاء اللہ حسب سابق
۶، ۷، ۸ صفر المظفر ۱۴۴۴ھ
بمطابق 3,4,5 ستمبر 2022ء کو منعقد ہوگا۔
سخت سے سخت جادو، جنات، نظر بد کی مکمل تشخیص و تجویز سیکھئے صرف 3 دن میں ❁ دوسرے ممالک میں موجود روحانی مریضوں کا علاج سیکھئے صرف 3 دن میں ❁ بڑے بڑے اعمال کی ریاضت کیجئے وہ بھی صرف 3 دن میں ❁ باموکل اعمال کی کامیاب ریاضت کیجئے وہ بھی صرف 3 دن میں ❁ روحانی کلاسز و روحانی لیکچرز میں بہت کچھ سیکھئے وہ بھی صرف 3 دن میں ❁ عملیاتی زندگی میں کامیابی کے اصول سیکھئے وہ بھی صرف 3 دن میں ❁ مضبوط ترین روحانی معالج بننے کے خاص راز جانیے وہ بھی صرف 3 دن میں
رابطہ
حکیم مولانا
سلیم اللہ ظفر
چشتی قادری شاذلی نقشبندی سہروردی
بیدیاں خاص جامع مسجد اللہ اکبر لاہور
0304-7772772
مولانا ممتاز احمد
جامع مسجد حسن کوکبا شوگر مل نزد عوان ٹاؤن جوہر آباد
0306-4758334/0303-4378576
نوٹ
قیام کرنے والے حضرات اپنا اصلی شناختی کارڈ ساتھ لائیں ٭ موسم کے مطابق بستر، کپڑے، مسواک، خوشبو، تسبیح اپنے ہمراہ لائیں ٭ عصر کی نماز تک اجتماع گاہ پہنچنا ضروری ہے چونکہ بعد نماز مغرب اعمال شروع ہو جاتے ہیں ٭ باموکل اعمال کی ریاضت کیلئے تشریف لانے والے احباب اجتماع میں آنے سے 3 دن پہلے ہی ترک حیوانات کا پرہیز شروع کر دیں۔ شکریہ۔

اسلامی تصوف، روحانی، عملیاتی، طبی، نفسیاتی، معاشرتی مضامین کا حامل مقبول ترین میگزین

برصغیر پاک و ہند میں شائع ہونے والا واحد رسالہ جو ہر سال "دو خاص نمبر" شائع کرتا ہے

ماہنامہ خزینۂ روحانیات لاہور

جلد 13 صفر المظفر ۱۴۴۴ھ / ستمبر 2022ء شمارہ 5

مدیر اعلیٰ: خالد مقبول عارف حفظہ اللہ

مدیر: مولانا حافظ علی آفاق

معاون مدیر: حکیم سلیم اللہ ظفر

darulamal.org/magazines/ruhani

khazinaeruhaniyaat@gmail.com

khazinaeruhaniyat khazinaruhanyat

برائے ماہنامہ خزینۂ روحانیات، سرکولیشن، اشتہارات اور دیگر تمام معاملات

0322-4773786, 042-35410586

قیمت 80 روپے

سالانہ ممبر شپ عام ڈاک 940 روپے، رجسٹرڈ ڈاک 1340 روپے

سالانہ ممبر شپ بذریعہ TCS: لاہور کے لیے 1540 روپے

لاہور کے قریبی اضلاع کیلئے: 1940 روپے / لاہور سے دور کے اضلاع کیلئے: 2700 روپے

نوٹ: ہر ماہ کی 29،28،27 تاریخ کو رسالہ Post کیا جاتا ہے۔

ممبر شپ بذریعہ Whatspp/Email: 700 روپے

نوٹ: ہر ماہ کی یکم تاریخ کو رسالہ Whatspp/Email کیا جائے گا

مشیر قانونی: چوہدری فیصل منظور (ایڈووکیٹ ہائی کورٹ)

ادارہ کا کسی مضمون نگار سے متفق ہونا ضروری نہیں

بروز جمعۃ المبارک ادارہ بند رہے گا

رقم کی ادائیگی کے طریقے

ضروری ہدایات:

1. رقم بھیجنے کے بعد منی آرڈر رسید / موبائل اکاؤنٹس کی ٹرانزیکشن ID یا سکرین شاٹ / بینک ڈپازٹ سلپ 0302-8401977 پر واٹس ایپ کیجیے یا مکمل تفصیل ایس ایم ایس کیجیے یا کال کر کے لازمی مطلع فرمائیں۔ رقم جمع کروانے سے پہلے بل کی مکمل تفصیل کیلئے پہلے متعلقہ شعبے کے فون نمبر پر رابطہ کیجیے۔ جو بل بتایا جائے اتنی ہی رقم جمع کروائی جائے۔
2. موبائل اکاؤنٹس سے رقم نکلوانے پر اضافی چارجز بھیجنی والے وصول کرتے ہیں۔ اس لئے موبائل اکاؤنٹس میں رقم جمع کروانے کی صورت میں اضافی چارجز بل میں لگائے جائیں گے۔

1. **منی آرڈر:** بنام دارالعمل چشتیہ 586 کامران بلاک علامہ اقبال ٹاؤن لاہور کے پتے پر منی آرڈر کریں۔ فارم پر اپنا نام، مکمل پتہ، موبائل نمبر اور مطلوبہ رقم کی تفصیل لازمی تحریر کریں۔
2. **موبائل اکاؤنٹس:** درج ذیل موبائل اکاؤنٹس میں رقم جمع کروا سکتے ہیں۔
   - easypaisa بنام خالد مقبول۔ 03437772772
   - JazzCash بنام مکتبۃ العارف۔ 1) 03028401977
   - 2) #0*786* ملائیں اور Till Id_ 0016 5958 درج کریں۔
   - Omni بنام خالد مقبول۔ 03437772772
   - Upaisa بنام خالد مقبول۔ 33343082867
3. **بینک اکاؤنٹس:** درج ذیل دونوں اکاؤنٹس میزان بینک کے ہیں۔
   1. **برائے ماہنامہ خزینۂ روحانیات:** بنام Khazina-e-Ruhaniyaat برانچ کوڈ (0288) اکاؤنٹ نمبر 0102830736
   2. **برائے دیگر تمام شعبہ جات:** بنام Darol-Amal برانچ کوڈ (0212) اکاؤنٹ نمبر 0102913466

مزید تفصیلات کے لیے لنک وزٹ کیجیے: darulamal.org/payment

دارالعمل چشتیہ لاہور پاکستان

darulamal.org

info@darulamal.org

darulamalchisht darulamalchishtia

موبائل: 0343-7772772 0322-7772772

موبائل: 0312-7772772, 0306-7772772 (ufone)

پتہ: 586 کامران بلاک، علامہ اقبال ٹاؤن، لاہور۔ فون 042-35410586

خالد مقبول پبلشر نے مساوات محمدی پرنٹرز (لاہور) سے چھپوا کر دارالعمل چشتیہ 586 کامران بلاک، علامہ اقبال ٹاؤن، لاہور سے شائع کیا

فہرست مضامین

ستمبر 2022ء

صفر المظفر ۱۴۴۴ھ

انتقال پُرملال

عزیزم جناب علی رضا بھائی (ایڈمن دار العمل چشتیہ) کے والد گرامی گزشتہ دنوں اپنے خالق حقیقی سے جا ملے۔

ادارہ ان کے انتقال پر بے حد رنجیدہ اور مغموم ہے۔

تمام قارئین کرام واحباب سے مرحوم کی مغفرت اور بلندیٔ درجات کے لیے دعاؤں کی درخواست ہے۔ ادارہ اس صدمے میں علی رضا کے اہل خانہ کے غم میں برابر کا شریک ہے۔

اللہ تعالیٰ مرحوم کی کامل مغفرت فرمائے۔ اللہ پاک مرحوم کو اپنے جوار رحمت میں خاص جگہ عطا فرمائے۔ انہیں جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے۔

اللہ تعالیٰ تمام پسماندگان کو صبر جمیل عطا فرمائے۔ آمین یارب العالمین۔

(ادارہ)

وہ جلدی مان جاتا ہے

بہت مصروف رہتے تھے
ہواؤں پر حکومت تھی
تکبر تھا کہ طاقت تھی
بلا کی بادشاہی تھی
کوئی بے فکر بیٹھا تھا
کسی کے ہاتھ حکومت تھی
سبھی ہی مصروف تھے ایسے
کہ ایک ہستی بھلا بیٹھے
بہت پرواز کر بیٹھے
خدا ناراض کر بیٹھے
اب اس نے منہ جو پھیرا ہے
فقط وحشت کا ڈیرہ ہے
کہ دنیا کی ہر ایک بستی
بھیانک موت چہرہ ہے
خدا منہ پھیر بیٹھا ہے
اب اس کا گھر بھی خالی ہے
قہر دنیا پہ طاری ہے
ابھی بھی وقت ہے لوگو
خدا سے گڑگڑا کر تم
ابھی توبہ کرو لوگو
وہ جلدی مان جاتا ہے
وہ اب بھی تم کو چاہتا ہے
کہیں اگر دیر ہو جائے
زمیں ساری پلٹ جائے
ابھی بھی وقت ہے لوگو
خدا راضی کرو لوگو
وہ جلدی مان جاتا ہے
وہ جلدی مان جاتا ہے

حضرت مولانا پیر ذوالفقار احمد نقشبندی مدظلہ العالی

چاند تارے ہی کیا دیکھتے رہ گئے

چاند تارے ہی کیا دیکھتے رہ گئے
ان کو ارض و سماء دیکھتے رہ گئے
پڑھ کے روح الامین سورۃ والضحیٰ
صورتِ مصطفیٰ ﷺ دیکھتے رہ گئے
وہ امامت کی شب، وہ صف انبیاء
مقتدی مقتدی دیکھتے رہ گئے
معجزہ تھا وہ ہجرت میں ان کا سفر
دشمنانِ خدا دیکھتے رہ گئے
مرحبا شانِ معراج ختم رسل
سب کے سب انبیاء دیکھتے رہ گئے
میں نصیرؔ آج وہ ہے نعت نبی ﷺ
نعت گو منہ مرا دیکھتے رہ گئے

شاعر: پیر نصیر الدین نصیر گولڑوی

اہم اعلان

☆ ماہنامہ خزینہ روحانیات کی نئی ممبر شپ اکتوبر 2022 سے اپریل 2023 تک جاری کی جائے گی جس کی رقم عام ڈاک سے 660 روپے، رجسٹرڈ ڈاک سے 940 روپے اور TCS کیلئے صفحہ نمبر 2 ملاحظہ فرمائیں۔
☆ اکتوبر 2022 سے اپریل 2022 واٹس ایپ ممبر شپ 430 روپے ہوگی۔
☆ عام ڈاک سے رسالہ نہ ملنے کی صورت میں ادارہ ذمہ دار نہ ہوگا۔
☆ جن ممبران کو عام ڈاک سے رسالہ نہ ملنے کی شکایت رہتی ہے ان سے مودبانہ گذارش ہے کہ وہ رجسٹرڈ ڈاک یا کوریئر کی فیس جمع کروائیں۔

رابطہ: 0322-4773786

مولانا علی آفاق
مدیر ماہنامہ خزینہ روحانیات

روحانی حصار و حفاظت

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ! میرے تمام پیارے قارئین خزینہ روحانیات اور وابستگان دارالعمل چشتیہ لاہور، ہم اللہ تعالیٰ سے دعا گو ہیں کہ آپ اور ساری امت مسلمہ اس پُرفتن دور میں تمام آفات سماویہ اور روحانیہ سے محفوظ رہے۔ ہماری زندگی میں بے شمار اور لاتعداد نئے سال آئیں اور ان سالوں کے سلسلوں میں ہم دنیا اور آخرت کے اعتبار سے ترقی کی منازل طے کرتے رہیں۔ اللہ تعالیٰ ہمیں ہر پریشانی، غم، مصیبت، بیماری، تکلیف، دکھ اور ہر قسم کی ناگواری سے محفوظ فرمائیں۔ حقیقی زندگی آخرت کی زندگی ہے۔ اس کی ہی تیاری اور کامیابی کے حصول کے لئے یہ مختصر دنیا ہمیں عطاء ہوئی ہے۔ اس دنیا میں گرمی، سردی، وسعت، تنگی، تکلیف وراحت زندگی، موت، بھوک، پیاس اور مرض وصحت، عزت وذلت کے تمام فیصلے اللہ کے ہاتھ میں ہیں۔ جب ہم اس دنیا میں اپنی مرضی اور چاہت اور چوائس سے نہیں آئے اور یہ دنیا کی مختصر زندگی میں مکمل کنٹرول خدائے وحدہ لاشریک ہی کا ہے تو ہمیں یہ بات یقین کے ساتھ بٹھالینی ضروری ہے کہ اس دنیا میں کوشش ہماری، تدبیر ہماری، بھاگ دوڑ ہماری، مگر فیصلہ اللہ تعالیٰ کا ہی چلے گا اور جب یہ زندگی کی شام سر پر آجائے گی اور خدا کو ہی معلوم ہے کہ کس موڑ پر شام ہو جائے گی تو وہ رات اور شام بھی ہماری سوچ اور ہمارے اختیار سے باہر ہے۔ اب دنیا کے مختصر سفر میں ہمیں اپنی مرضی اور منشاء اور خواہش وجذبات کو اللہ وحدہ لاشریک کے تابع کر دینے میں ہی عافیت اور کامیابی ہے ورنہ طاقتور، عقلمند، صحت منداور بڑے تاجر اور سائنسدان گزر گئے۔ بادشاہ مٹ گئے۔ تو مٹنا تو ہمارا بھی مقدر ہے۔ مگر قبر خوبصورت، حشر خوبصورت، پل صراط پر آسانیاں، شفاعت کے میدان میں حوض کوثر کی نامزدگی اور پینا نصیب ہو سکے۔ اس کے لئے ہمیں اپنے آپ کو شریعت کے تابع بنا کر رسول ﷺ کی غلامی (شکل، صورت) عمل اور سنت، سوچ اور فکر میں اپنانی ضروری ہے اور لازمی ہے، ورنہ دعویٰ بے حقیقت نہیں، باتیں ہیں مگر عمل نہیں، لہٰذا عقائد کی درستگی اور افکار کے ساتھ سنتوں کی پابندی، خوف وخشیت خداوندی اور محبت رسول ﷺ اہم اور بنیادی ستون ہیں، اس کے بغیر کامیابی اور نجات کا کوئی ضابطہ نہیں ہے۔ باقی رہے استثناء تو ہر موقع اور ہر زمانے میں رہے ہیں مگر ہمارے پاس کوئی گارنٹی نہیں ہے کہ ہمارے لئے استثناء بنادیا گیا ہے۔ لہٰذا توقع، امید اور بے جا چیزوں پر دھیان یا تکیہ کرنے کی بجائے حالات کو احکامات کے مطابق ڈھال کر گزارنے کی کوشش لازم ہے۔ اب شریعت کی پابندی کے ساتھ اپنی روحانی پیچیدگیوں کے حل اور روحانی صحت کے ساتھ روحانی حصار وحفاظت، تحفظ ودفاع کے ساتھ آئندہ کے لیے محتاجی اور بے ساکھی توڑتے ہوئے آئندہ عمل کے مالک بن کر استخارہ، حساب وتشخیص کرنے کے قابل بنیں ورنہ ہر روز اس مشق سے گزرنے کی وجہ سے قرآن، سنت اور آخرت سے ناامیدی، مایوسی اور خدا اور رسول ﷺ سے بغاوت پیدا ہونے کا خطرہ ہے کہ اتنا کچھ کیا مگر رزلٹ صفر رہا۔ لہٰذا اندھا سفر نہ کریں، درست علاج کروائیں، آخرت خراب نہ کریں۔ لہٰذا فوری رابطہ کریں اور حالات بدل ڈالیں۔

۱۲ ربیع الاوّل آقائے دوجہاں صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کی یومِ وفات ہرگز نہیں ہے

تحقیق وترتیب: خالد مقبول حفظہ اللہ

نبی کریم ﷺ کی تاریخ وفات کے بارے میں اختلاف ہے۔ عام طور سے ۱۲ ربیع الاوّل بیان کی جاتی ہے۔ اسی تاریخ کو یومِ ولادت بھی منایا جاتا ہے۔ ۱۲ ربیع الاوّل کو یومِ وفات کے قائل لوگ، یومِ ولادت منانے والوں کو برا بھلا کہتے ہیں کہ نبی کریم ﷺ کی وفات کے روز خوشیاں منا رہے ہیں۔ اس پر جھگڑے اور فساد بھی ہوتے ہیں۔ اس لیے جستجو ہوئی کہ تحقیق کی جائے کہ ۱۲ ربیع الاوّل کو یومِ وفات ہے یا نہیں؟

میرا اس مضمون کا موضوع یہ نہیں ہے کہ ''نبی کریم ﷺ کی وفات کس تاریخ کو ہوئی؟'' یا پھر ''نبی کریم ﷺ کا یومِ ولادت کس تاریخ کو ہے؟'' بلکہ موضوع جو اوپر لکھا ہے، وہی ہے یعنی ''نبی کریم ﷺ کی وفات ہرگز ۱۲ ربیع الاوّل کو نہیں ہوئی۔'' اسی لیے صرف ۱۲ ربیع الاوّل پر ہی بات ہوگی۔

تحقیق کے لیے تو اصل یہی ہے کہ احادیث سے رجوع کیا جائے لیکن کوئی بھی ایسی حدیث نہیں ملتی جس میں واضح تاریخ کا تعین ہو۔ البتہ دو متفق علیہ اور یقینی باتیں ہیں کہ

۱...... آپ ﷺ نے جو آخری حج کیا (۹ ذی الحجہ) وہ جمعہ کے دن ہوا۔

۲...... آپ ﷺ جس روز دنیا سے تشریف لے گئے، وہ پیر کا دن تھا اور مہینہ ربیع الاول کا تھا۔

درج بالا دونوں باتیں مستند حوالوں سے ثابت ہیں۔ اس لیے انہی دو کو سامنے رکھتے ہوئے ہم نے ایک جدول تیار کیا جو کہ صفحہ 7-8 پر موجود ہے۔ اس کو سمجھنا بہت آسان ہے۔ درج ذیل باتوں کا دھیان رکھیں:

۱...... چونکہ حج کا دن جمعہ کا تھا اور تاریخ ۹ ذی الحجہ تھی۔ اس لحاظ سے ۸ ذی الحجہ کو جمعرات تھی۔ جب ۸ ذی الحجہ جمعرات ہوئی تو یکم ذی الحجہ بھی جمعرات ہوئی۔ اس لیے جدول میں ذی الحجہ کا آغاز یکم کو جمعرات سے کیا گیا ہے۔ اور چاروں جدول میں آغاز ایک ہی رکھا گیا ہے کیونکہ یہی بنتا ہے۔

۲...... اسلامی ماہ ۲۹ دن کا ہوتا ہے یا ۳۰ دن کا۔ ذی الحجہ سے ربیع الاوّل تک چار ماہ بنتے ہیں۔ تین ماہ پورے یعنی ذی الحجہ سے صفر تک اور چوتھا ربیع الاوّل۔ اس دورانیے میں چار ممکنہ صورتیں بن سکتی ہیں:

1. تین ماہ '۲۹' کے لیے جائیں۔
2. تین ماہ '۳۰' کے لیے جائیں۔
3. دو ماہ '۲۹' کے اور ایک ماہ '۳۰' کا لیا جائے۔
4. دو ماہ '۳۰' کے اور ایک ماہ '۲۹' کا لیا جائے۔

انہی چار طریقوں سے حساب کیا گیا ہے اور مکمل تفصیل جدول میں دی گئی ہے۔

۳...... وفات کا دن متعین ہے یعنی پیر اور مہینہ ربیع الاوّل۔ اس لحاظ سے ربیع الاوّل میں چاروں حسابوں سے جو بھی پیر کی تاریخیں بنتی ہیں، ان کو نمایاں کیا گیا ہے۔

اہل تشیع حضرات کی تحقیق

اہل تشیع حضرات یوم وفات کی تاریخ ۲۸ صفر بتاتے ہیں۔ دن پیر کا ہی ہے۔ اس لیے صفر کے مہینے میں بھی چاروں حساب سے پیر کی تاریخوں کو نمایاں کیا گیا ہے۔

اہل تشیع کی مشہور کتاب ''چودہ ستارے'' جس کے مصنف علامہ نجم الحسن کراروی صاحب ہیں، وہ تحریر فرماتے ہیں کہ ''الغرض ملک الموت نے اپنا کام شروع کیا اور حضور رسول کریم ﷺ نے بتاریخ ۲۸ صفر، ۱۱ ھجری یوم دوشنبہ بوقت دوپہر ظاہری خلعت حیات اتار دیا (مودۃ القربیٰ ص ۴۹ م ۱۴ طبع بمبئی)''۔ (دوشنبہ پیر کو کہتے ہیں)

نوٹ: جدول کے ہر طریقے کے آخر میں جو نتیجہ نکلا، وہ لکھا ہوا ہے۔

12 ربیع الاول ہرگز یوم وفات نہیں

طریقہ نمبر1

ذی الحجہ

دن	تاریخ				
جمعرات	1	8	15	22	29
جمعہ	2	9	16	23	
ہفتہ	3	10	17	24	
اتوار	4	11	18	25	
پیر	5	12	19	26	
منگل	6	13	20	27	
	7	14	21	28	

محرم الحرام

دن	تاریخ				
جمعہ	1	8	15	22	29
ہفتہ	2	9	16	23	
اتوار	3	10	17	24	
پیر	4	11	18	25	
منگل	5	12	19	26	
بدھ	6	13	20	27	
جمعرات	7	14	21	28	

صفر المظفر

دن	تاریخ				
ہفتہ	1	8	15	22	29
اتوار	2	9	16	23	
پیر	3	10	17	24	
منگل	4	11	18	25	
بدھ	5	12	19	26	
جمعرات	6	13	20	27	
جمعہ	7	14	21	28	

طریقہ نمبر2

ذی الحجہ

دن	تاریخ				
جمعرات	1	8	15	22	29
جمعہ	2	9	16	23	30
ہفتہ	3	10	17	24	
اتوار	4	11	18	25	
پیر	5	12	19	26	
منگل	6	13	20	27	
	7	14	21	28	

محرم الحرام

دن	تاریخ				
ہفتہ	1	8	15	22	29
اتوار	2	9	16	23	30
پیر	3	10	17	24	
منگل	4	11	18	25	
بدھ	5	12	19	26	
جمعرات	6	13	20	27	
جمعہ	7	14	21	28	

صفر المظفر

دن	تاریخ				
پیر	1	8	15	22	29
منگل	2	9	16	23	30
بدھ	3	10	17	24	
جمعرات	4	11	18	25	
جمعہ	5	12	19	26	
ہفتہ	6	13	20	27	
اتوار	7	14	21	28	

طریقہ نمبر3

ذی الحجہ

دن	تاریخ				
جمعرات	1	8	15	22	29
جمعہ	2	9	16	23	
ہفتہ	3	10	17	24	
اتوار	4	11	18	25	
پیر	5	12	19	26	
منگل	6	13	20	27	
	7	14	21	28	

محرم الحرام

دن	تاریخ				
جمعہ	1	8	15	22	29
ہفتہ	2	9	16	23	30
اتوار	3	10	17	24	
پیر	4	11	18	25	
منگل	5	12	19	26	
بدھ	6	13	20	27	
جمعرات	7	14	21	28	

صفر المظفر

دن	تاریخ				
اتوار	1	8	15	22	29
پیر	2	9	16	23	
منگل	3	10	17	24	
بدھ	4	11	18	25	
جمعرات	5	12	19	26	
جمعہ	6	13	20	27	
ہفتہ	7	14	21	28	

طریقہ نمبر4

ذی الحجہ

دن	تاریخ				
جمعرات	1	8	15	22	29
جمعہ	2	9	16	23	30
ہفتہ	3	10	17	24	
اتوار	4	11	18	25	
پیر	5	12	19	26	
منگل	6	13	20	27	
	7	14	21	28	

محرم الحرام

دن	تاریخ				
ہفتہ	1	8	15	22	29
اتوار	2	9	16	23	
پیر	3	10	17	24	
منگل	4	11	18	25	
بدھ	5	12	19	26	
جمعرات	6	13	20	27	
جمعہ	7	14	21	28	

صفر المظفر

دن	تاریخ				
اتوار	1	8	15	22	29
پیر	2	9	16	23	30
منگل	3	10	17	24	
بدھ	4	11	18	25	
جمعرات	5	12	19	26	
جمعہ	6	13	20	27	
ہفتہ	7	14	21	28	

12 ربیع الاول ہرگز یوم وفات نہیں

ربیع الاول

دن	تاریخ				
اتوار	1	8	15	22	29
پیر	2	9	16	23	30
منگل	3	10	17	24	
بدھ	4	11	18	25	
جمعرات	5	12	19	26	
جمعہ	6	13	20	27	
ہفتہ	7	14	21	28	

طریقہ نمبر 1 میں 29 دن کے تین مہینے لیے گئے ہیں۔ ۱۲ ربیع الاول کو جمعرات کا دن آ رہا ہے، پیر نہیں آ رہا۔ اس حساب سے ثابت ہوتا ہے کہ ۱۲ ربیع الاول کو وفات نہیں ہوئی۔ پیر کو لیا جائے تو نمایاں کی گئی تاریخوں میں سے کوئی یومِ وفات ہو سکتی ہے۔ چونکہ ایسا ہوتا تو نہیں کہ لگاتار ۳ ماہ 29 کے ہوں، اس لیے ہمارا اعتماد اس پر نہیں۔

اہل تشیع حضرات کے لیے

طریقہ نمبر 1 میں 29 دن کے دو مہینے لیے گئے ہیں۔ ۲۸ صفر کو جمعہ کا دن آ رہا ہے، پیر نہیں آ رہا۔ اس حساب سے ثابت ہوتا ہے کہ ۲۸ صفر کو وفات نہیں ہوئی۔

ربیع الاول

دن	تاریخ				
بدھ	1	8	15	22	29
جمعرات	2	9	16	23	30
جمعہ	3	10	17	24	
ہفتہ	4	11	18	25	
اتوار	5	12	19	26	
پیر	6	13	20	27	
منگل	7	14	21	28	

طریقہ نمبر 2 میں 30 دن کے تین مہینے لیے گئے ہیں۔ ۱۲ ربیع الاول کو اتوار کا دن آ رہا ہے، پیر نہیں آ رہا۔ اس حساب سے ثابت ہوتا ہے کہ ۱۲ ربیع الاول کو وفات نہیں ہوئی۔ پیر کو لیا جائے تو نمایاں کی گئی تاریخوں میں سے کوئی یومِ وفات ہو سکتی ہے۔ چونکہ ایسا ہوتا تو نہیں کہ لگاتار ۳ ماہ 30 کے ہوں، اس لیے ہمارا اعتماد اس پر نہیں۔

اہل تشیع حضرات کے لیے

طریقہ نمبر 2 میں 30 دن کے دو مہینے لیے گئے ہیں۔ ۲۸ صفر کو اتوار کا دن آ رہا ہے، پیر نہیں آ رہا۔ اس حساب سے ثابت ہوتا ہے کہ ۲۸ صفر کو وفات نہیں ہوئی۔

ربیع الاول

دن	تاریخ				
پیر	1	8	15	22	29
منگل	2	9	16	23	
بدھ	3	10	17	24	
جمعرات	4	11	18	25	
جمعہ	5	12	19	26	
ہفتہ	6	13	20	27	
اتوار	7	14	21	28	

طریقہ نمبر 3 میں دو ماہ 29 دن کے ہیں اور تیسرا مہینہ 30 دن کا ہے۔ ۱۲ ربیع الاول کو جمعہ کا دن آ رہا ہے، پیر نہیں آ رہا۔ اس حساب سے ثابت ہوتا ہے کہ ۱۲ ربیع الاول کو وفات نہیں ہوئی۔ پیر کو لیا جائے تو نمایاں کی گئی تاریخوں میں سے کوئی یومِ وفات ہو سکتی ہے۔ ایسا بالکل ممکن ہے کہ دو ماہ 29 کے اور ایک ماہ 30۔ اس لیے یہ حساب قابلِ اعتبار ہے۔

اہل تشیع حضرات کے لیے

طریقہ نمبر 3 میں 29 دن کا ایک اور 30 کا ایک مہینہ لیا گیا ہے۔ ۲۸ صفر کو ہفتہ کا دن آ رہا ہے، پیر نہیں آ رہا۔ اس حساب سے ثابت ہوتا ہے کہ ۲۸ صفر کو وفات نہیں ہوئی۔

ربیع الاول

دن	تاریخ				
منگل	1	8	15	22	29
بدھ	2	9	16	23	
جمعرات	3	10	17	24	
جمعہ	4	11	18	25	
ہفتہ	5	12	19	26	
اتوار	6	13	20	27	
پیر	7	14	21	28	

طریقہ نمبر 4 میں دو ماہ 30 دن کے ہیں اور ایک مہینہ 29 دن کا ہے۔ ۱۲ ربیع الاول کو ہفتہ کا دن آ رہا ہے، پیر نہیں آ رہا۔ اس حساب سے ثابت ہوتا ہے کہ ۱۲ ربیع الاول کو وفات نہیں ہوئی۔ پیر کو لیا جائے تو نمایاں کی گئی تاریخوں میں سے کوئی یومِ وفات ہو سکتی ہے۔ ایسا بالکل ممکن ہے کہ دو ماہ 30 کے اور ایک ماہ 29۔ اس لیے یہ حساب بھی قابلِ اعتبار ہے۔

اہل تشیع حضرات کے لیے

طریقہ نمبر 4 میں 30 دن کا ایک اور 29 کا ایک مہینہ لیا گیا ہے۔ ۲۸ صفر کو ہفتہ کا دن آ رہا ہے، پیر نہیں آ رہا۔ اس حساب سے ثابت ہوتا ہے کہ ۲۸ صفر کو وفات نہیں ہوئی۔

طلسمات رفیق (حصہ اول)

فوٹو سٹیٹ — قیمت 1300 روپے

مصنف: محمد رفیق زاہد — صفحات: 247

طلسماتی و روحانی اعمال و مجربات کا مستند ترین صحیفہ

○ حصار کے طلسماتی و روحانی عملیات ○ حروف کے طلسماتی اعمال ○ حرف الف کا طلسماتی عمل ○ حرف با کا طلسماتی عمل ○ حرف دال کا طلسماتی عمل ○ تسخیر عناصر و حیوانات اور سیمیائی اعمال و مجربات ○ طلسم حصول زر و مال ○ کشائش رزق کیلئے ○ طلسم فراخی رزق ○ کاروباری بندش دور کرنے کیلئے ○ حب و تسخیر کیلئے ○ طلسم محبت ○ طلسم قیام فتنہ و فساد ○ طلسم بغض و تفرقہ ○ طلسم انتشار در اعداء ○ طلسم تباہی و خرابی دشمنان ○ اعمال اخفاء یعنی نظروں سے اوجھل ہو جانے کے اعمال ○ طلسمات گربہ یعنی بلی کے عجائبات و غرائبات ○ گربہ کے عجیب و غریب طلسماتی عملیات برائے مشاہدہ جنات و روحانیات ○ سرعت انزال ○ طلسم اسمائے ظہیری ○ دق الاطفال اور اسمائے ظہیری ○ چھپاکی اور اسمائے ظہیری ○ موٹاپا اور اسمائے ظہیری ○ کالت نطق اور اسمائے ظہیری ○ مرض یرقان اور اسمائے ظہیری ○ بواسیر اور اسمائے ظہیری ○ امراض حلق اور اسمائے ظہیری ○ درد شقیقہ اور اسمائے ظہیری ○ عقد بندی کے بطلان کیلئے ○ ترقی و کشائش رزق کیلئے ○ سحری و جادوائی اعمال کی بنیاد پر مسلط کروائے گئے آسیب و جنات کا علاج

مصباح القیافہ

مصنف: سید ناظر حسین شاہ زنجانی

صفحات: 208، عام قیمت: 400 روپے

○ علم دماغ ○ عالمان قوائے دماغی کا نقشہ سر ○ پشت سر کی دماغی قوتیں ○ پہلوئے سر کی دماغی قوتیں ○ چندیا کے مقام کی دماغی قوتیں ○ فرق سر کی دماغی قوتیں ○ بالائے گوش کی ذہنی قوتیں ○ مقام بالائے پیشانی کی ذہنی قوتیں ○ قوائے ذہنیہ کی ترکیب ○ کاسۂ سر کا قیافہ ○ جسم انسانی کا قیافہ ○ استخوان و عضلات انسانی ○ انسانی آواز کا قیافہ ○ انداز گفتگو کا قیافہ ○ انسانی بال اور ان کی رنگت ○ انسانی بالوں کی بناوٹ ○ مونچھ اور داڑھی کا قیافہ ○ انسانی جلد یا کھال کا قیافہ ○ انسانی چہرے کا قیافہ ○ انسانی چہرے کے عضلات ○ انسانی چہرے کی یک طرفہ تصاویر ○ آنکھوں کا قیافہ ○ لب و دہن کا قیافہ ○ دانتوں کا قیافہ ○ انسانی ناک کا قیافہ ○ انسانی کانوں کا قیافہ ○ انسانی رخساروں کا قیافہ ○ انسان کے زنخدان اور جبڑوں کا قیافہ ○ انسانی ٹھوڑی کا قیافہ ○ مردوں کا قیافہ کے خاص نکات ○ عورتوں کے قیافہ کے خاص خاص نکات ○ چال اور رفتار ○ تلووں کا قیافہ

حقائق ہمزاد

مصنف: بابر سلطان قادری

صفحات: 208، عام قیمت: 400 روپے

○ ہمزاد کیا ہے؟ ○ طلسمات اور ہمزاد ○ ہمزاد اور ہندو مت ○ تصور ہمزاد اسلام میں جسم لطیف اور صوفیائے کرام ○ یوگی اور اس کا ہمزاد ○ قوت حروف اور ابن خلدون ○ طبائع اور ہمزاد ○ جلالی و جمالی ہمزاد ○ ہمزاد اور کواکب ○ نقشہ تاریخ قمری ○ منحوس تواریخ ○ نقشہ بخورات ○ ہمزاد اور عامل ○ استخراج بروج کواکب ○ اوصاف عامل ہمزاد ○ حصار مکان ○ منڈل ○ علم یوگا اور ہمزاد ○ سانس اور یوگ ○ حبس دم ○ علم العینین اور ہمزاد ○ عمل اور زاویہ نظر ○ بند آنکھوں سے عمل ○ اندھیرے میں عمل ○ قوانین تسخیر ○ درجہ شور و غل سے بچنا ○ بیداری حواس ○ کلام نفسی ○ کلام لفظی ○ حس ذائقہ ○ شرح ہمزاد ○ ہمزاد اور مسالک اربعہ ○ مسلک مسلمانان ○ مسلک صوفیائے کرام ○ مسلک قدیم طلسمات ○ ہندو مسلک ○ مدارک باطنی ○ عمل روحانی برائے تسخیر ہمزاد ○ اعمال تسخیر ○ عمل آئینہ ○ خواب کا ہمزاد ○ عزیمت اعلیٰ ○ عمل مجرب معروف ○ خبریں دینے والا ہمزاد ○ تسخیر ارواح و روح خود ○ احضار ہمزاد ○ احضار کبریٰ ○ طاعت ہمزاد ○ عمل ظل ○ تسخیر ہمزاد ○ عمل فراعنۂ مصر ○ عمل ہمسایہ ○ عمل سفلی ○ طلسم ہمزاد ○ عمل طلسمی ثانی ○ عمل قوت اجرام فلکی ○ عمل سورۂ رحمٰن ○ عمل ہمزاد ○ دعوت قرشیہ

تسخیر الارواح

مصنف: ڈاکٹر محمد منشور عالم صدیقی

صفحات: 272، عام قیمت: 400 روپے

○ دعوت کلمہ طیب برائے حاضری موکل ○ حاضری مرغ موکل ○ دعوت آیہ کریمہ برائے حاضری موکل ○ احضار بدوح ○ حاضری بچہ موکل ○ عمل عجیب سورۂ اخلاص برائے حاضری موکل ○ عمل سورۂ مزمل برائے حاضری موکل ○ عمل سورۂ یٰسین برائے حاضری ہفت موکل ○ تسخیر ہاروت و ماروت ○ تسخیر شہنشاہ جنات ○ تسخیر شاہ جنات ○ تسخیر مردے کے مٹکے کا موکل ○ تسخیر جنات ○ تسخیر موکل سورۂ الیل ○ تسخیر ھمعلونی ○ احضار ملک سورۂ فیل ○ تسخیر موکل سفلی حقلطوش ○ تسخیر عبد اسود ○ تسخیر ملکہ قندور بنت ملک عبد النور ○ تسخیر ملکہ جمال ○ تسخیر ابلیس کا لاثانی عمل ○ تسخیر شیخ ابن اشیخ ○ تسخیر موکل ○ تسخیر ملکہ مشفقہ بنت ابلیس ○ تسخیر موکل مثل ببر شیر ○ حاضری میمونہ زنگی ○ حاضری ابو جنان ○ حاضری شہنشاہ جنات یکناتوش ○ حاضری پلنکو ○ تسخیر موکل سورۂ قدر ○ تسخیر موکل اسم ذات ○ تسخیر موکل سورۂ کوثر ○ حاضری موکل برائے زر ○ احضار ام موسیٰ ○ حاضری تخت سلیمانؑ ○ عمل خواجہ خضر برائے حاضری چہار موکل ○ حاضری سید برہنہ پیر ○ تسخیر پیر برہنہ ○ حاضری بابا برہنہ ○ حاضری رستم شہید کی چوکی ○ حاضری رستم پہلوان ایرانی ○ حاضری شیخ سدو پہلوان ○ حاضری میراں پہلوان ○ حاضری زینکا پیر ○ حاضری محمدہ پیر ○ احضار ٹیلا پیر

نئی آمدہ نایاب (فوٹو کاپی) روحانی کتب پیش خدمت ہیں

[1] اوراد فتحیہ (دعائے رقاب)
مصنف: شیخ امیر کبیر سید علی ہمدانی
ترجمہ: حاجی محمد یوسف نگینہ
صفحات: 112، اشاعت لاہور 1400ء
قیمت: 450 روپے

[2] تعویذات رفیقی (قدیم)
مصنف: خلیفہ محمد رفیق
عملیات و تعویذات کی نادر کتاب۔
صفحات: 160، اشاعت لاہور
قیمت: 450 روپے

[3] عملیات فاروقی (گنجینۂ تعویذات)
مصنف: مولانا بشیر احمد نقشبندی مجددی
عملیات و تعویذات پر مشہور معروف
کتاب صفحات: 127، اشاعت لاہور
قیمت: 500 روپے

[4] قیافہ شناسی
مصنف: اظہر کلیم
فن قیافہ شناسی پر ایک آسان مکمل اور علمی کتاب
صفحات: 239، اشاعت کراچی
قیمت: 750 روپے

[5] عملیات و مجربات اکبر
حکیم محمد اکبر قادری سہروردی مکیالوی
حکمت کے نادر نسخہ جات، معجزہ، بنہ طاقت کے
خاص نسخے اور طلاء، زندگی بھر کے آزمودہ
عملیات و تعویذات کا ذخیرہ۔ ایک درویش
بزرگ کے زندگی بھر کے تجربات۔
صفحات 159
قلمی کتاب
قیمت: 1200 روپے

[6] شمع شبستان صابری
مولانا فرحت صابری رضوی (انڈیا)
شمع شبستان رضا کے بعد ایک نیا علمی و روحانی
شاہکار، تعویذات و عملیات کی سینکڑوں قدیم
کتابوں کا نچوڑ، مستند جامع کتاب
صفحات 287
اشاعت ہند، انڈیا 2017
قیمت: 850 روپے

[7] مخزن درویش (اول)(دوم)
حکیم محمد اکبر قادری سہروردی مکیالوی
حصہ کے بہترین مجرب نسخہ جات اور
آزمودہ عملیات و تعویذات کی نادر کتاب۔
ایک درویش بزرگ کی ذاتی قلمی بیاض
صفحات اول: 197
قیمت: 1500 روپے
صفحات دوم 72 صفحات قلمی
قیمت: 850 روپے

[8] عرفان جواہر (پتھر نگینے)
مصنف: مرزا محمد عباس حسینی
انگشتری پہننے کی فضیلت اور آداب، یاقوت،
فیروزہ، عقیق، عقیق، زبرجد، زمرد،
جزیمانی، عقیق سلیمانی کے اوصاف، ورنجف،
بلور وردیگر نگینوں کے فوائد، نقش نگین، جناب
رسالت مآب ﷺ، جناب سیدہ فاطمہؑ،
ابوطالب و بارہ اماموں کے نقش نگین، خانہ
کعبہ، حجر اسود، موتی، مرجان، درقون، لعل،
ہسنیہ، عقیق وغیرہ کے اوصاف۔
قیمت: 550 روپے

[9] عملیات شادی و نکاح
مصنف: یاسین قادری سندھی
شادی کے تعویذ، اعمال، طلسمات، عزیمتیں،
رشتہ کی رضامندی، پسند کی شادی، مشکل
رشتہ کا حصول۔
صفحات: 28، کمپیوز کتابت
قیمت: 400 روپے

[10] آئینہ انگشتری، پتھر، نام، ستارے
مصنف: رضی حسین جونپوری
جواہرات اور پتھروں کی صفات، بروج، ستارے،
کواکب، ناموں سے تعلق اور خصوصیات
تعداد صفحات: 175
اشاعت لاہور 1974ء
قیمت: 750 روپے

[11] شاہکار اکبر
مصنف: حکیم محمد اکبر قادری سہروردی
شاہکار عملیات، تعویذات و حکمت کے
نادر طبی نسخہ جات کا سرمایہ۔
صفحات: 161
قلمی کتاب
قیمت: 1500 روپے

[12] عملیات و عجائبات سبحانی
مصنف: میر مصاحب علی حنفی چشتی
گنجینہ نقش جات، مجموعہ تعویذات نادر ذخیرہ،
طلسمات عجائب کا ہیں۔
صفحات 186
اشاعت لاہور
قیمت: 600 روپے

وظائف الموکلین
صفحات: 207، اشاعت کراچی — قیمت: 1200 روپے

سید وحید الدین ناصر

علمائے کرام اور عاملین حضرات کی پسند فرمودہ کتاب۔ دعائیں، استخارے، تشخیص امراض آسیب جادو، شر سے حفاظت، اعمال رزق، حب کے مجرب اعمال، شادی و نکاح، سحر جادو، جنات آسیب سایہ، امراض سے شفاء، وظائف اسماء الحسنیٰ اور متفرق اعمال، موکلین کے بتلائے ہوئے اعمال کا ذخیرہ۔

روحانیات وتصوف

قیصر احمد (بی اے)

رعایا کی نگہداشت اور حکمرانی وفرمانبرداری

ایک دن حضرت عمرؓ نے کسی شخص کی نماز جنازہ پڑھانا چاہی۔ ناگاہ کوئی شخص آگے بڑھا اور نماز پڑھادی اور جب دفن کر چکے تو اس کی قبر پر ہاتھ رکھ کر کہا: بار خدایا! اگر تو اسے مبتلائے عذاب کرے تو درست ہے کہ ممکن ہے یہ تیرا گناہگار رہا ہو اور اگر رحمت کرے تو رحمت کا محتاج ہے ورکون ہے جو تیری رحمت کا محتاج نہ ہو اور اے شخص کہ اس قبر میں مدفون ہے (خدا کرے کہ تو ٹھنڈا رہے اور تو ٹھنڈا ہی رہے گا) اگر تو (زندگی میں کبھی امیر قوم ،نقیب دربار، حاکم کا مددگار، کاتب، حکام سلطان یا وصول کنندہ محصولات وغیرہ نہ رہا تھا، یہ کہہ کر نظروں سے غائب ہو گیا۔ حضرت عمرؓ نے حکم دیا کہ اسے تلاش کیا جائے۔ لوگوں نے بہتیرا ڈھونڈا لیکن کہیں کھوج نہ مل سکا اور پھر خود ہی فرمایا کہ (ہو نہ ہو) یہ حضرت خضر علیہ السلام تھے۔

چاند سے زیادہ خوبصورت

عیسیٰ بن موسیٰ اپنی اہلیہ سے بے پناہ محبت کرتا تھا۔ ایک دن اُس نے جذبات کی رو میں بہہ کر اپنی بیوی سے یہ کہہ دیا۔ ''اگر تو چاند سے زیادہ حسین نہ ہوئی تو تجھے طلاق!'' وہ فوراً وہاں سے اٹھی اور یہ کہہ کر اس سے پردہ کر لیا کہ بلا شبہ تو نے مجھے طلاق دے دی''۔ صبح سویرے وہ خلیفہ منصور کے پاس حاضر ہوا اور اُسے پورا واقعہ بتایا۔ منصور کے سامنے بے پناہ بے چینی کا مظاہرہ کیا تو منصور نے فقہاء اور علماء کو اپنے دربار میں بلایا اور اُن سے فتویٰ طلب کیا۔ تمام علماء اور فقہاء نے متفقہ طور پر فتویٰ دیا کہ بلاشبہ اسے طلاق ہوگئی۔ وہاں امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ کے اصحاب میں سے ایک بزرگ بھی موجود تھے۔ وہ بالکل خاموشی اختیار کئے ہوئے تھے۔ منصور نے اُن سے کہا'' آپ بھی تو اس مسئلے کی بابت کچھ فرمائیں؟'' اُنہوں نے ''سورۃ التین'' کی تلاوت شروع کر دی جس میں اللہ تعالیٰ نے فرمایا ہے۔ بالتحقیق ہم نے انسان کو انتہائی خوبصورت سانچے میں ڈھال کر پیدا کیا ہے۔'' اس آیت سے استدلال کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ کوئی بھی چیز انسان سے زیادہ خوبصورت نہیں ہوسکتی۔ خلیفہ نے عیسیٰ سے کہا: ''اللہ تعالیٰ نے معاملہ آسان فرما دیا، وگرنہ فتویٰ تو جاری ہو چکا تھا۔ جاؤ اٹھو اور اپنی بیوی کے پاس جاؤ! اُدھر اُس کی بیوی کو حکم بھیجا'' اپنے خاوند کی اطاعت کر! اس لئے کہ طلاق نہیں ہوئی۔''

علم کی محبت

ایک استاد کسی بچے کو پڑھانے کیلئے ایک گاؤں میں جاتے تھے۔ ایک دن اس گاؤں کے ایک شخص نے اُن سے کہا'' آپ میرے بچے کو بھی پڑھا دیا کریں۔'' اُنہوں نے کہا'' میں بہت دُور سے آتا ہوں۔ پہلے ہی واپس پہنچنے میں دیر ہو جاتی ہے۔''

اس پر اس شخص نے کہا۔'' میں آپ کو ایک گھوڑا دیتا ہوں۔ آپ اس پر آجایا کریں۔'' استاد نے یہ بات منظور کر لی۔ اب وہ ہر روز گھوڑے پر آنے جانے لگے۔ ایک دن اسی گاؤں کے ایک اور شخص نے ان سے یہی بات کہی۔ اس پر انہوں نے کہا'' میں پہلے ہی دو بچوں کو پڑھا رہا ہوں، دور سے آتا ہوں، اس لئے معافی چاہتا ہوں۔'' اس آدمی نے جواب دیا میرا بیٹا گاؤں کے سرے پر آپ کے راستے میں کھڑا ہو جایا کرے گا جب آپ وہاں پہنچیں گے تو وہ آپ کے ساتھ ساتھ چلا کرے گا۔ آپ راستے میں اسے سبق دے دیا کریں۔ اسی طرح جب آپ واپس جائیں گے تو وہ آپ کے ساتھ ساتھ چلا کرے گا۔ اور یوں اپنا سبق سنا دیا کرے گا۔'' استاد نے یہ بات منظور کر لی۔ وہ بچہ اسی طرح گھوڑے کے ساتھ ساتھ چل کر علم سیکھتا رہا۔ آپ جانتے ہیں وہ شاگرد کون تھا؟ وہ تھے حضرت امام غزالی رحمۃ اللہ علیہ جو آج تک آسمان علم پر جگمگا رہے ہیں۔ امام غزالی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں۔'' جب تک تم'' اپنا سب کچھ علم کو نہیں دے ڈالو گے، علم بھی تمہیں اپنا کوئی حصہ نہیں دے گا۔''

(بقیہ ص 39)

مجرب روحانی گنڈے

حضرت مولانا اشرف علی تھانوی نور اللہ مرقدہٗ

گنڈہ برائے مسان

(از حضرت مولانا خلیل احمد صاحب نور اللہ مرقدہٗ)

نیلے تاگے کے اکتالیس (41) تار عورت کے قد کے برابر لمبے لے کر اُس پر سورۃ الحمد مع بسم اللہ اکتالیس (41) بار پڑھے اور ہر دفعہ اس تاگے پر دم کر کے ایک (1) گرہ لگاتا رہے۔ حمل کے زمانہ میں ماں کے پیٹ پر اس گنڈے کو باندھ دے اور بعد پیدا ہونے کے بچّے کے گلے میں ڈال دے اور اگر حمل کے وقت نہ باندھ سکے تو بچّے ہی کے گلے میں ڈالنے سے بھی ان شاء اللہ تعالیٰ وہی فائدہ ہوگا۔

گنڈہ برائے آسیب زدہ

گیارہ (11) تار نیلا یا سیاہ سوت کچا ڈیڑھ گز لمبا لے کر اکتالیس (41) بار آیت ذیل پڑھیں اور ہر دفعہ گرہ لگا کر اس کے اندر دم کر کے بند کر دیں۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ. اِنَّهُمْ يَكِيْدُوْنَ كَيْدًا. وَّاَكِيْدُ كَيْدًا. فَمَهِّلِ الْكٰفِرِيْنَ اَمْهِلْهُمْ رُوَيْدًا

گنڈہ برائے حفاظت حمل

گیارہ (11) تار نیلا یا سیاہ سوت ڈیڑھ گز لمبا لے کر سورۂ یٰسین پوری پڑھیں اور ہر مبین پر ایک گرہ (1) لگا کر دم کر دیں۔ پھر اس کو حاملہ کے پیٹ پر باندھ دیں (کل سات (7) گرہ ہوں گی)۔ حمل اسقاط سے محفوظ رہے گا، ان شاء اللہ تعالیٰ۔

گنڈہ برائے سہولت دندان

سات (7) تار کا بارہ (12) گرہ لمبا کچا سوت نیلا یا سیاہ لے کر سورۃ اِذَا زُلْزِلَتِ الْاَرْضُ زِلْزَالَهَا وَاَخْرَجَتِ الْاَرْضُ اَثْقَالَهَا وَقَالَ الْاِنْسَانُ مَا لَهَا. يَوْمَئِذٍ تُحَدِّثُ اَخْبَارَهَا. بِاَنَّ رَبَّكَ اَوْحٰى لَهَا. يَوْمَئِذٍ يَّصْدُرُ النَّاسُ اَشْتَاتًا لِّيُرَوْا اَعْمَالَهُمْ. فَمَنْ يَّعْمَلْ مِثْقَالَ ذَرَّةٍ خَيْرًا يَّرَهٗ. وَمَنْ يَّعْمَلْ مِثْقَالَ ذَرَّةٍ شَرًّا يَّرَهٗ سات (7) بار پڑھیں اور ہر دفعہ گرہ لگا کر حسب معمول دم کر دیں۔ پھر ہر گرہ پر جدھر ختم کر کے گرہ لگائی ہے، اُس کے اوپر سے اِذَا السَّمَآءُ انْشَقَّتْ وَاَذِنَتْ لِرَبِّهَا وَحُقَّتْ وَاِذَا الْاَرْضُ مُدَّتْ وَاَلْقَتْ مَا فِيْهَا وَتَخَلَّتْ ایک ایک (1،1) بار دم کرتے چلے جائیں۔ پھر ایک ایک (1،1) بار اس طرف سے جہاں اب ختم کیا ہے قُلْ هُوَ اللّٰهُ اَحَدٌ. اَللّٰهُ الصَّمَدُ. لَمْ يَلِدْ وَلَمْ يُوْلَدْ وَلَمْ يَكُنْ لَّهٗ كُفُوًا اَحَدٌ دم کرتے ہوئے چلے آئیں۔

گنڈہ برائے چیچک

ایک (1) نیلا گنڈا سات (7) تار کے کر اس پر سورۃ اَلرَّحْمٰنُ جو ستائیسویں پارہ کے آدھے پر ہے، پڑھے اور جب یہ آیۃ آیا کرے فَبِاَيِّ اٰلَآءِ (الخ) اس پر دم کر کے ایک (1) گرہ لگا دے۔ سورۃ کے ختم ہونے تک اکتیس (31) گرہیں ہو جائیں گی۔ پھر وہ گنڈہ بچّے کے گلے میں ڈال دے۔ اگر چیچک سے پہلے ڈال دیں تو ان شاء اللہ چیچک سے حفاظت رہے گی اور اگر چیچک نکلنے کے بعد ڈالیں تو زیادہ تکلیف نہ ہوگی۔

گنڈہ برائے بواسیر خونی

کچا سوت سرخ رنگ ڈیڑھ گز لمبا اکیس (21) تار لے کر سورۃ تَبَّتْ يَدَا اَبِيْ لَهَبٍ پوری اکیس (21) بار پڑھ کر گرہ لگاتا اور دم کرتا رہے۔ پھر الٹی طرف سے ہر گرہ پر لَآ اِلٰهَ اِلَّآ اَنْتَ سُبْحٰنَكَ اِنِّيْ كُنْتُ مِنَ الظّٰلِمِيْنَ. رَبِّ اَنِّيْ مَسَّنِيَ الضُّرُّ وَاَنْتَ اَرْحَمُ الرّٰحِمِيْنَ ایک (1) بار دم کر دے۔ پھر سیدھی طرف سے ایک (1) بار ہر گرہ پر وَقِيْلَ يٰۤاَرْضُ ابْلَعِيْ مَآءَكِ وَيٰسَمَآءُ اَقْلِعِيْ وَغِيْضَ الْمَآءُ وَقُضِيَ الْاَمْرُ وَاسْتَوَتْ عَلَى الْجُوْدِيِّ وَقِيْلَ بُعْدًا لِّلْقَوْمِ الظّٰلِمِيْنَ دم کرتا چلا جائے اور بواسیر والے کی کمر پر باندھ دیا جائے۔ باذن اللہ بہت جلد آرام ہو جاوے گا۔

مجرب قرآنی اعمال

حضرت مولانا امان اللہ صاحب رحمہ اللہ (میلسی)

حب

وَأَلْقَيْتُ عَلَيْكَ مَحَبَّةً مِّنِّي ۚ وَلِتُصْنَعَ عَلَىٰ عَيْنِي ﴿٣٩﴾

(طه:٣٩) پہلی رات پانچ تسبیح (500) پڑھ کر گڑ پر دم کرے۔ اسی طریق پر پانچ (5) رات پانچ (5) تسبیح پڑھ کر گڑ پر دم کرے اور محبوب کو کھلا دے۔ اگر حیوان کو بھی کھلا دے تو وہ بھی چوے اور ایک دفعہ دیکھے بغیر صبر نہ کرے۔

حب

سورہ کوثر اکتالیس (41) بار پڑھ کر شیرینی پر دم کر کے کھلا دے۔

وظیفہ سورۃ والضحیٰ

حضرت لاہوریؒ فرماتے ہیں جو شخص ہر روز اس سورۃ کو ایک سو (100) بار پڑھے، فتوحات کے دروازے کھلیں گے۔

برائے آسانی ولادت

مندرجہ ذیل آیت کسی میٹھی چیز پر تین (3) بار دم کر کے کھلا دیں۔ فوراً وضع حمل ہوگا۔

إِذَا السَّمَاءُ انشَقَّتْ ﴿١﴾ وَأَذِنَتْ لِرَبِّهَا وَحُقَّتْ ﴿٢﴾ وَإِذَا الْأَرْضُ مُدَّتْ ﴿٣﴾ وَأَلْقَتْ مَا فِيهَا وَتَخَلَّتْ ﴿٤﴾ وَأَذِنَتْ لِرَبِّهَا وَحُقَّتْ ﴿٥﴾ (الانشقاق:١-٥)

مرگی کے لیے

جس شخص کو مرگی کا مرض ہو تو ان آیات کو لکھ کر موم جامہ کر کے گلے میں ڈالیں۔ ان شاء اللہ شفاء ہوگی۔

بِسْمِ اللَّهِ الرَّحْمَٰنِ الرَّحِيمِ. رَبِّ أَنِّي مَسَّنِيَ الشَّيْطَانُ بِنُصْبٍ وَعَذَابٍ. رَبِّ أَنِّي مَسَّنِيَ الضُّرُّ وَأَنتَ أَرْحَمُ الرَّاحِمِينَ. رَبِّ أَعُوذُ بِكَ مِنْ هَمَزَاتِ الشَّيَاطِينِ وَأَعُوذُ بِكَ رَبِّ أَن يَحْضُرُونِ.

برائے بخار ہر قسم

يَا نَارُ كُونِي بَرْدًا وَسَلَامًا عَلَىٰ إِبْرَاهِيمَ. فَاللَّهُ خَيْرٌ حَافِظًا وَهُوَ أَرْحَمُ الرَّاحِمِينَ. وَمَا أَرْسَلْنَاكَ إِلَّا رَحْمَةً لِّلْعَالَمِينَ.

آیاتِ شفاء

ہر قسم کی بیماری کے لیے چینی کی طشتری پر زعفران سے لکھ کر پلائیں۔

وَيَشْفِ صُدُورَ قَوْمٍ مُّؤْمِنِينَ. وَإِذَا مَرِضْتُ فَهُوَ يَشْفِينِ. قُلْ هُوَ لِلَّذِينَ آمَنُوا هُدًى وَشِفَاءٌ. وَنُنَزِّلُ مِنَ الْقُرْآنِ مَا هُوَ شِفَاءٌ وَرَحْمَةٌ لِّلْمُؤْمِنِينَ. وَشِفَاءٌ لِّمَا فِي الصُّدُورِ. يَخْرُجُ مِن بُطُونِهَا شَرَابٌ مُّخْتَلِفٌ أَلْوَانُهُ فِيهِ شِفَاءٌ لِّلنَّاسِ.

جانور دودھ نہ دے یا دودھ میں خون / پیپ آئے

جب جانور دودھ نہ دے یا بجائے دودھ کے خون یا پیپ دے تو یہ آیت لکھ کر گلے میں ڈالے:

وَإِنَّ لَكُمْ فِي الْأَنْعَامِ لَعِبْرَةً ۖ نُّسْقِيكُم مِّمَّا فِي بُطُونِهِ مِن بَيْنِ فَرْثٍ وَدَمٍ لَّبَنًا خَالِصًا سَائِغًا لِّلشَّارِبِينَ ﴿٦٦﴾

(النحل:٦٦)

سانپ وبچھو سے حفاظت

آیت کریمہ تین (3) دفعہ پڑھ کر سینہ پر دم کرے۔ سانپ بچھو کے کاٹنے سے محفوظ رہے گا، ان شاء اللہ العزیز۔

برائے بندش پیشاب حیوان وانسان

مندرجہ ذیل آیت کو دو کاغذوں پر لکھے۔ ایک پلائے اور دوسرا گلے میں ڈالے۔ ان شاء اللہ، پیشاب کھل جائے گا۔ وہ آیت یہ ہے:

لَوْ أَنزَلْنَا هَٰذَا الْقُرْآنَ عَلَىٰ جَبَلٍ لَّرَأَيْتَهُ خَاشِعًا مُّتَصَدِّعًا مِّنْ خَشْيَةِ اللَّهِ ۚ وَتِلْكَ الْأَمْثَالُ نَضْرِبُهَا لِلنَّاسِ لَعَلَّهُمْ يَتَفَكَّرُونَ ﴿٢١﴾ (الحشر:٢١)

نئی آمدہ نایاب (فوٹوکاپی) کتب طب و کیمیاء پیش خدمت ہیں

(1) آنکھ (امراض اور علاج)

مصنف: حکیم قاری محمد یونس چشتی مجددی

آنکھ کی تفصیل اور اس کے تمام جملہ امراض کا مکمل علاج۔ صفحات: 153

اشاعت راولپنڈی 1976ء

قیمت: 750 روپے

(2) ایک زندہ انسان (فقیری خزانہ)

مصنف: الحاج حکیم کالا خان ذاکر

امراض کی تفصیل، علاج اور تجربات۔

صفحات: 162

اشاعت ایبٹ آباد

قیمت: 650 روپے

(3) ایک آخری علاج

مصنف: حکیم الحاج کالا خان ذاکر

فقیری طریقہ علاج مختصر نسخے۔

صفحات: 188

اشاعت ایبٹ آباد

قیمت: 650 روپے

(4) بیاض کیمیا جمیل شکاری

مصنف: جمیل شکاری مرحوم (قلمی کتاب)

علم کیمیا و اکاسیر کے کامیاب فارمولے۔

صفحات چہارم: 235 قیمت: 1200 روپے

صفحات پنجم 179، قیمت: 1200 روپے

صفحات ششم 344، قیمت: 1200 روپے

(5) بیاض وحیدی

مصنف: حکیم عبدالوحید طاہر (قلمی کتاب)

معمولات مطب نسخہ جات کا وہ قیمتی خزانہ جسے کسی آنکھ نے پہلے کبھی دیکھا ہوگا۔

صفحات: 242 خوشخط کتابت

قیمت: 1750 روپے

(6) بیاض کیمیا محمد بخش زرگر

مصنف: محمد بخش زرگر خانپوری

علم کیمیا و اکاسیر کی ذاتی قلمی ڈائری۔

صفحات: 144

قلمی کتاب 1959ء

قیمت: 1200 روپے

(7) خفیہ حکیم

مصنف: حکیم غلام قادر نقشبندی مجددی

مردوں اور عورتوں کے پوشیدہ امراض اور ان کے اکسیر اعظم نسخہ جات۔ صفحات: 70۔

اشاعت لالہ لچھمن داس لاہور 1914ء

قیمت: 450 روپے

(8) مجربات اطباء

مصنف: زبدۃ الحکماء حکیم نور احمد

نامی گرامی اطبائے کرام کے بے مثال مجربات کا ذخیرہ۔

صفحات: 217، اشاعت لاہور 1987ء

قیمت: 450 روپے

(9) طبی مجربات جمیل شکاری

مصنف: جمیل شکاری مرحوم

قلمی کتاب

جملہ امراض کے کامیاب نسخہ جات کا مجموعہ، چند صفحات درمیان سے کم ہیں۔

صفحات: 437

قیمت: 1750 روپے

(10) موٹاپے سے نجات

مصنف: ڈاکٹر رسول خان گل

جسم کو متناسب رکھیے، وزن کم کرنے اور موٹاپے سے نجات کے لیے ہدایات، ورزشیں، خوراک اور علاج۔

صفحات: 53، اشاعت لاہور

قیمت: 280 روپے

(11) کتاب العمدہ فی الجراحت (اول، دوم)

امین الدولہ ابوالفرج ابن القف مسیحی

صفحات اول: 298

اشاعت نئی دہلی انڈیا

صفحات دوم: 356

اشاعت نئی دہلی انڈیا

قیمت حصہ اول: 1200

قیمت حصہ دوم: 1200

(12) ماڈرن طبی فارماکوپیا

حکیم محمد اسماعیل طبیب حاذق رحیم یار خان

طبی دنیا میں ہلچل مچا دینے والی ڈاکٹری، طبی، ہومیوپیتھی، ویدک کے تجرباتی کامیاب نسخہ جات کے لیے بے مثل، لاجواب کتاب۔

صفحات: 576، اشاعت رحیم یار خان

قیمت: 1250 روپے

(13) طبی شاہکار (حصہ اول)

حکیم محمد اسماعیل طبیب حاذق، رحیم یار خان

ڈاکٹری، یونانی، پیٹنٹ ادویہ، ہومیوپیتھک اور بائیوکیمک علاج کے صدری و اکسیری مجربات کا نادر ذخیرہ۔

صفحات: 680

اشاعت رحیم یار خان

قیمت: 1750 روپے

(14) طبی شاہکار (حصہ دوم)

حکیم محمد اسماعیل طبیب حاذق، رحیم یار خان

ڈاکٹری، یونانی، پیٹنٹ ادویہ، ہومیوپیتھک اور بائیوکیمک علاج کے صدری و اکسیری مجربات کا نادر ذخیرہ۔

صفحات: 560

اشاعت رحیم یار خان

قیمت: 1200 روپے

(15) حسن الاکاسیر والطب

مصنف: حکیم ظفر اقبال سعید یوسف چشتی

کیمیا، اکاسیر مجرب نسخہ جات، عام امراض کے خاص نسخہ جات اور طلاء و دیگر عام اور پیچیدہ امراض کا علاج۔

صفحات: 210

قلمی کتاب انتہائی خوشخط

قیمت: 400 روپے

(16) علم سموم

مصنف: حکیم ڈاکٹر حماد عثمانی، انڈیا

نباتاتی، حیوانی اور کیمیاوی زہروں کی تفصیل، تشخیص، نقصانات اور ان کے معالجے پر ایک نایاب کتاب۔

صفحات: 205

اشاعت الہ آباد، انڈیا 1980ء

قیمت: 1350 روپے

جادو، آسیب، نظرِ بد سے نجات کے مجرب اعمال

پیر صوفی غلام سرور شباب صاحب مدظلہ (حویلی لکھا)

سحر جادو ٹونہ اور کالے علم کے بطلان کا ایک آسان طریقہ

سحر جادو ٹونہ اور کالے علم کے بطلان کا ایک آسان طریقہ یہ بھی ہے کہ اسم مبارک "جَلّ جَلَیْوُتُ" کو بدھ کے روز نمازِ ظہر و عصر کے دوران مشک و زعفران کی روشنائی سے تحریر کریں اور ایسے دو (2) عدد تعویذ تیار کرکے ایک مریض کے گلے میں ڈال دیں اور ایک عرق گلاب میں ڈال کر ہفتہ عشرہ پینے کو دیں۔ بحکم خدا، جادو ٹونے کا ستایا ہوا مریض بھی صحت یاب ہو جائے گا۔

ہر قسم کے جادو کا توڑ

اگر کسی پر جادو یا کالے علم کا اثر ہو یا دشمن سے ایسا ہونے کا خطرہ ہو یا کاروبار بند کیا گیا ہو تو اس کا علاج یہ ہے کہ گندم کے سات (7) دانے لے کر اول و آخر گیارہ گیارہ (11،11) مرتبہ درود شریف اور ہر دانے پر تین (3) مرتبہ سورۂ یٰسین شریف مکمل پڑھ کر دم کرکے اپنے پاس رکھیں یا کپڑے میں لپیٹ کر دکان میں لٹکائیں۔ ان شاء اللہ ہر قسم کے جادو کے اثرات سے محفوظ رہیں گے۔

گھر سے دفن شدہ جادو، تعویذات اور دفینہ معلوم کرنا

گھر میں دفن شدہ جادو، تعویذات یا دفینہ معلوم کرنے کا بہترین عمل ہے۔ طریقہ یہ ہے کہ حسب ضرورت رائی لے کر اسے اپنے سامنے رکھیں۔ اور پہلے گیارہ (11) مرتبہ درود شریف پڑھیں۔ پھر مندرجہ ذیل آیت مبارکہ ایک (1) تسبیح پڑھیں، پھر گیارہ (11) مرتبہ درود شریف پڑھیں اور رائی پر دَم کردیں۔ پھر اس رائی کو اُس مکان، گھر یا جگہ جہاں جادو، تعویذات یا دفینہ کا شک ہو، بکھیر دیں یہ کام عصر کے وقت، مغرب سے پہلے کریں۔ صبح اُٹھ کر رائی کی حالت دیکھیں یا تو رائی اُسی حالت میں ہوگی، جیسے آپ نے بکھیری تھی یا پھر رائی کسی ایک جگہ پر آپ کو اکٹھی جمع ملے گی۔ پس جس جگہ رائی جمع ملے، اسی جگہ جادو، تعویذات دفن ہوں گے۔ وہاں سے زمین کھود کر دیکھیں۔ آپ کو دفن شدہ جادو تعویذات ملیں گے۔ نکال کر سورۂ فلق و الناس پڑھ کر دم کرکے جاری پانی میں بہا دیں۔ پڑھنے والا عمل یہ ہے:

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ. عِنْدَهٗ مَفَاتِحُ الْغَيْبِ لَا يَعْلَمُهَآ اِلَّا هُوَ. (الانعام:۵۹)

نظرِ بد ختم کرنے کا طلسماتی عمل

سفید رنگ کا پیاز کاٹ کر خشک کرلیں۔ پیاز چند دنوں میں خشک ہو جائے گا۔ پھر اس میں سے تھوڑا سا لے کر سبز رنگ کے کپڑے میں باندھ کر جسے نظرِ بد لگی ہو، وہ اپنی جیب میں رکھے تو نظرِ بد کے اثرات ختم ہو جائیں گے۔ اگر گھر میں دفن کردیں تو گھر میں کسی کو نظرِ بد نہیں لگے گی۔

آسیبی مریض کا علاج

کسی بھی آسیبی مریض کے لیے مندرجہ ذیل نقش مربع لکھ کر اس کے گلے میں ڈال دیں۔ اور نقش مثلث روزانہ پینے کو دیں تاکہ وہ پانی میں گھول کر کم از کم ایک ہفتہ عشرہ تک پیتا رہے۔ ان شاء اللہ آسیبی اثرات ختم ہو جائیں گے۔ دونوں نقوش یہ ہیں:

۷۸۶

۲۴۹	۲۵۲	۲۵۵	۲۴۲
۲۵۴	۲۴۳	۲۴۸	۲۵۳
۲۴۴	۲۵۷	۲۵۰	۲۴۷
۲۵۱	۲۴۶	۲۴۵	۲۵۶

اور نقش مثلث یہ ہے:

۷۸۶

۳۳۶	۳۲۸	۳۳۴
۳۳۰	۳۳۳	۳۳۵
۳۳۲	۳۳۷	۳۳۲۹

دفع سحر وجنات وغیرہ

اگر کوئی شخص حرف 'قاف' کا مربع لکھ کر اسے عود عنبر کا بخور دے کر جس گھر میں آویزاں کر دے تو وہ گھر سحر اور جنات کے شر سے محفوظ رہے گا۔ ہمارے مجربات میں سے یہ طریقہ اس طرح ہے کہ ہم حرف 'ق' کو ایک سو (100) مرتبہ لکھ کر سحری و آسیبی اثرات والے گھر میں آویزاں کرا دیتے ہیں تو وہ گھر سحر جادو اور آسیب وجنات سے محفوظ ہو جاتا ہے۔ سحر جادو ٹونہ سے تحفظ اور کالے علم، سفلی علم کے بد اثرات سے مکمل نجات اور تحفظ کے لیے ہماری کتب "دہ سحر حصہ اول، دوم، سوم" کا مطالعہ فرمائیں۔ جبکہ ہر قسم کے آسیب، ارواح خبیثہ اور جنات کے اثرات سے تحفظ اور آسیب زدہ مریضوں کے مکمل علاج کے لیے ہماری تصنیف "آسیبی قوتوں سے نجات" کا مطالعہ فرمائیں۔

سحر زدہ مریض کا علاج

مندرجہ ذیل طلسمات کو سحر زدہ مریض کے فصد کے خون سے مریض کے پہنے ہوئے کپڑے پر زحل یا مریخ کی ساعت میں ہفتہ یا منگل کے روز دوپہر کے وقت لکھیں۔ اور اسی وقت اس کپڑے کو کسی کہنہ اور بوسیدہ قبر میں دفن کر دیں۔ سخت سے سخت جادو بھی باطل ہو جائے گا۔ طلسمات یہ ہے:

برتاسا یوساس. عطاسا. یعوسا. للحقا. دھو یعوسا

برتاسا یوساس. عطاسا.

جادو اور نظر بد کا طلسمی علاج

سب سے پہلے سات (7) عدد میٹھی روٹیاں پکا کر سیدھے ہاتھ پر رکھ کر ان روٹیوں پر مندرجہ ذیل اسماء پڑھ کر مغرب یا عشاء کے بعد کسی ویران جگہ یا قبرستان میں یا کسی ویران چوراستہ میں رکھ کر واپس گھر آ جائیں۔ اور پیچھے مڑ کر ہرگز نہ دیکھیں۔ جادو اور نظر بد کے اثرات ختم ہو جائیں گے۔ اسماء یہ ہیں: یَا کَبِیْرُ ۱۰۰ مرتبہ۔ یَا رَؤُفُ ۱۰۰ مرتبہ۔ یَا نَافِعُ ۱۰۰ مرتبہ۔

برائے دفع سحر جادو

سحر جادو کے رد کرنے کے لیے ذیل کے طلسمات کو ہرن کی جھلی پر یا بھوج پتر پر زعفران، عرق گلاب کی روشنائی سے لکھ کر سحر زدہ کے گلے میں ڈال دیں۔ ان شاء اللہ شفایاب ہو جائے گا۔ طلسمات یہ ہیں:

امولحد. وموورلویم. روعرلد. وھم. سوقارا. لدیك. وانا جران شادولاب. جوماع. تاعوج. طواماك. رقا كنحاب. هت. شوام هام.

آسیب دفع کرنے کے لیے طلسماتی روغن

مندرجہ ذیل روغن آسیب زدہ مریض کے لیے طلسماتی اور کراماتی ہے۔ اس روغن کا نسخہ یہ ہے:

چینگ ایک حصہ۔ تخم اسپند دو حصہ۔ سداب دو حصہ۔ حنظل یعنی تماں دو حصہ۔ پوست انار دو حصہ۔ ان تمام ادویات کو کوٹ کر سرکہ انگوری میں خوب اچھی طرح گوندھیں۔ اور کسی شیشی میں ڈال کر چالیس (40) روز تک نمناک زمین میں دفن کر دیں۔ پھر نکال کر اس مواد میں لہسن کا پانی شامل کریں اور سب کو یک جان کر کے خوب باریک پیس لیں، یہاں تک کہ تمام ادویات کا ایک سیال سا روغن تیار ہو جائے۔ اس روغن کو محفوظ کر لیں۔ جب آسیب زدہ مریض کا علاج کرنا ہو تو اس روغن کے چند قطرے مریض کی ناک میں ٹپکا دیں۔ اور قدرے اس کے جسم پر مالش کریں۔ اس طرح تھوڑا سا روغن کاغذ پر لگا کر مریض ناک میں اس کی دھونی دیں۔

اس طلسماتی اور کراماتی روغن کی تاثیر یہ ہے کہ مریض پر اس روغن کے استعمال کو ایک پل بھی نہیں گزرتا کہ اس پر مسلط آسیب وجنات اس کے جسم سے نکل جاتا ہے۔ اور دوبارہ زندگی بھر اس کی طرف کبھی بھی آنے کی جرات نہیں کرتا۔

یہ جادو کس طرح کا ہے؟

علوی، سفلی، جناتی یا بذریعہ کالا علم

حضرت مولانا حسن الہاشمی رحمۃ اللہ

جب کسی اصول کے ذریعہ یہ معلوم ہو جائے کہ فلاں شخص پر سحر کرایا گیا ہے تو یہ دیکھنے کے لیے کہ سحر کس قسم کا ہے؟ سب سے پہلے مریض کے اعداد لیں۔ پھر اس کے ماں باپ دونوں کے اعداد اس میں جمع کریں۔ پھر اس میں ۶۷۳ جمع کریں۔ جس دن آپ یہ معلومات چاہتے ہوں، اس دن کے اعداد، انگریزی تاریخ، عدد ماہ اور مجموعی سن کے اعداد جمع کریں اور جس ساعت میں آپ سوال کر رہے ہوں، اس ساعت کے اعداد جمع کریں۔ اس مجموعے کو ۴ سے تقسیم کر دیں۔ اگر ایک باقی رہے تو علوی سحر ہے۔ اگر ۲ باقی رہے تو سفلی سحر ہے۔ اگر ۳ باقی رہے تو جناتی سحر ہے، اور اگر صفر بچے تو جادو کالے علم کے ذریعے چڑھایا گیا ہے۔

مثال اگر آپ کو زید کے بارے، جس پر سحر ثابت ہے، جو بیٹا حارثہ اور خالد کا ہے، یہ دیکھنا ہے کہ کس طرح کا سحر کیا گیا ہے۔ یہ معلومات آپ جمعہ کے دن ۴ جون ۱۹۹۷ء کو زہرہ کی ساعت میں حاصل کرنا چاہتے ہیں تو اس طرح دیکھیں گے۔

اعداد	زید	۲۱
اعداد	حارثہ	۷۱۴
اعداد	خالد	۶۳۵
اعداد	اعداد قانون	۶۷۳
اعداد	تاریخ	۴
اعداد	ماہ	۶
اعداد	سن	۱۹۹۷
اعداد	ساعت زہرہ	۲۱۷
اعداد	ٹوٹل	۴۲۶۷

۴۲۶۷ کو ۴ سے تقسیم کیا۔ ۳ باقی رہنے کا مطلب یہ ہے کہ زید پر بذریعہ جنات سحر کرایا گیا ہے۔

دشمنی کو دوستی میں بدلیں

اگر دو شخص میں عداوت ہو یا دشمنی دوستی میں بدلنا چاہتے ہوں یا زن و شوہر میں اختلاف رہتا ہو یعنی جائز محبت کے لیے سورۂ الحمد للہ والضالین تک گیارہ (11) بار پڑھ کر شیرینی پر کھلا دیں۔ بہت زود اثر ہے۔

کسی دوا سے فائدہ نہ ہونے والے مرض سے شفاء

اگر بے حد کسی مرض کا حملہ ہے، کسی دوا سے فائدہ نہیں ہو رہا ہے تو پیپل کے گیارہ (11) عدد پتہ لا کر مریض کے سر پر رکھ دیں اور قل یا ایہا الکافرون، قل ھو اللہ، قل اعوذ برب الناس، قل اعوذ برب الفلق یعنی چاروں قل ایک ایک دفعہ پڑھ کر پتہ پر پھونک دیں۔ اور سر سے پتہ ہٹا کر جلا دیں۔ یہ ترکیب مسلسل گیارہ (11) دن کریں۔ ان شاء اللہ تعالیٰ، صحت آ جائے گی۔

معذرت نامہ

ماہنامہ خزینہ روحانیات کے گزشتہ شمارہ اگست کے صفحہ نمبر 39 پر جو تسخیر کا عمل دیا گیا ہے۔ یہ تثلیث زہرہ مشتری کا عمل ہے۔ غلطی سے تربیع شمس و مشتری تحریر ہو گیا اور تاریخ بھی تربیع شمس و مشتری کی لکھ دی گئی۔ جبکہ تثلیث زہرہ مشتری کی ابتداء 17 اگست اور تکمیل 18 اگست اور اختتام 19 اگست تھا۔ ادارہ اس غلطی پر بے حد معذرت خواہ ہے۔ اور جس قاری نے اس غلطی کی نشاندہی کی ہے ان کا بھی بے حد مشکور ہے۔ تمام قارئین سے گذارش ہے کہ ماہنامہ خزینہ روحانیات میں شائع ہونے والی کسی بھی غلطی کی بروقت نشاندہی فرما دیا کریں تا کہ قارئین کو صحیح معلومات مل سکے۔

(ادارہ)

القریب

ناگی بی۔اے (لاہور)

اللہ تعالیٰ کی قربت کے لئے اس کا ذکر کرنا چاہیے

قرآن کریم میں یہ نام کئی جگہ استعمال ہوا ہے۔ تفسیر خازن میں حضرت ابن عباسؓ سے بیان کیا گیا کہ یہود مدینہ نے یہ سوال کیا تھا کہ خدا تو عرش پر ہے اور عرش وفرش کے درمیان اتنے آسمانوں کی دوری حائل ہے۔ پھر خدا ہماری کیوں کر سنتا ہے؟ اس پر اللہ تعالیٰ نے یہ جواب نازل فرمایا۔ ایک صحیح حدیث میں یہ اسم مبارک آیا ہے۔ صحیحین میں ابوموسیٰ اشعریؓ سے روایت ہے کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم غزوہ خیبر کو تشریف لے جا رہے تھے۔ لوگوں نے ایک وادی میں چڑھتے ہوئے اللہ اکبر لا الہ الا اللہ کی تکبیر زور سے لگائی۔ جب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اے لوگو! اپنی جانوں پر نرمی کرو۔ تم کسی بہرے (گراں گوش) کو یا غائب کو نہیں پکار رہے ہو۔ تم تو سمیع وبصیر وقریب کو پکار رہے ہو۔''

آپ نے غور فرمایا کہ حدیث صحیح میں قریب کے ساتھ سمیع وبصیر کے اسمائے گرامی کا ذکر کیا گیا ہے۔ تمام قرآن کریم اور احادیث پاک میں انہی دونوں التزامات کے ساتھ اس اسم مبارک کا استعمال ہوا ہے۔ اس سے یہ اندازہ ہوتا ہے کہ اس اسم مبارک سے انسانوں کی ایک بہت بڑی غلط فہمی کو دور کیا گیا ہے جو عموماً تمام دنیا میں شرک کا سبب بنتی رہی۔ وہ غلط فہمی یہ ہے کہ لوگوں نے اللہ تعالیٰ کو بھی اپنے راجوں، مہاراجوں اور بادشاہوں پر قیاس کیا جو اپنی رعایا سے دور اپنے محلوں میں داد عیش دیا کرتے ہیں۔ جن کے دربار تک عام رعایا میں سے کسی کی رسائی نہیں ہو سکتی، جن کے حضور میں کوئی درخواست پہنچانی ہو تو مقربین بارگاہ میں سے کسی کا دامن تھامنا پڑتا ہے اور پھر اگر خوش قسمتی سے کسی کی درخواست ان کے آستانہ بلند پر پہنچ بھی جاتی ہے تو ان کا پندار خدائی یہ گوارا نہیں کرتا کہ خود اس کا جواب دیں بلکہ جواب دینے کا کام مقربین میں سے ہی کسی کے سپرد کر دیا جاتا ہے۔

اس اسم مبارک سے اس پورے طلسم کو توڑا گیا کہ اللہ قریب ہے، وہ ہر وقت تمہیں دیکھ رہا ہے اور تمہاری ہر بات سنتا ہے۔ وہ نہ تم سے دور ہے اور نہ تم اس سے دور ہو۔ مگر یہ فرق قدر ومنزلت کا ہے، زمان ومکان کا نہیں۔ ہر شخص اس سے سرگوشی کر سکتا ہے۔ خلوت اور جلوت...... دونوں میں، اعلانیہ بھی اور بصیغہ راز بھی اپنی عرضیوں کو خدا کے حضور پیش کر سکتا ہے یعنی اس سلطان کائنات کا دربار عام ہر شخص کے لئے کھلا ہے اور وہ ہر چیز کے قریب موجود ہے۔

فوائد: یہ اسم پاک جمالی ہے۔ جو کوئی غفلت میں پڑا ہو اور برائیوں میں مبتلا ہو اور چاہتا ہو کہ اللہ تعالیٰ اسے نیک کام کرنے کی توفیق عطا فرمائے اور برائیوں سے اسے نفرت ہو جائے تو وہ پاک صاف ہو کر باوضو حالت میں بکثرت اس اسم مبارک کا ذکر کرے۔ ان شاء اللہ، اسے اس مبارک اسم کی برکت سے سرور حاصل ہوگا۔ اس کا دل پاکیزہ خیالات سے منور ہو جائے گا۔ اللہ تعالیٰ اسے شرم وحیا اور ایمان کی سلامتی کی دولت سے مالا مال کرے گا۔ شیطان اس کے رستے کی دیوار نہ بنے گا۔ اس اسم مبارک کو کثرت سے پڑھنے والے کی توبہ اللہ تعالیٰ جلد قبول فرماتا ہے، وہ اس پر اپنی خاص نظر کرم فرماتا ہے۔ وہ مستجاب الدعوات ہو جاتا ہے۔ اللہ تعالیٰ اس کی ہر جائز دلی مراد کو پورا کرتا ہے۔

بقیہ (ص29) دولت غیب کے مجرب عملیات

الحمد کے سورۂ مزمل بیس (20) بار پڑھیں۔ یہ عمل متواتر چاند کی آخری تاریخ تک جاری رکھیں۔ بعدہٗ پھر ماہ قمری کے شروع کی تین (3) تاریخوں میں متذکرہ بالا طریق کے مطابق عمل پڑھیں۔ پھر چوتھے (4) دن سے ہر روز متذکرہ بالا ہر روز اکتالیس (41) بار سورہ مزمل شریف پڑھتے رہیں اور یہ سلسلہ بر رجاری رکھیں تازیست یا جب تک جی چاہے۔ ہر ماہ کے شروع کی تین تاریخوں میں پرہیز ترک جلالی وجمالی کرنا ہوگا یعنی سوائے جو کی روٹی بغیر نمک کی اور انگور اور بادام اور جو کے ستو، جس میں انگور کی شکر یعنی گلوکوز ڈال سکتے ہیں۔ اس عمل کے کرنے سے غیب سے روپیہ برابر ملتا رہے گا۔ یہ عمل خزانہ کی کنجی کا کام کرتا ہے۔ بے شمار روپیہ ملتا رہے گا۔ حضرت موصوف نے جب یہ عمل کیا تو تیسرے روز سے روپیہ آنا شروع ہو گیا تھا۔ میں نے خود یہ عمل کیا، بہت مؤثر پایا۔

دشمن پر غلبہ

سورۃ الفیل (پارہ ۳۰) مقابلہ دشمن کے وقت اس کو پڑھنے سے اس پر بفضلہ تعالیٰ غلبہ حاصل ہو۔

قبولیت دعا کے لئے

خالد مقبول صاحب حفظہ اللہ فرماتے ہیں کہ یہ عمل شیخ و مربی شیخ الحدیث حضرت مولانا مشرف علی تھانوی نور اللہ مرقدہ نے کئی سال قبل ارشاد فرمایا تھا۔ طریقہ یہ ہے کہ قرآن پاک میں چودہ (۱۴) آیات سجدہ ہیں۔ ان کو یاد کرلیا جائے۔ پھر ایک آیت پڑھ کر سجدہ کیا جائے۔ اسی طرح کل چودہ سجدے کیے جائیں گے۔ بعد از فراغت سجدہ، خشوع و خضوع سے دعا مانگیں۔ ان شاء اللہ تعالیٰ مقصد حاصل ہوگا۔ (یہ عمل روز کیا جائے جب تک مقصد پورا نہ ہو۔ خ)

دشمن پر غلبہ

سورۂ کوثر تنہائی میں تین سو (300) بار پڑھنے سے دشمنوں پر غلبہ حاصل ہو۔

دشمن کا خوف اور اس کی دوا

امام غزالیؒ فرماتے ہیں کہ جب تم کو دشمن کا خوف ہو تو اپنی مٹھی میں پاک مٹی لو اور اس پر سورۃ بروج تلاوت کرو اور ان پر مار دو تو وہ تیری طرف نگاہ بھی نہیں اٹھائیں گے اور تجھ پر کبھی بھی کامیابی حاصل نہ کرسکیں گے، ان شاء اللہ تعالیٰ۔

خوف اعداء سے حفاظت

سورۂ لایلاف پوری، اول و آخر درود سہ سہ (3،3) بار، ایک سو ایک (101) بار سورۃ روزانہ پڑھنا چاہئے۔ دشمن بال بیکا نہ کرسکے گا۔ اگر خدانخواستہ اتنا موقع نہ ملے تو یَاحَفِیْظُ پڑھتا رہے، دشمن سے مقابلہ اگر ہو جائے۔ اسی کو پڑھتا رہے۔ اور اگر مذکورہ بالا سورۃ کو معمول بنالے تو کیا کہنا، سبحان اللہ۔

جب کبھی بدھ کا دن ہو اور قمر برج عطارد یعنی جوزا یا سنبلہ میں ہو اور بحالت سعد ہو تو اس روز نابالغ لڑکی کے ہاتھ کا کاتا ہوا سوت کا دھاگہ لیں۔ غسل کریں۔ لباس پاک و صاف پہنیں اور عطر خوشبو لگائیں اور ایک علیحدہ مکان میں جہاں کوئی دوسرا نہ آئے، عمل شروع کریں۔ ایک انگیٹھی میں کوئلے سلگا کر پاس رکھ لیں اور لوبان اور صندل بورہ کو عرق گلاب و کیوڑہ میں تر کرکے آگ پر سلگا کر بخور روشن کریں۔ اس دھاگہ کو لے کر گیارہ (11) مرتبہ درود شریف پڑھیں اور سورۂ یاسین شروع کریں۔ جب مبین اول پر پہنچیں تو یہ عزیمت پڑھیں "بستم خواب وخور فلاں بن فلاں علیٰ حب فلاں بن فلاں"، پھر دھاگہ پر پھونک ماریں اور گرہ لگادیں۔ اب پھر اول سے سورۂ یاسین پڑھنی شروع کریں جب مبین دوم پر پہنچیں تو عزیمت پڑھ کر دھاگہ پر پھونکیں اور دوسری گرہ لگادیں۔ اب پھر اول سے سورۂ شریف پڑھنا شروع کریں اور جب مبین سوم پر پہنچیں تو عزیمت پڑھ کر دھاگہ میں تیسری گرہ لگائیں اور پھر اوّل سے سورۃ پڑھنی شروع کردیں اور اسی طرح ہر مبین پر پہنچ کر عزیمت پڑھ کر گرہ لگائیں اور ہر مبین کے بعد اول سے شروع کریں۔ گویا سورۃ شریف ہفت گردان پڑھ کر ساتوں مبینوں کی سات (7) گرہ لگا کر سورہ ختم کریں۔ آخر میں پھر گیارہ (11) دفعہ درود شریف پڑھ کر اس دھاگہ کو محفوظ کرلیں۔ دوران عمل صورت محبوب کا تصور اس قدر پیش نظر رکھیں کہ محبوب قدموں میں حاضر ہے۔ اب اس دھاگے کو در محبوب کی چوکھٹ یا اس کے مکان کے اندر یا اس کے دروازہ کے باہر یا آمدورفت کی جگہ گاڑ دیں۔ اگر خود نہ کرسکیں، کسی دوسرے سے استعمال کروالیں۔ پھر تماشہ دیکھیں کہ محبوب کو تمہارے بغیر چین نہ آئے گا۔ اس کی حالت ماہی بے آب کی طرح ہوگی۔ ان شاء اللہ تیر بہدف ثابت ہو گا۔ اس کے پڑھنے کا وقت بعد طلوع اوّل ساعت ہے۔

روحانی علاج گاہ کی مفت روحانی خدمات برائے ستمبر ۲۰۲۲

جادو کے ذریعے مسلط جنات و شیاطین سے نجات

جادو کی ایک قسم ہوتی ہے جس میں شیاطین اور شریر جنات کو مریض پر مسلط کیا جاتا ہے۔ اس جادو کا علاج عام جادو کے علاج سے مشکل ہوتا ہے۔ دو ہفتے پر مشتمل روحانی علاج سے ان شاء اللہ شفاء ہوگی۔ (چراغ والا علاج)

ہر جسمانی مرض سے نجات

ہر قسم کے جسمانی مرض سے نجات کے لیے پینے کا خاص تعویذ۔

بچوں کے امراض سے نجات

بچے کو نظر بد لگ جائے، والدہ کا دودھ نہ پئے، ہاتھ پاؤں اکڑ جائیں، دورے پڑیں یا ام الصبیان ہو روحانی تعویذات استعمال کرنے سے ان شاء اللہ ان سب امراض سے نجات ہوگی۔

زوجین میں محبت

زوجین (شوہر بیوی) میں کسی بھی وجہ سے اختلافات ہوں، ایک دوسرے سے نفرت ہو، محبت میں کمی ہو، ایک دوسرے کی بات نہ سننے کو تیار ہوں یا اس طرح کا کوئی بھی معاملہ ہو تو پلانے والے روحانی تعویذات سے فائدہ اٹھائیں۔ یہ تعویذات ان کے لیے ہیں جو ساتھ رہتے ہوں۔

رشتوں کے پیغام آئیں

اگر کسی لڑکی کے رشتوں کے پیغام ہی نہ آتے ہوں تو یہ خاص تعویذ منگوائیں اور عمل کریں۔ ان شاء اللہ، رشتوں کے پیغام آنا شروع ہو جائیں گے۔ اس بارے میں ضرور تسلی کر لی جائے کہ لڑکی پر کسی بھی قسم کے بد اثرات (نظر بد، جادو یا جنات) نہ ہوں ورنہ یہ تعویذ کام نہ کرے گا۔

کوئی فرد (بچہ یا بڑا) گم گیا ہو

اگر کوئی فرد (بچہ یا بڑا) کہیں گم گیا ہو تو کوئی خبر نہ آ رہی ہو تو گمشدہ کی واپسی کے لیے روحانی علاج منگوائیں۔ ان شاء اللہ گمشدہ واپس آئے گا۔

اختلاج قلب و گھبراہٹ

ایک سے دو ہفتے پر مشتمل خاص روحانی علاج۔ مریض کو روحانی آب شفاء دیا جاتا ہے جو دل کے امراض (اختلاج قلب اور گھبراہٹ) سے نجات کے لیے بہت مفید ہے۔

حمل کے قیام کے لیے

خاص دم شدہ روحانی آب شفاء جو ایام سے فراغت کے بعد مسلسل اکیس (21) یوم عورت کو پینا ہوتا ہے۔ یہ ایک کورس ہوا۔ اس بات کی تسلی کر لی جائے کہ زوجین طبی طور پر اولاد پیدا کرنے کے قابل ہوں۔

نوٹ: یہ تمام روحانی خدمات صرف ماہ ستمبر ۲۲ء کے لیے ہی ہیں۔ رسالے کے آخر میں دیا گیا کوپن پُر کر کے روحانی علاج منگوائیں۔ ایک فرد کے لیے ایک کوپن استعمال کریں۔ صرف صاحب معاملہ ہی رابطہ فرمائیں۔ نامکمل کوپن، ایک سے زائد افراد کے لیے یا پھر شرائط پر پورا نہ اترنے والوں کو روحانی علاج بھیجنے سے معذرت۔ تعویذات کی تعداد محدود ہوتی ہے۔ اس لیے ختم ہونے پر دوبارہ تیار نہیں کیے جاتے۔ مکمل شرائط پڑھ کر ہی روحانی علاج منگوائیں۔

شرائط کے لیے www.darulamal.org/ruhaniilajgah

روحانی علاج گاہ دارالعمل لاہور پاکستان
0342-7772772
0324-7772772 042-35410586
darulamal.org/ruhaniilajgah ruhaniilajgah@gmail.com
ruhaniilajgah | ruhaniilajgah96 | ruhaniilajgah

درود شریف کے خاص صیغے

مرتب: محمد عارف

ذیل میں درود شریف کے خاص صیغے درج کیے جارہے ہیں۔ ان کو کم از کم ایک (1) بار پڑھ کر ثواب دارین حاصل کریں۔ جو احباب خاص روحانی فائدہ اٹھانا چاہتے ہوں، وہ اپنے نام کے عدد کے برابر ہر درود کو پڑھیں۔

- اللهم صلِّ وسلم وبارك على سيدنا محمد صلاةً تنحل بها العقد، وتنفرج بها الكرب، وتقضى بها الحوائج وتنال بها الرغائب وحسن الخواتيم، صلاة في كل لمحة ونفس عدد كل معلوم لك يا الله يا حي يا قيوم۔
- اللهم صلِّ وسلم وبارك على سيدنا محمد النبي الأمي الرسول المختار، وعلى آله الأطهار وأصحابه الأخيار، وصلِّ وسلم وبارك على سيدنا محمد خاتم النبيين، وسيد المرسلين، وإمام المتقين، والمبعوث رحمة للعالمين۔
- اللهم صلِّ وسلم وبارك على سيدنا محمد شفيع الأمة، وكاشف الغمة، ومجلي الظلمة۔
- اللهم صلِّ وسلم وبارك على سيدنا محمد النعمة المسداة، والرحمة المهداة والسراج المنير، وصلِّ وسلم وبارك على سيدنا محمد صاحب الشفاعة الكبرى والوسيلة العظمى، والمكانة العالية۔
- اللهم صلِّ وسلم وبارك على سيدنا محمد صاحب الحوض المورود، والمقام المحمود، والمكان المشهود۔
- اللهم صلِّ وسلم وبارك على سيدنا محمد راكب البراق، وصاحب المعراج، ومخترق السبع الطباق۔
- اللهم صلِّ وسلم وبارك على سيدنا محمد من سلمت الأشجار والأحجار عليه، وتفجر الماء ونبع من بين أصبعيه، وعند فراقه حن الجذع إليه۔
- اللهم صلِّ وسلم وبارك على سيدنا محمد شجرة الأصل النورانية، ولمعة القبضة الرحمانية، وأفضل الخليقة الإنسانية وأشرف الصور الجسمانية، ومعدن الأسرار الربانية، وخزائن العلوم الاصطفائية۔
- اللهم صلِّ وسلم وبارك على سيدنا محمد الذي ملأت قلبه من جلالك، وعينه من جمالك، فأصبح فرحاً مسروراً، مؤيداً منصوراً، وعلى آله وسلم تسليماً والحمد لله على ذلك۔
- اللهم صلِّ وسلم وبارك على سيدنا محمد الكمال المطلق والجمال المحقق، عين أعيان الخلق ونور تجليات الحق۔
- اللهم صلِّ وسلم وبارك على سيدنا محمد حاء الرحمة وميم الملك ودال الدوام، السيد الكامل الفاتح الخاتم، عدد ما في علمك كائن أو قد كان، صلاة دائمة بدوامك باقية ببقائك لا منتهى لها دون علمك إنك على كل شيء قدير۔
- اللهم صلِّ وسلم وبارك على سيدنا محمد الدائم للخلق نوره، ورحمة للعالمين ظهوره، عدد من مضى من خلقك ومن بقي، ومن سعد منهم ومن شقي، صلاة تستغرق العد، وتحيط بالحد، صلاة لا غاية لها ولا منتهى ولا انقضاء، صلاة دائمة بدوامك۔
- اللهم صلِّ وسلم وبارك على سيدنا محمد واجعل نوره محيطاً بذاتي، وحارسي من جميع جهاتي، واجعله الدليل واجعله إمامي، حتى أجده أينما توجهت أمامي، وأعمر بنورك ونوره جميع جهاتي، في جميع حركاتي وسكناتي،

سایہ یا بیماری سے نجات

اگر کسی کو سایہ کا مرض ہو یا کوئی اور بیماری لاحق ہو تو ان دونوں نقوش کو سفید مرغ کے خون سے لکھ کر اور نقوش کی پشت پر ''اقسمت علیکم یا روقائیل'' لکھے اور دونوں نقش میں ایک نقش جو کہ بڑا نقش ہے، اس کو سات (7) کنوئیں کا پانی منگا کر سات (7) درختوں کا ایک ایک پتہ اس پانی میں ڈال کر آگ پر خوب جوش دیں پھر اس پانی میں اور پانی ملا کر غسل کرا دیں۔ جو دوسرا چھوٹا نقش ہے، اس کو غسل کے وقت داہنے پاؤں کے نیچے رکھ کر غسل کروا دیں۔ بعد بیمار پر ایک ہی چادر دے کر کوئلہ آگ پر رکھ کر اور پاؤں والا نقش اس آگ میں ڈال کر بیمار کو دھونی دیں۔ ان شاء اللہ تعالیٰ، تین روز ایسا کرنے پر بیمار شفا پائے گا۔ نقش یہ ہے:

نقش نمبر ۱

۳۰۹۱۷	۳۰۹۲۵	۳۰۹۱۹
۳۰۹۲۳	۳۰۹۲۰	۳۰۹۱۸
۳۰۹۲۱	۳۰۹۱۶	۳۰۹۲۴

نقش نمبر ۲

۱۴۳۴۳۵	۱۴۳۴۳۸	۱۴۳۴۴۱	۱۴۳۴۲۸
۱۴۳۴۴۰	۱۴۳۴۲۹	۱۴۳۴۳۴	۱۴۳۴۳۹
۱۴۳۴۳۰	۱۴۳۴۴۳	۱۴۳۴۳۶	۱۴۳۴۳۳
۱۴۳۴۳۷	۱۴۳۴۳۲	۱۴۳۴۳۱	۱۴۳۴۴۲

سایہ (جن یا بھوت) سے نجات

اگر کسی کو سایہ جن یا بھوت وغیرہ کا ہو، اس نقش کو لکھ کر کورہ سکورہ لے کر اس میں کڑوا تیل ڈال کے بیمار کے سرہانے جلا دے۔ دوسرا نقش لکھ کر اس کا فتیلہ بنا کر دھواں بیمار کے ناک میں دیں، سایہ بھاگ جاوے گا۔ نقش یہ ہے:

ای بحرمت بست و یک عین و یک چشم و بست و یک خبیث یکجا سوختم در میخی دور چراغ دیوان و پریاں و خبیث و جوگیاں و جوگی از داغ خبیث و چڑیلاں و پریاں و مسان جمیع شیاطین و جمیع عفاریت و آنچہ در وجود فلاں بن فلاں در ماندہ است زجر یدہ است در مخمس بہم میر ساند دریں طپیہ در انداز د دہد و اہوز د خاکستر گردد بحق موکلاں چہل و یک اسم و حادمان اسماء الحسنی و دیوان و دیوان تکان پریاں بحق سیمان ابن داؤد بحق آصف بن برخیا عبدالرحمن کوتواں و بحق قزون کوتوال الساعۃ الساعۃ العجل العجل العجل اوحا الوحا الوحا بحق عملیقا ملیقا طیقا انت تعلم ما فی قلوبہم نمرود شداد ہامان فرعون دقیانوس بر ملائکہ در وجود است سوختہ گردد۔

دوسرا نقش یہ ہے:

ابلیس	لعین	لعین	نمرود	لعین شداد	العین	ااوان	لعین
سوختہ	فرعون	بخت نصر	لعین	نصر لعین	عاد لعین	نمرود لعین	لعین اصحاب
ہامان	لعین	عملیقا	ملیقا	انت تعلم	فی قلوبہم	خلق	شیاطین
اجمعین اطہر	لعین شیطان	احضرو	احضرو	احضرو	احضرو	قاہم	سوختم
سوختہ	دیو	پری	چڑیل	حری	مری	مسان	بھوت
خاک حسن	گندم	پری	دیو	بھوت	سوختم	خاکستر	سوختم
لعین	لعین ابوجہل	سعیان	محرو سیل	رویان	در وجود	فلاں ابن	فلاں

مختلف قسم کی بندشوں سے نجات

مرتب: اراکین روحانی علاج گاہ

جادو اور بندش کے اثرات کا علاج

مندرجہ ذیل نقش پانچ (5) عدد زعفران اور عرق گلاب سے تیار شدہ روشنائی سے کسی سفید کاغذ پر تحریر کریں۔ ایک (1) نقش مریض کے گلے میں ڈال دیں اور باقی چار (4) نقوش مریض کو ایک (1) نقش ایک (1) ہفتہ پانی میں بھگو کر پلایا جائے۔ اس طرح چار (4) ہفتوں تک چار (4) نقوش پلائیں۔ ان شاء اللہ ہر قسم کے جادو اور بندش کے اثرات ختم ہو جائیں گے۔ نقش یہ ہے:

۷۸۶

م	ی	ل	ح
ح	ل	ی	م
ی	م	ح	ل
ل	ح	م	ی

اور نقش پُر کرنے کی رفتار یہ ہے:

۴	۳	۲	۱
۸	۷	۶	۵
۱۲	۱۱	۱۰	۹
۱۶	۱۵	۱۴	۱۳

ہر طرح کی بندش کھولنے کا عجیب عمل

ملازم حسین صاحب تحریر فرماتے ہیں کہ آج کل کے دور میں ہر انسان کسی نہ کسی مسئلے کا شکار ہے۔ لیکن عام لوگوں کا جو اہم مسئلہ ہے، وہ بندش کا ہے۔ اگر آپ کا کاروبار بند ہو، دکان بند ہو، گاہک نہ آتے ہوں، رشتوں کی بندش ہو یا رشتے آ کر واپس چلے جاتے ہوں، شادی نہ ہوتی ہو، اولاد کی بندش ہو تو آپ اس ترکیب کو آزمائیں۔ ان شاء اللہ نتیجہ آپ کی مرضی کے مطابق نکلے گا اور صرف تین (3) روز میں بندش ٹوٹ جائے گی۔ بندش خواہ سفلی ہو یا علوی یا کسی نے جنات کے ذریعے لگائی ہو، ان سب کے لیے یہ نقش کام دے گا۔ جس کا جی چاہے وہ تجربہ کر سکتا ہے۔

ترکیب: اس نقش کو کسی بھی وقت لکھ لیں۔ نقش کیلئے کوئی خاص وقت مقرر نہیں ہے۔ ایک (1) نقش روزانہ پانی میں گھول کر اس کا پانی بندش والی جگہ پر چھڑکیں۔ اگر دکان بند ہو تو دکان کے اندر تین (3) روز پانی کا چھڑکاؤ کریں۔ اگر رشتے نہ آتے ہوں تو یہ نقش لکھ کر پانی میں گھول کر اس کا پانی پورے گھر کے اندر چھڑکیں اور لڑکا لڑکی اس نقش سے تین (3) روز تک غسل بھی کریں۔

غسل کرنے کا طریقہ یوں ہے کہ کسی بالٹی یا ٹب میں نقش کو گھول لیں اور پھر اس پانی سے غسل کریں۔ اگر مرد / عورت بستہ ہوں تو وہ بھی تین (3) روز تک اس نقش سے غسل کریں۔ اگر جنات کسی کے اندر ہوں تو یہ نقش گھول کر پلا دیں۔ مجرب ہے۔

و	ع	ر	ف	ر	ک	ش	ل
ن	و	ع	ر	ف	ر	ک	ش
غ	ن	و	ع	ر	ف	ر	ک
ر	غ	ن	و	ع	ر	ف	ر
ق	ر	غ	ن	و	ع	ر	ف
ش	ق	ر	غ	ن	و	ع	ر
و	ش	ق	ر	غ	ن	و	ع
و	و	ش	ق	ر	غ	ن	و

لڑکی کے نکاح کی بندش ختم

دوپٹے کے چاروں کونوں پر لکھ کر آگے پیچھے کندھے پر (بقیہ ص 31)

سورئہ مزمل شریف
برائے عمل تسخیر جنات

حکیم پیر عبدالرؤف نظامی (رینالہ خورد)

سب سے پہلے عامل کے خیالات پاک صاف ہونے ضروری ہیں کہ عمل نیک مقصد کے لیے کیا جائے اور یہ کہ عامل حضرات ہمت اور راسخ عقیدہ کے مالک ہوں، صوم وصلوٰۃ کے پابند ہوں، اتباع شریعت میں پوری طرح ثابت قدم ہوں، کسی آزار کا مریض نہ ہو، جلدی ہراساں ہونے والا نہ ہو اور خاص طور پر دل کا مریض نہ ہو کیوں کہ ایسے کاموں میں ڈر اور خوف دل میں ذرا بھی پیدا نہیں ہونا چاہیے۔

عمل کا طریقہ: کسی تنہائی والے کمرے میں پاک جگہ پہ ٹاٹ یا مصلیٰ بچھایا جائے، پاک وصاف لباس زیب تن کیا جائے، خوشبو مثلاً عطر یا عود یا اگر بتی پڑھنے کے دوران سلگائی جائے۔

سورۂ مزمل شریف زبانی حفظ ہو تو اچھا ہے ورنہ ناظرہ بالکل درست تلفظ کے ساتھ پڑھنے کی مشق ضروری ہے۔ بعد نماز عشاء اپنے گرد حصار کرے، حصار کے بیچ یعنی گول دائرے میں بیٹھے۔ انگلی پہ دم کریں یا چھری پر دم کر کے اپنے گرد حصار کرے۔ دعائے دول اور دعائے رجعت تین (3) بار پڑھ کر اپنے اوپر بھی دم کرے۔

دل کو تمام خیالات سے پاک کر کے اول آخر درود شریف گیارہ (11) بار پڑھے۔ پھر سورہ مزمل شریف اکتالیس (41) بار پڑھے۔ اس طرح اکتالیس (41) دن کا چلہ کرے۔ عمل کے دوران کوئی انسان قریب نہ رہے۔ چالیسویں دن نہایت بھیانک شکلوں والے انسان قریب آئیں گے۔ ہر طرح سے ڈرانے کی کوشش کریں گے مگر عامل کو اس سے قطعی نہیں ڈرنا چاہیے، وہ کچھ نہ کر سکیں گے۔ البتہ خوف پیدا ہو گیا اور عامل حصار چھوڑ کر بھاگ نکلا تو رجعت اور نقصان پہنچ سکتا ہے۔ جب تھوڑی دیر ذرا دھمکا چکیں گے اور دیکھ لیں گے کہ عامل ثابت قدم اور پختہ ارادہ کا مالک ہے تو بڑے ادب سے سلام کریں گے اور پوچھیں گے کہ ہمیں کیوں طلب کیا گیا ہے؟ عامل کو چاہیے کہ عمل مکمل کر کے ان کے سلام کا جواب دینے کے بعد ان سے کہے کہ میں آپ لوگوں سے دوستی کرنا چاہتا ہوں اور جب مجھے ضرورت ہوگی، آپ لوگوں کو طلب کیا کروں گا۔ وہ لوگ جو دراصل جن ہیں، عامل کے مطیع ہو جائیں گے اور جب بھی انہیں کسی جائز ضرورت کے لیے طلب کیا جائے گا، وہ فوراً حاضر ہوں گے۔ حاضر ہونے کا طریقہ بھی ان سے پوچھ لیں اور ان کی کوئی ایسی شرائط نہ مانیں جو آپ بعد میں پورا نہ کر سکیں۔ یہ عمل بالکل درست ہے اور کئی عاملین نے آزمایا ہے۔

سورۃ المزمل کے اعمال
کی تشخیص

مریض کے پاؤں کے ناخون سے سر تک ایک نیلے رنگ کا دھاگہ ناپیں۔ پھر سات (7) مرتبہ سورۂ مزمل شریف پڑھیں۔ اول آخر درود شریف 11، 11 بار پڑھیں۔ دھاگا پر دم کریں۔ پھر دوبارہ دھاگے کو ناپیں۔ اگر کم ہو جائے تو سحر یعنی جادو۔ اگر بڑھ جائے تو جن، پری یا خبیث کا اثر ہے۔ اگر جوں کا توں رہے تو جسمانی مرض ہے۔

آسیب اور جنات کو جلانے کا عمل

آدھا پاؤ یا ایک چھٹانک رائی لے کر مریض کو سامنے بٹھا کر سورۂ مزمل کو گیارہ (11) بار پڑھ کر رائی پر دم کریں اور مریض کے اوپر سات (7) بار گھمائیں اور رائی کو چولہے یا انگارے پر جلا دیں۔ اس دوران سورۂ مزمل گیارہ (11) یا اکیس (21) بار پڑھنا شروع کریں۔ مریض پہ کسی قسم کا آسیب، جادو، جنات یا سایہ ہو تو جل کر ختم ہو جائے گا۔

جنات کو حاضر کرنے کا عمل

اگر جنات کو حاضر کرنا ہو تو یہی رائی والا عمل کافی ہے (بقیہ ص 53)

روحانی درس گاہ میں سکھائے جانے والے علوی نورانی اعمال کی تفصیل https://bit.ly/3qTEJvp

حصولِ اولاد کے مسائل اور ان کے روحانی علاج

صوفی محمد ایاز اسلمی مدظلہ (کراچی)

صاحب اولاد ہونے اور اولادِ نرینہ کیلئے

سات (7) عدد سفید کاغذ پر کالی سیاہی سے لکھیں۔ فراغت حیض کے بعد سات (7) روز تک ایک عدد کاغذ پانی میں گھول کر عورت کو پلائیں۔ جب حمل ٹھہر جائے تو عورت کے پاؤں کے ناخن سے پیشانی کے بالوں تک سات (7) تار کالے ریشم کے ناپ لیں۔ اس پر گیارہ (11) گرہ اس طرح لگائیں کہ ہر گرہ پر سات سات (7،7) مرتبہ چہل کاف پڑھی جائے۔ یہ دھاگہ عورت پیٹ پر ناف سے تھوڑا نیچے باندھ لے۔ جیسے جیسے پیٹ بڑھتا جائے، دھاگہ لوڈھیلا کرتے جائیں۔ ان شاء اللہ، اس عمل کی برکت سے صحت مند بچہ پیدا ہوگا۔ وضع حمل کے بعد یہ دھاگہ مولود کے گلے میں ڈال دیں۔ جب دھاگہ گل جائے تو اسے کسی کھیت یا باغ وغیرہ میں دفنا دیں۔

نعمتِ اولاد کیلئے

سات (7) چھواروں پر سات سات (7،7) مرتبہ چہل کاف پڑھ کر دم کریں۔ فراغتِ حیض کے بعد ان تمام چھواروں کو آدھ کلو دودھ میں اتنا پکائیں کہ دودھ ایک پاؤ رہ جائے۔ میاں بیوی آدھا آدھا دودھ پی لیں اور چھوارے بھی کھا جائیں۔ اگر اسی ماہ حمل ٹھہر جائے تو ٹھیک ورنہ اگلے ماہ پھر یہی عمل کریں۔ ان شاء اللہ تین (3) ماہ میں حمل ٹھہر جائے گا۔

قوت مردمی و جراثیم کی پیدائش کیلئے

جو شخص قوت مردمی یا جراثیم کی کمی کا شکار ہو، اُسے چاہئے کہ علی الصبح نہار منہ پانی پر درود پاک اوّل و آخر نو (9) مرتبہ چہل کاف، نو (9) مرتبہ یَاقَوِیُّ ایک سو سولہ (116) مرتبہ اِنَّ اللّٰہَ عَلٰی کُلِّ شَیْءٍ قَدِیْرٌ نو (9) مرتبہ دم کر کے پیا کرے۔ ان شاء اللہ، چند یوم میں قوت بحال ہو جائے گی اور جراثیم کی کمی بھی پوری ہو جائے گی۔

اولاد کیلئے

چودہ (14) چھواروں پر اکیس (21) مرتبہ چہل کاف پڑھ کر دم کریں۔ بعد فراغت حیض کے سات (7) روز تک روزانہ دو (2) عدد چھوارے آدھا کلو دودھ میں پکا کر ایک ایک چھوارہ مرد و عورت دونوں کھا لیں اور دودھ بھی آدھا آدھا پی لیں۔ بحکم خدا تعالیٰ اسی ماہ حمل قرار پا جائے گا۔ اگر اس ماہ حمل نہ ہو تو تین (3) ماہ مسلسل کریں۔ ان شاء اللہ صاحب اولاد ہوں گے اور فرزند نرینہ پیدا ہوگا۔

بقیہ (ص 51): خیر الخلائق اور کثیر الفوائد خاص عمل

طریقۂ عمل: اس عمل کو صبح جب سورج نکل رہا ہو، اس وقت سورج کی طرف منہ کر کے پانچ سو (500) بار ورد کریں۔ پہلے دن آدھ پاؤ گوشت ویران جگہ ڈال دیں۔ اس کے بعد دوپہر بارہ بجے ایک سو (100) بار پڑھا جائے۔ جگہ کی کوئی پابندی نہیں، کوئی پرہیز نہیں لیکن جائز کام کریں ورنہ قیامت میں پریشانی کے علاوہ اچھائی نہیں ہوگی۔ چند دن کی زندگی ہے، غریبوں کی مدد کرتے رہیں۔ جو لاچار ہو، چل پھر نہ سکتا ہو، وہ یہ کر سکتا ہے۔ دوسروں کو اجازت نہیں۔ اگر کوئی تجربہ یا شعبدہ کی نیت سے یہ عمل کرے گا تو ہو سکتا ہے اس کو بیمار کر دے گا یا زخمی کر دے گا۔ کسی کو شک ہو تو تجربہ کر سکتا ہے، اپنا غرور ختم کر سکتا ہے۔ شروع شروع میں جب عامل یہ عمل کرے گا تو اسے کتے کی بو کی طرح بدبو محسوس ہوگی۔ پھر آہستہ آہستہ ختم ہوتی جائے گی۔ جس سے معلوم ہوگا تمہارا عمل چل رہا ہے۔ اس کا اثر تین (3) دن کے اندر شروع ہو جاتا ہے، اگر نمازی ہے۔ اگر کوئی بے دین ہے، پھر اس کی مرضی ہے جب کام کرنا شروع کرے۔ جب تک پڑھو گے، اثر رہے گا۔ جب عمل چھوڑ دو گے، اثر ختم ہو جائے گا۔ دنیاوی فائدہ ہے۔ بہت عرصہ اس کے کرتب دیکھے۔ اب بڑھاپے کی وجہ سے چھوڑ دیا ہے۔ جو کہتے ہیں عمل میں اثر نہیں ڈھونگ ہے، اپنا شک دور کرنے کیلئے پڑھ کر دیکھ لے۔

حُب کے تیر بہدف اعمال (۱)

قیصر احمد بی۔اے۔ (کراچی)

کس کام کا ہے دریا جس میں نہیں روانی
جب جوش ہی نہیں تو کس کام کی جوانی
عمل بتایا میں نے تنگ عمال سے
کاغذ پہ رکھ دیا ہے کلیجہ نکال کے

معزز قارئین وسامعین کرام! حُب کے یہ تمام اعمال آزمودہ و تیر بہدف ہیں۔ محبوب کہیں بھی ہو، سینکڑوں میل دور سے عاشق سے ملنے کیلئے کپڑے پھاڑ کر دیوانہ وار قدموں میں آجاتا ہے۔ جس کو یقین نہ آئے، تجربہ کر کے دیکھ لے۔

واضح رہے! ان اعمال کی آپ شرائط وضوابط پر پورا اترے تو یہ کام کریں گے ورنہ نہیں۔ مثلاً حلال کیلئے، شادی کیلئے، منگنی کیلئے وغیرہ وغیرہ۔ حرام کام کیلئے کارگر نہ ہوں گے۔

دوسری سب سے بڑی شرط یہ ہے کہ ان اعمال کی اجازت لینا لازمی ہے کیونکہ بعض اعمال کرنے سے رجعت وخوف کا زبردست خطرہ ہے۔ انسان (عامل) پاگل و دیوانہ ہوسکتا ہے۔ اس کیلئے حصار اور اجازت لینا ضروری ہے۔

عمل حب (۱) (سفلی): سیندور جوگی ہنومان پیادہ جہاں سے بھیجا تہاں سے لا۔ جل کی مولی پتال کی نار جاوے سیندور جوگی فلاں بنت فلاں کو فلاں کے پاس لا۔ نہ کھڑی سکھ نہ بیٹھی سکھ۔ جب تک نہ دیکھے میرا مکھ۔ بیکو چھوڑ کر تو نہ جائے پیٹ پھولے ہی مر جائے۔

تعداد: ایک سو آٹھ (108) بار۔

طریقہ: تھوڑا سا سیندور رکھ لے اور اس پر روزانہ سات (7) یوم تک دم کرے۔ آخری دن سوجی کا حلوہ بنا کر ہنومان کو نذر کردے اور جھاڑی میں رکھ آئے۔

محبوب کو بلانے کا طریقہ: اجازت لے کر معلوم کریں۔

یاد رکھیں "جائے استاد خالی است!"۔ بغیر استاد کے کچھ نہیں۔ اجازت کا مطلب یہ ہوتا ہے کہ صاحب اجازت عمل کے اسرار ورموز سے واقف کار ہوتا ہے۔ عمل کے اتار چڑھاؤ سے واقف ہوتا ہے اور آنے والے واقعات سے آگاہی وخبر دیتا ہے۔ حصار اور آپ کی جان کا محافظ ہوتا ہے۔ ویسے تو اللہ جل جلالہٗ کل کائنات کا محافظ ونگہبان ہے مگر احتیاط وحفاظت لازمی شے ہے۔

عمل الحُب (۲) (سفلی): الو کے گوشت پر "یَا وَدُوْدُ بِحَقِّ یَامُطِیْعُ" چار ہزار چار سو چوالیس (4444) مرتبہ پڑھ کر دم کرو اور کہو "می شود فلاں بن فلاں" اور ایک بوٹی کھلا دو۔ پھر قدرت کا تماشا دیکھو۔ دن منگل یا ہفتہ کا ہو یا مشتری کی ساعت یا زہرہ کی ساعت میں عمل کریں۔

عمل الحب (۳): کٹیلی (پودہ) جڑ سمیت نکال کر اس کا پانی نکالو اور جسم کے مطلوب کے کسی بھی حصہ پر مس کر دو۔ پھر کیا ہوگا؟ عورت فریفتہ ہوگی اور آپ پکار رہے ہوں گے۔

بہارو پھول برساؤ میرا محبوب آیا ہے
میرا محبوب آیا ہے (آزمودہ است)

عشق جس کو کہتے ہیں ہمارا ہی نام ہے
شور و فغاں کی اپنی یہاں دھوم دھام ہے

عمل الحُب (۴) (سفلی): کالا کلوا کالی رات۔ میں بلاؤں آدھی رات۔ تو نہیں آئے میرے پاس تو تڑپے ساری رات۔

طریقہ: ایک پرچی پر اپنا مقصد لکھ کر چارپائی کے پائے تلے رکھ کر سو جاؤ۔ اور صبح اٹھ کر اس پرچی کو پھاڑ کر پھینک دو اور دوسری نئی پرچی لکھ کر اسی پائے کے نیچے رکھ دو اور وہ مغرب کے بعد پھاڑ کر پھینک دو۔ اب تیسری پرچی لکھ کر اسی چارپائی کے نیچے رکھ دو اور صبح اٹھ کر پھاڑ دو۔ لیکن یہ خیال رہے کہ جو کام کرنا ہے، اس کا تصور رکھنا ہے۔ اس طرح اس عمل کو تین (3) یوم کرنا ہے۔ تیسرے دن یعنی آخری دن رزلٹ آجائے گا۔ (اجازتی عمل ہے)

(جاری ہے)

عمل دست غیب

یَابَدِیْعَ الْعَجَآئِبِ بِالْخَیْرِ یَابَدِیْعُ

اکتالیس (41) مرتبہ روزانہ، چالیس (40) دن تک پڑھیں۔ اوّل و آخر درود شریف تین تین (3،3) بار۔ ہر روز روزہ رکھیں اور وقت مقررہ اور جگہ مقررہ پر پڑھیں۔ صرف خشک روٹی یعنی اس کے ساتھ اَور کوئی چیز استعمال نہ کریں۔ بیس (20) یوم کے بعد گھی سے لگا کر کھا سکتے ہیں۔ مصلے کے چاروں کونوں پر کیل گاڑھ دیں۔ اکتالیسویں (41) دن مصلے کو اٹھا دیں۔ اس کے نیچے سے جو کچھ نکلے، پہلے دن کسی مسجد میں تصرف کے لیے دے دیں۔ بعدۂ ہر روز سوتے وقت اکتالیس (41) مرتبہ پڑھ لیا کریں۔ ہر دوسرے دن صبح کو تکیہ کے نیچے سے روپے نکالا کریں لیکن کسی کو بتایا نہ جائے، ورنہ روپیہ ملنے بند ہو جائیں گے۔

دیگر دست غیب

سات سو چھیاسی (786) مرتبہ بسم اللہ شریف، اوّل و آخر درود ہزارہ سو۔سو (100،100) بار۔ پچھلی رات کو فجر کی نماز سے پہلے ہی پہلے ختم ہو جانا چاہیے۔ اگر کسی وجہ سے کسی روز ناغہ ہو جائے تو دن میں کسی نماز کے ساتھ اس کو پڑھ لینا چاہیے۔ یہ الہامی نسخہ ہے۔

دیگر عمل دست غیب

عشاء کی سنتوں اور وتروں کے درمیان سورۂ یٰسین شریف پڑھے۔ ہر مبین تین (3) بار تکرار کرکے یَاعَزِیْزُ الْوَهَّابُ اکتالیس (41) مرتبہ پڑھے اور سورۂ یٰسین شریف پھر شروع سے پڑھے اور اس طرح سے ساتویں مبین پر یَاعَزِیْزُ الْوَهَّابُ پڑھ کر سورۃ ختم کرے۔ یہ عمل اکتالیس (41) دن تک کرے۔ اوّل و آخر درود شریف گیارہ گیارہ (11،11) بار پڑھے۔ بعدۂ بیالیسویں (42) دن ایک تنہا مکان میں جا کر مصلیٰ مقررہ پر نمازِ فجر ادا کرے اور سورۂ یٰسین شریف ایک (1) بار پڑھے اور ہر مبین کو تین تین (3،3) بار کہے۔ اور اکتالیس (41) بار یَاعَزِیْزُ الْوَهَّابُ پڑھے۔ بعدۂ کمرہ کا دروازہ بند کرکے چلا جائے۔ ایک گھنٹہ بعد اس کمرہ میں جائے اور مصلیٰ کو اٹھا کر دیکھے۔ جو دستیاب ہو، اس کا کسی سے ذکر نہ کرے۔ اس طرح روزمرہ پڑھتا رہے۔ غیب سے آتا رہے گا۔

دیگر دست غیب

صبح سوتے سے اُٹھتے وقت گیارہ (11) مرتبہ یَابَاسِطُ پڑھ کر ہاتھوں پر دم کرکے منہ پر پھیرے۔ اسی طرح بعد از طعام کرے۔ دست غیب حاصل ہوگا۔

عمل دست غیب وحل جمع مشکلات و تسخیر خلائق مجرب

(عطیہ مولوی غلام محمد صاحب، ملتان)

بعد نماز تہجد اوّل و آخر گیارہ گیارہ (11،11) بار درود شریف کے ساتھ سورۂ فاتحہ شریف سر برہنہ کرکے، کھڑے ہوکر، ہاتھ پھیلا کر پڑھیں اور ہاتھوں پر دم کرکے منہ پر پھیر لیں اور ہر طرف پھونکیں اور اس طرح سے فجر کی سنت اور فرضوں کے درمیان پڑھیں۔ اس عمل کے کرنے سے جناب مولوی صاحب موصوف کو گیارھویں دن سے دست غیب شروع ہو گیا تھا۔

عمل سورۂ مزمل شریف برائے دست غیب

(عطیہ جناب سید عبدالعزیز صاحب، متوطن بہاولپور سکھا، ملتان)

ہر قمری ماہ کے شروع کے تین (3) دن میں یہ عمل پڑھا جائے۔ خواہ بعد نماز عشاء رات کو یا صبح بعد نماز فجر۔ سورۂ مزمل شریف تین (3) دن روزانہ ایک سو بیس (120) مرتبہ، اوّل و آخر گیارہ گیارہ (11،11) بار درود شریف پڑھیں۔ بعدۂ دعا مانگیں۔ اسی وظیفے کو تین (3) دن ختم کرنے کے بعد چوتھی شب سے دو رکعت نفل بعد نماز عشاء پڑھیں۔ اوّل رکعت میں بعد فاتحہ سورۂ مزمل اکیس (21) مرتبہ، دوسری رکعت میں بعد

(بقیہ ص 18)

زوجین کے مسائل کا روحانی حل

مرتب: اراکین روحانی علاج گاہ

خاوند کا ناراض یا بے پروا رہنا

بعد از نماز عشاء کے گیارہ (11) دانے سیاہ مرچ لے کر آگے پیچھے گیارہ (11) بار درود شریف اور درمیان میں گیارہ (11) تسبیح یَالَطِیفُ یَاوَدُودُ کی پڑھیں۔

خاوند کے مہربان ہونے کا خیال رکھیں۔ جب سب پڑھ چکیں تو ان سیاہ مرچوں پر دم کر کے تیز آنچ میں ڈال دیں۔ اللہ تعالیٰ سے دعا کریں۔ ان شاء اللہ تعالیٰ خاوند مہربان ہو جائے گا۔ کم سے کم چالیس (40) روز کریں۔

محبت زوجین

اگر زوجین میں سے کسی کو دوسرے سے نفرت ہو اور محبت نہ ہو تو آیات ذیل کو لکھ کر محب اپنے پاس رکھے اور نمک یا مٹھائی پر پڑھ کر محبوب کو کھلا دیں۔ فلانہ کی جگہ محبوب کا نام اور لفظ فلاں کی جگہ محب کا نام لکھیں۔

بِسْمِ اللهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ۔ وَاَلْقَيْتُ عَلَيْكَ مَحَبَّةً مِّنِّيْ وَلِتُصْنَعَ عَلٰى عَيْنِيْ اِذْ تَمْشِيْٓ اُخْتُكَ فَتَقُوْلُ هَلْ اَدُلُّكُمْ عَلٰى مَنْ يَّكْفُلُهٗ فَرَجَعْنٰكَ اِلٰٓى اُمِّكَ كَيْ تَقَرَّ عَيْنُهَا وَلَا تَحْزَنَ وَقَتَلْتَ نَفْسًا فَنَجَّيْنٰكَ مِنَ الْغَمِّ وَفَتَنّٰكَ فُتُوْنًا يَامُقَلِّبَ الْقُلُوْبِ وَ يَامُسَخِّرَ السَّمٰوٰتِ السَّبْعِ وَ الْاَرَضِيْنَ السَّبْعِ قَلِّبْ لِفُلَانَةَ قَلْبَ فُلَانٍ بِالْخَيْرِ لِاَدَاءِ الْحُقُوْقِ يَاوَدُوْدُ حَبِّبْ حَبِّبْ يَاوَدُوْدُ۔

عمل حب زوجین

عمل: بِسْمِ اللهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ۔ وَمِنْ اٰيٰتِهٖٓ اَنْ خَلَقَ لَكُمْ مِّنْ اَنْفُسِكُمْ اَزْوَاجًا لِّتَسْكُنُوْٓا اِلَيْهَا وَجَعَلَ بَيْنَكُمْ مَّوَدَّةً وَّرَحْمَةً۔ (الروم:۲۱)

تعداد پڑھائی: سات سو (700) مرتبہ اول آخر گیارہ (11) مرتبہ درود شریف۔

ترکیب عمل: میاں بیوی کی باہمی محبت آپس میں قائم رکھنے کے لیے یا آپسی محبت پیدا کرنے کے لیے اس آیت مبارکہ کو سات سو (700) مرتبہ پڑھ کر پانی پر دم کریں اور میاں بیوی دونوں اس پانی کو پئیں۔ بہت مجرب عمل ہے۔

ناراض بیوی کی واپسی

بسم اللہ الرحمن الرحیم

لا ایلاف قریش فلاں بنت فلاں (نام بیوی مع والدہ) ایلفھم رحلۃ الشتآء والصیف فلاں بنت فلاں فلیعبدوا رب ھذا البیت فلاں بنت فلاں الذی اطعمھم من جوع و امنھم من خوف فلاں بنت فلاں۔

الم نشرح لک صدرک فلاں بنت فلاں ووضعنا عنک وزرک فلاں بنت فلاں الذی انقض ظھرک فلاں بنت فلاں ورفعنا لک ذکرک فلاں بنت فلاں فان مع العسر یسرا فلاں بنت فلاں ان مع العسر یسرا فلاں بنت فلاں فاذا فرغت فانصب فلاں بنت فلاں والی ربک فارغب فلاں بنت فلاں

ربنا اتنا من لدنک رحمۃ و ھیئ لنا من امرنا رشدا

اس عمل کو زعفران سے لکھیں اور پانی میں بھگو دیں۔ تھوڑا سا پانی شوہر پی لے اور باقی پانی سے چہرہ دھولے اور بیوی سے مل کر آ جائے تاکہ بیوی اس کو دیکھے۔ بس وہ واپسی کے لیے تیار ہوگی۔

تسخیر محبوب کا شرطیہ سفلی عمل

مصنف: مولانا ڈاکٹر محمود الحسن بھوپالی

ہاتھ پسار وں ملوں ملوں کا چی پچھلی کھاؤں
آٹھ پہر چونسٹھ گھڑی جگت منھ کر جاؤں

ہولی یا دیوالی کی شب کو پانچ قسم کی مٹھائی اور نصف گز سرخ کپڑا اور ایک پھریری عطر اور قدرے جیل اور پان، چھالیہ، الائچی، لونگ۔ تھوڑی تھوڑی رکھ کر لوبان کی دھونی سلگا کر یک صد و یک (101) بار ایک ایک پرچہ پر اوپر کا شعر لکھا جاوے۔ بارہ بجے تنہائی میں بیٹھ کر بات کو لکھنا چاہئے۔ اور ایک سو ایک (101) بار بلا طالب و مطلوب کے ناموں کے اس کو پڑھ لیا جائے۔ مطلب یہ ہے کہ اس شعر کو اچھی طرح سے باطمینان پڑھ لیں۔ یہ عمل پورا ہو گیا (بارہ بجے شب کو لکھیں اور پھر پڑھیں)۔

اب مٹھائی معہ دیگر سامان کپڑے میں باندھے معہ عطر چھالیہ لونگ وغیرہ وغیرہ۔ ماء جاری میں ڈال دے یا تالاب میں ڈالے اور چلا آئے۔ کوئی قید نہیں ہے کہ اسی وقت ڈال آوے۔ موقع نہ ہو صبح ڈال آئے۔ اب یہ عمل ایک سال تک کام دے گا۔

ترکیب: طالب و مطلوب کا جو نام لکھا جائے گا، اس میں خواہ جس پر فریفتہ ہو، اُس کا نام وغیرہ لکھا جائے۔ (طالب مع والدہ، مطلوب مع والدہ)

اشارہ: یا جس کا جی چاہے نام لکھ دیں۔ فلاں بنت فلاں محض تکمیل عمل کے واسطے یہ کیا جاتا ہے، شب میں نہ پڑیں۔

طریقہ: عطر پر یا الائچی پر یا پان پر یا مٹھائی پر سات (7) مرتبہ اس شعر کو معہ فلاں بن فلاں علی حب فلاں بن فلاں پڑھ کر کے کھلا دے یا لگا دے، مسخر ہو جائے گا۔

مثال: نکاح کرنا منظور ہے اور شادی کے واسطے اعزاء اقرباء رضا مند نہیں ہیں یا لڑکی کے والدین کرنا نہیں چاہتے یا آپ کے گھر والے رضا مند نہیں ہیں۔ اس وقت اُن کے کپڑوں میں عطر لگاؤ، پھر تماشہ دیکھو۔ کس طرح رضا مند ہوتے ہیں اور اگر مطلوبہ کے لگا دیا تو جان چھڑانا مشکل ہوگا۔ سوچ سمجھ کر کام کرنا چاہئے۔ اس لئے کہ انسان عشق میں دیوانہ ہوتا ہے۔ بدنامی کا ٹوکرا یا شرافت میں بٹہ نہ آ جائے۔ ہماری حالت خراب اعمال کی وجہ سے بد سے بدتر ہو رہی ہے اور عام شائقین کی نظریں قابو میں نہیں ہیں۔ اس عمل کا تماشہ نہ بنائیں۔

فائدہ: ایک بڑے زبردست شخص اس کے عامل تھے۔ الائچی کا کھلانا اور مطلوب کا بندۂ محبت بن جانا۔ آنکھوں سے دیکھ کر رہا نہ گیا۔ قصہ طول طویل ہے۔ خدا خدا کر کے ظاہر کیا۔ سامنے اُن کے تجربہ بھی ہو گیا۔ چونکہ اہل ہنود صاحبان کا اسرار تھا، سینکڑوں خطوط آ چکے تھے، اس لئے بخل کو بالائے طاق رکھ کر استفادہ مناسب خیال کیا گیا۔ آخر میں اس عمل کے متعلق یہ لکھ دینا ضروری ہے کہ ہر خریدار کتاب کو اس کی اجازت دی جاتی ہے کہ وہ خود اپنا مقصد بر لائے۔ اور یہ معاش بنانے کی اجازت نہیں ہے۔ اس کو ذہن نشین فرما لیں۔ اس عمل سے مسلمان بھی پورا پورا فائدہ اٹھائیں گے۔ ناجائز کلمات اس میں نہیں ہیں، جس سے ایمان زائل ہو جانے کا خوف ہو۔

اضافہ: ہزار ہا اشخاص نے کیا۔ صرف پانچ اشخاص بامراد ہوئے۔ میرا ناقص خیال یہ ہے کہ خواہشات نفسانی کا ادنیٰ شائبہ، یہی کام کو خراب کر دیتا ہے۔ واللہ اعلم۔

ہدایت: کام پورا ہو جانے پر فی سبیل اللہ ضرور کچھ نہ کچھ دے دیں۔ مثلاً دو آنہ، چار آنہ، ایک روپیہ اور یہ رقم ایسے لوگوں کو تقسیم کریں جو فاقہ کش لوگ ہوں۔ خود جا کر دے آئیں۔

بقیہ (ص 23): مختلف قسم کی بندشوں سے نجات

لٹکائے، بفضل خدا شادی ہو جائے گی۔

بسم اللہ الرحمن الرحیم صلح صلح صلح صلح صلح صلح۔ قَالَ مُوْسٰى مَا جِئْتُمْ بِهِ السِّحْرُ اِنَّ اللّٰهَ سَيُبْطِلُهٗ اِنَّ اللّٰهَ لَا يُصْلِحُ عَمَلَ الْمُفْسِدِيْنَ۔ کما اصلح بین جبرائیل و میکائیل و اسرافیل و عزرائیل و کراماً کاتبین۔ فلاں بن یا بنت فلاں کا نکاح کھل جائے برکت ھذا النقش۔ مجرب آزمودہ ہے۔ بروز بدھ وار صبح آٹھ بجے لکھے۔

اُمنتُ باللہ کے خاص عمل کے عامل بنیں اور بنائیں

تعارف امنت باللہ کا عمل، وہ خاص عمل ہے جس کے پیچھے مسلمان جنات کی بہت بڑی بڑی جماعتیں کام کرتی ہیں۔ ان جنات کا تعلق زیادہ تر مدارس سے ہے۔ کوئی حافظ ہے تو کوئی قاری۔ کوئی عالم ہے تو کوئی شیخ الحدیث۔ اسی لئے یہ جنات ایسے افراد کی معاونت زیادہ کرتے ہیں جن کا تعلق بھی مدارس سے ہوتا ہے یا پھر وہ دین کا کام کر رہے ہوں۔ اس عمل کا بڑا فائدہ یہ ہے کہ یہ عرب ممالک میں بہت اچھا کام کرتا ہے۔ پاکستان سے بیٹھے عرب ممالک کا کام ہو جیسے سعودی عرب میں کوئی مریض ہے تو صرف مریض کے لئے پڑھنے سے اس کا فائدہ ہونا شروع ہو جاتا ہے۔ وجہ یہ ہے کہ اس کے پیچھے جو بڑے جنات ہیں، ان کا پیچھے سے تعلق سعودی عرب کے بڑے جنات سے ہے اور پاکستان میں ان کی ایک بڑی جیل ٹھٹھہ کی طرف ہے جہاں سرکش قسم کے جنات اور شیاطین کو قید کیا جاتا ہے۔

اس عمل کے کل چھے درجوں کا عمل کروایا جاتا ہے۔ بنیادی اجازت میں پہلے تین درجے کروائے جاتے ہیں۔ پھر چوتھے، پانچویں اور چھٹے درجے کے عمل کا ھدیہ الگ الگ ہے۔

اجازت لینے کے فائدے اجازت ملتے ہی، اجازت یافتہ کا نام امنت باللہ کے پیچھے جو جنات ہیں، ان کی فہرست میں لکھ دیا جاتا ہے، اس لئے عامل فوراً کام لینا شروع کر سکتا ہے۔ اس عمل سے کو ہر جائز مقصد کے لئے استعمال کیا جا سکتا ہے۔ مختصراً درج ذیل ہے:

ہر قسم کے جادو کا علاج	ہر طرح کے جنات سے نجات	ہر طرح کی بندش سے نجات	جگہ سے جادو جنات ختم کرنا
مسلط جن کو حاضر کرنا	جنات کو جلانا	جنات کو بوتل میں بند کرنا	روحانی تشخیص
محبت اور حاضری مطلوب	زبان بندی اور جدائی	مختلف بیماریوں کا علاج	ہر جائز مقصد کے لیے

اجازت کے لیے اہلیت روحانی معالجین، مشائخ اور پیر حضرات، علمائے کرام اور مفتیانِ عظام، دین سے جڑے افراد، بالغ مرد اور عورت اس عمل کی اجازت ہر کوئی لے سکتا ہے۔ اجازت لینے والے کا فنِ عملیات سے پہلے سے واقف ہونا بھی ضروری نہیں۔ جتنا دیندار ہوگا، اتنا زیادہ فائدہ ہوگا۔

اجازت لینے کا طریقہ اس عمل کی اجازت چونکہ نقد ھدیہ کے ساتھ مشروط ہے، اس لئے جو بھی اجازت لینا چاہے، وہ نقد ھدیہ ادا کر کے اجازت لے سکتا ہے۔ عمل کے ساتھ طریقہ استعمال کے لیے بیاض دی جائے گی۔

ھدیہ 6,100 روپے (علاوہ ڈاک خرچ)

خاص اجازت جو لوگ چلہ کشی نہیں کر سکتے ان کو خاص اجازت بھی دی جاتی ہے۔ جس میں ضرورت پڑنے پر مختصر مدت میں عمل جاری کروا دیا جاتا ہے۔ خاص اجازت کا ھدیہ دگنا ہوتا ہے۔

آگے سکھانے کی خاص اجازت جو عامل یہ چاہتے ہیں کہ اس عمل کو آگے سکھائیں وہ پہلے خود اس عمل کے عامل بنیں گے۔ پھر رابطہ کر کے آگے سکھانے کی خاص اجازت حاصل کر سکتے ہیں۔

نوٹ ہمارے ادارے میں امنت باللہ کے 3 عمل کروائے جاتے ہیں۔ یہ سب اعمال الگ الگ ہیں۔ ان کے پیچھے جنات بھی الگ الگ ہیں اور ان کا ھدیہ بھی الگ الگ ہے۔ تفصیل کے لیے دوسرا اشتہار ملاحظہ فرمائیں، ویب سائٹ دیکھیں یا ادارے سے رابطہ فرمائیں۔

روحانی درسگاہ دارالعمل چشتیہ لاہور پاکستان
0333-7772775 0309-7772775 042-35410586
ruhanidarsgah | ruhanidarsgah97 | ruhanidarsgah
darulamal.org/ruhanidarsgah ruhanidarsgah@gmail.com

نئی کتاب

عملیات اولیاءؒ

صفحات: 105

مولانا شاہ عزیز احمد چشتی قادری مدراسیؒ

اشاعت کراچی

قیمت: 1200 روپے

تسخیر حکام و محبوب، معجز نما سرمہ، نادِ علی شریف، حُب کے اعمال، تسخیر خلائق، دست غیب، ادائیگی قرض، ترقی روزگار، اولیائے نقشبند کا عمل، ختم شریف خواجہ باقی باللہ، عمل خاندان رزاقیہ، گاہکوں کا ہجوم، زراعت میں ترقی، عمل حضرت میاں راج شاہؒ، فراخی رزق کے خاص اعمال، فتوحات، مشکلات سے نجات، عمل غوث پاکؒ، مقدمہ میں کامیابی چہل کاف، سخت مشکل سے نجات، یاسین شریف کے اعمال، مناجات خواجہ غریب نوازؒ، صلوٰۃ الاسرار، امراض اور بیماریوں کا روحانی علاج، آسیب، جن بھوت بلاؤں سے نجات، عمل خواجہ سلمان چشتی تونسویؒ، اسمائے اصحاب کہف، میاں بیوی کی محبت کے اعمال، بدمزاج شوہر، نافرمان بیوی، آوارہ مزاج شوہر، غصہ ور شوہر کو مطیع کرنے کے اعمال، دشمن کے شر سے حفاظت، دشمن کی شکست و خواری اور تباہی کرنے کے اعمال، عمل شیخ شہاب الدین سہروردیؒ، دشمن کو بھگانے، بیمار کرنے، مال کی ترقی اور حفاظت، چوری سے حفاظت، مال میں برکت، درازی عمر، صحت و ترقی کے لیے نوافل، استخارے، ختم مظہریہ، اعمال شمس الدین سیالکوٹیؒ، مفرور کی واپسی، بھاگے ہوئے یا گمشدہ کا حال معلوم، اولیائے کرام کے ختم شریف، حضور غوث الاعظمؒ، مخدوم ردولویؒ، شیخ نصیر الدین چشتیؒ، خواجہ محمد معصوم نقشبندیؒ، شاہ عبدالرزاق قادریؒ، خواجہ ترک پانی پتیؒ، حضرت مخدوم صابرؒ، اسمائے الٰہی اور موکل کی زکوۃ کے طریقے، حروف تہجی کے موکلوں کے نام، عملیات کے لیے نقشہ ساعات، موزوں ساعات، ستاروں کے بخورات، حروف تہجی۔

(نئی کتاب)

تعویذات و عملیات کی بہترین کتابوں کا عطر مجموعہ

شمع شبستان صابری

تالیف: مولانا فرحت صابری رضوی

قیمت 850 روپے

صفحات: 269

● حروف تہجی کے مقررہ حروف و اعداد ● ستاروں کی سعادت کا علم ● ستاروں کے بخورات تاریخ سعد و نحس ● خواص کواکب ● قمر در عقرب ● ہندی مہینوں کے نام ● تعویذات و عملیات کے لئے موزوں ساعتیں ● برجوں کا بیان ● نقشہ بارہ بروج مع عربی و ہندی ● کیفیت بروج کواکب ● نقوش و اورادات نقوش ● استخارے کے مجرب طریقے ● حصار کے عملیات ● رجال الغیب (مردان خدا) ● تشخیص الامراض ● آسیب معلوم کرنا ● امراض جسمانی کا روحانی علاج ● درد شقیقہ کا شافی علاج ● دانتوں کے درد کا مجرب علاج ● کالی کھانسی ● نظر بد سے بچنے کیلئے ● ایام کی زیادتی ● علاج بانجھ پن ● اولاد کے لیے بہترین عمل ● ام الصبیان کا علاج ● آتشک کا علاج ● نامردی کا علاج ● عورت کا کچا حمل گرنا ● پیٹ میں بچہ مر جائے ● چھوٹا پیٹ چھوٹنا ● چور کو نابینا کرنے کیلئے نقش ● کسی کا رشتہ کرنے کا عمل ● دکان میں ترقی کا تعویذ ● مصیبتوں سے رہائی ● مصیبت اور تباہی کا علاج ● پتھری نکالنے کا عمل ● بواسیر کا روحانی علاج ● فتق کا علاج ● یرقان کیلئے ● برائے ادائیگی قرض ● بلڈ پریشر کیلئے علاج ● شوگر کا روحانی علاج

نافع النجوم

مصنف: اشتیاق احمد

قیمت 300 روپے

صفحات: 149

● پرائز بانڈز، لاٹری، سٹہ کھلانے نمبر اسپیل و دولت مند بننے کے ایام اور دن کی حصولیابی کیلئے منتر منتر تنتر۔ دولت ملنے کا وقت ● حصولیابی دولت دیس پردیس میں ہونا ● مولود کو کس شخص سے فائدہ ہوگا ● بھائی سے دولت ● عشق یا حسن سے دولت ● حکومت سے فائدہ دولت کے نقصان کے یوگ ● مالی فائدہ میں رکاوٹ ڈالنے والے یوگ ● مشترکہ یا ختم ہو گئے ● مالی فائدہ کے یوگ ● تجارت کیلئے کریں یا شراکت داری میں ● خرید و فروخت سے مالی فائدہ کے یوگ ● ناکامیابی کے یوگ ● نوکری ملے گی یا نہیں ● اچھی نوکری ملنے کے یوگ ● اسم لکشمی عمل ● عمل اچانک حصول دولت ● کاروبار میں ترقی منتر ● جوا قمار بازی سے دولت حاصل کرنا منتر ● دولت حاصل ہونے کا ٹوٹکا ● لاٹری پرائز بانڈ کا انعام حاصل کرنے کا منتر ● نقش حصولیابی دولت ● نقش مالی فائدہ ● نقش خفیہ دولت کی حصولیابی ● نقصان سے حفاظت کا عمل ● نقش قسمت چمکانے کیلئے ● تجارت میں کامیابی کیلئے مسلم نقش ● آپ کی قسمت کب کھلے گی ● تسخیر خواب (سوپن سدھی) عمل

طلسم تسخیرات عجائبہ (نئی کتاب)

(فوٹو کاپی) صفحات:65

مصنف: فیصل حمید نقشبندی

قیمت 2500 روپے

● تسخیر و محبت ● خاتمہ تباہی دشمن ● عمل دُب ● جدائی و طلاق ● محبت سفلی المجرب ● عمل بندش ● تسخیر و حاضری ● خاتمہ بندش جادو ● کسی سے بات منوانا ● جائز محبت کا حصول ● طلاق و جدائی ● محبت ہی محبت ● محبوب کو تابع کرنا ● تسخیر مطلوب ● بندش مجرب ● فتح نامہ ● انتقام دشمن ● دعائے خاص ● تسخیر خلق ● تسخیر و حاضرات ● محبت کامل ● طلسم عجیب ● محبت و نکاح ● مجربہ محبت ● من پسند جگہ نکاح ● حب کامل ● تسخیر مطلوب ● نکاح و شادی ● لاعلاج امراض ● جدائی و فراق ● ہلاکت دشمن ● آر یا پار ● فتح نامہ ● اپنا حق واپس لینا ● حب مجرب ● دشمن بیمار کرنا ● جن مسلط کرنا ● ناف ٹلنے کیلئے ● ناف کیلئے ● خاتمہ آسیب و جن ● نقش حاضری ● شیطانی وسواس ● شر و بلا سے حفاظت ● زبان بندی ● کڑا حفاظت ● تباہی دشمن ● حاضری شگفتہ پری ● ظالم شوہر کیلئے ● عمل تشخیص ● عداوت و نفرت ● شوہر کی دوسری شادی ● محبت عجیب

مکتبۃ العارف دارالعمل چشتیہ لاہور پاکستان

0323-4487877

042-35410586

+maktabatulaarif

0332-4487877 +maktabatulaarif

darulamal.org/bookshop, maktabatulaarif@gmail.com

تعویذ خیر و برکت

جگہ پر لگانے کا بڑے سائز (A4) کا تعویذ۔ قرآنی سورتوں اور آیات، احادیث کی دعاؤں، اسماء الحسنیٰ، اسماء النبی ﷺ، درود شریف اور عاملین کے خاص اعمال سے تیار کردہ ایک خاص تعویذ۔ جس جگہ پر لگایا جاتا ہے، وہاں خیر و برکت ہوتی ہے۔ نحوست کے اثرات دور ہونا شروع ہو جاتے ہیں۔ شیاطین جگہ چھوڑ دیتے ہیں، جادو اور جنات سے نجات میں بھرپور معاونت ہوگی۔ ہر طرح کی نقصان دہ غیبی مخلوق اس جگہ آنے سے گھبراتی ہے۔ مختلف نقصانات ہونا بند یا کم ہو جائیں گے، آپس کے لڑائی جھگڑوں میں واضح کمی آئے گی۔ ہر وقت کسی نہ کسی کی بیمار رہنے والی علامت ختم ہوگی۔ ان شاء اللہ تعالیٰ۔

تعویذ کا ہدیہ: 750 روپے

روحانی دکان دارالعمل چشتیہ

0346-4312272, 042-35410586

ruhanishop

darulamal.org/ruhanishop, ruhanishop@gmail.com

0320 0334 4312272 ruhani.shop ruhani-shop

روحانی عرق گلاب

برائے روحانی امراض

قیمت: 200 روپے (500ml)

● جادو، جنات نظر بد کی وجہ سے ہونے والے سر درد کو ہمیشہ کیلئے ختم کرتا ہے ● جادو، جنات کے دیگر علاج کے ساتھ استعمال کرنے سے مریض بہت جلدی ٹھیک ہو جاتا ہے ● جادو، جنات کے اثرات سے رہنے والے معدہ کے درد کو ختم کرتا ہے ● جادو، جنات کے اثرات سے دل کی حرکت بڑھ جانے والے مریضوں کیلئے انتہائی مفید ہے ● جادو، جنات کے اثرات سے جسم پر رہنے والے بوجھ دور کرتا ہے ● جادو، جنات کے مریضوں کی بے چینی اور گھبراہٹ کی کیفیت کو ختم کرتا ہے ● جادو، جنات کے اثرات سے پیدا ہونے والی پیٹ کی بیماریوں، منہ کی خشکی اور زبان پر رہنے والے کانٹوں کی سی کیفیت کو ختم کرتا ہے ● جادو، جنات کی تمام علامات کے علاج میں زبردست فائدہ دیتا ہے ● دارالعمل چشتیہ کے روحانی عاملین نے اسے انتہائی محنت اور طویل دم کے بعد تیار کیا ہے

روحانی دکان دارالعمل چشتیہ

0346-4312272, 042-35410586

ruhanishop

darulamal.org/ruhanishop, ruhanishop@gmail.com

0320 0334 4312272 ruhani.shop ruhani-shop

https://bit.ly/3NZfrWt روحانی دکان میں دستیاب روحانی نمک برائے دفع جادو جنات، پیٹ درد، دشمن کی زبان بندی

لوح ترقی دولت

مالدار ہونا ہر ایک شخص کی پہلی اور آخری دلی آرزو، خواہش اور حسرت ہوتی ہے۔ ہر انسان چاہتا ہے کہ اللہ تعالیٰ اس کو وافر مقدار میں مال و دولت نصیب فرمائیں اور اس میں دن دوگنی رات چوگنی ترقی اور اضافہ ہوتا رہے تا کہ وہ کسی بھی نیکی اور خیر کے موقع سے محروم نہ رہے۔ ظاہر ہے کہ دولت ہوگی، مال ہوگا تو وہ ہر کام میں بڑھ چڑھ کر حصہ لے گا، غریبوں کے تعاون کی بات ہو یا نادار و مسکین لوگوں کے علاج معالجے کی، مساجد و مدارس میں تعاون کی بات ہو یا ان کی تعمیر میں حصہ ملانے کی، رفاہی اداروں میں فنڈ دینے کا معاملہ ہو یا ہسپتال وغیرہ تعمیر کروانے کا۔ مستحقین کو خوش کرنے کا مسئلہ ہو یا کسی غریب بہن، بیٹی کے جہیز میں تعاون کا، ہر جگہ دولت اور مال کی ضرورت ہے۔ اور اس ضرورت کو لوح ترقی دولت پورا کرے گی، ان شاء اللہ۔

ھدیہ 1600 روپے علاوہ ڈاک خرچ

روحانی دکان دارالعمل
0346-4312272, 042-3[illegible]
ruhanishop
darulamal.org/ruhanishop, ruhanishop@gmail.com
0320 0331 4312272 ruhani.shop ruhani-shop

لوح استحکامِ محبت

یہ لوح کون کون بنوائے

ہر قسم کی عداوت، دشمنی، لڑائی جھگڑے اور فتنہ فساد ختم کروانے کے لئے بنوائیں۔

نفرتوں کے ماحول کو مکمل ختم کرنے اور محبتیں پیدا کرنے کے لئے بنوائیں۔

سسرال اور میکہ والوں کی لڑائی اور نفرت ختم کروانے کے لئے بنوائیں۔

ہمیشہ ہمیشہ کیلئے محبت، تعلق، اعتماد اور رشتے قائم رکھنے کے لئے بنوائیں۔

خاوند کے دل سے نفرت ختم، محبت بڑھانے کے لئے بنوائیں۔

خاوند کے والدین، بہن، بھائی اچھا نہیں سمجھتے تو بنوائیں۔

بیوی بلاوجہ طلاق کا مطالبہ کر رہی ہے تو خاوند بنوائیں۔

جہاں جہاں بھی رشتے ٹوٹنے، تعلقات کے خاتمے، نفرتوں کا آغاز یا نفرتوں کی شدت، لڑائی جھگڑا یا محبت کے خاتمے کی بات چل رہی ہے تو لوح استحکام محبت آج ہی منگوائیں۔

ھدیہ 1200 روپے علاوہ ڈاک خرچ

روحانی دکان دارالعمل
0346-4312272, 042-35410586
ruhanishop
darulamal.org/ruhanishop, ruhanishop@gmail.com
0320 0331 4312272 ruhani.shop ruhani-shop

لوح امساک، مردانہ کمزوری

ایسے بے شمار مریض کہ جنہوں نے بہت اچھے، بہت بڑے، بہت ماہر، بہت نامور، حکیموں اور ڈاکٹروں سے مردانہ کمزوری کا علاج کروایا۔ ان کو فائدہ نہیں ہوا۔ ان کو لوح امساک وطاقت بنا کر دی گئی۔ اللہ پاک نے کرم فرمادیا۔ چونکہ بے شمار مریض ایسے ہیں کہ جادو کی وجہ سے، جنات کی وجہ سے، آسیب کی وجہ سے نظر بد کی وجہ سے، بندش کی وجہ سے وہ مردانہ طاقتوں سے محروم ہیں۔ ایسے تمام مریضوں کے لیے بلکہ دور حاضر میں ہر ایک مرد کیلئے لوح امساک ایک بہترین روحانی تحفہ ہے۔ لوح امساک وطاقت آپ کو ایک مکمل مرد، طاقت ور مرد، پاورفل مرد بنادیتی ہے۔ آزمائش شرط ہے۔ اسے بنوائیے۔ پاس رکھیئے اور اللہ پاک نے جو ایک مرد کے ذمے بیوی کا حق رکھا ہے اس کو بھرپور انداز میں پورا کیجئے۔ اور شرمندگی، ندامت، رسوائی اور ذلت سے ہمیشہ ہمیشہ کیلئے محفوظ ہو جائیے۔

ھدیہ 1600 روپے علاوہ ڈاک خرچ

روحانی دکان دارالعمل
0346-4312272, 042-35410586
ruhanishop
darulamal.org/ruhanishop, ruhanishop@gmail.com
0320 0331 4312272 ruhani.shop ruhani-shop

لوح حصولِ دولت کامیابی و شہرت

کامیابی کی کنجی

تمام ایسے افراد جو چاہتے ہیں کہ ان کے رزق میں و دولت میں اضافہ ہو۔ قرض میں ڈوبے ہوئے افراد جن کو قرض ادا کرنے کا کوئی راستہ نظر نہ آ رہا ہو۔ ایسی خواتین جن کا کوئی سہارا نہ ہو اور رزق کا کوئی ذریعہ نہ ہو۔ تمام ایسے افراد جو چاہتے ہیں کہ ان کو کاروباری ڈیل میں کامیابی حاصل ہوں۔ ایسے تمام افراد جو دینی و دنیاوی کسی بھی طرح کے امتحان میں کامیابی حاصل کرنا چاہتے ہو۔ ایسے تمام افراد جو ہر مقصد میں کامیابی حاصل کرنا چاہتے ہوں۔ ڈاکٹرز، انجینیئرز، ٹیچرز، وکیل، عامل، طبیب اور اس طرح کے وہ لوگ جن کا رابطہ عوام کے ساتھ رہتا ہے اور وہ چاہتے ہیں کہ ہم اپنے فن میں بہت شہرت پائیں۔ عاملین، حکماء، ڈاکٹرز، دکان دار اور ایسے کاروباری افراد جو چاہتے ہیں کہ ان کی دولت میں بہت اضافہ ہو۔ ایسے تمام افراد کے لئے یہ لوح ایک بیش قیمت خزانہ ہے۔

لوح کا ہدیہ (زعفران سے): 1600 روپے

روحانی دکان دارالعمل
0334-4312272, 042-35410586
ruhanishop

روحانی دکان میں دستیاب روحانی چینی برائے دفع جادو مجرب https://bit.ly/3LJRaBQ

شرفِ قمر کے اعمال

فیصل حمید نقشبندی (لاہور)

عمل و نقش برائے فتح و جمعیت

ابتداء	خاتمہ
13-9-2022	13-9-2022
20:18	22:09

اگر فتح و جمعیت کے لیے کام کرنا مقصود ہو اور ہر کام میں آسانی اور کامیابی کی ضرورت ہو یا حالات ایسے ہوں کہ جس کام میں ہاتھ ڈالیں ناکام ہوتا ہو اور بجائے فائدے کے الٹا نقصان ہوتا ہو تو آیت کریمہ "نَصْرٌ مِّنَ اللّٰهِ وَفَتْحٌ قَرِيْبٌ" کے اعداد کے ساتھ اپنے نام کے اعداد جمع واعدہ شامل کر کے نقش مخمس ذوالکتابت بنائیں تو ہر دشواری آسان ہوگی۔ جب تک نقش پاس رہے، ہر کام میں فتح و نصرت ہوگی۔ ان شاء اللہ

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم
یا محمد

نصر ۳۴۰	من ۹۰	اللہ ۶۶	وفتح ۴۸۹	قریب ۳۱۲
۲۹۵	۳۱۳	۳۰۱	۸۶	۶۷
۸۴	۶۳	۲۹۶	۳۱۴	۳۳۳
۳۱۵	۳۴۳	۸۸	۶۳	۲۹۲
۶۵	۲۹۳	۳۱۱	۳۲۲	۸۹

یا الٰہی بحق این نقش کر فلاں بن فلاں کو
ہر کام میں فتح و نصرت عطا فرما بحق نصر من اللہ
وفتح قریب

نقش برائے مجرب موٹاپا و پھولا پیٹ

یہ بہت مجرب اور موثر نقش ہے۔ اگر کوئی بہت زیادہ موٹا ہو یا پیٹ پھول گیا ہو تو یہ نقش لکھ کر پیٹ پر ملیں۔ ان شاء اللہ، پہلے دن سے اثر ہوگا۔ اگر دوران عمل نقش پھٹ جائے تو اس نقش کو جلا دیں اور نیا نقش بنا لیں۔ بہت مجرب و موثر عمل ہے۔

شرف قمر کے وقت میں زیادہ نقوش تیار کر لیے جائیں اور خود اور مریضوں کو استعمال کروائیں۔ نقش یہ ہے:

۱۲	۱۲	۱۲	۱۲
۱۲	۱۲	۱۲	۱۲
۱۲	۱۲	۱۲	۱۲
۱۲	۱۲	۱۲	۱۲

اس نقش کو دائروں کی صورت میں پیٹ پر گھمائیں۔

ابتداء	خاتمہ
1-9-2022	01-9-2022
01:49	03:37

بندش زبان

اگر دشمن حاسد کی زبان بندی کرنی ہو تو اس نقش و عمل کو لکھ کر دو کوری ٹھیکریوں کے درمیان رکھے، اوپر سے دھاگہ لپیٹ کر موم پگھلا کر چاروں طرف سے بند کر دے اور قبرستان میں دبا دے یا کسی اندھیری جگہ رکھ دے۔ مخالف حاسد دشمن کی زبان آپ کے حق میں بند ہو جائے گی۔

اخھوط

۹۰۰۸	۹۰۰۱	۹۰۰۶
۹۰۰۳	۹۰۰۵	۹۰۰۷
۹۰۰۴	۹۰۰۹	۹۰۰۲

بستم بستم زبان بستم فلاں بن فلاں در حق فلاں بن فلاں بستہ شود بحق صمٌ بکمٌ عمیٌ فھم لا یرجعون دل وبستہ سوز بحق صمٌ بکمٌ عمیٌ فھم لا یعقلون

اعمال سورج گرہن

حافظ زاہد محمود سلامت پوری (لاہور)

سورج گرہن اکتوبر میں ہے۔ اکتوبر کا شمارہ چونکہ خاص نمبر ہوتا ہے، اس لیے ستمبر کے شمارے میں یہ مضمون دیا جا رہا ہے۔

محبوب کو حاضر کرنا

یا اللہ سمت کافی ہے قادر۔ فلاں/فلاں دیاں بن مشکاں، کر حاضر

ترکیب: شمسی گرہن میں سات سو سات (707) مرتبہ اس عمل کو چاہے زکوۃ کے طور پر پڑھ لیں یا مطلوب کا نام لے کر پڑھ لیں۔ عطر شمسد پر پڑھ کر دم بھی کر سکتے ہیں۔ گرہن کے بعد بھی 7 دن تک عمل پڑھا جاتا ہے۔

تسخیر ہمزاد گرہن

جب آپ کے اپنے ملک میں شمسی گرہن ہو اور وہ بھی پورا گرہن ہو، آبادی سے دور کسی باغ یا اجاڑ جگہ میں مادر زاد برہنہ با حصار عمل پڑھا جاتا ہے۔ اپنے سایہ پر دھیان دے کر جملہ لوازمات ہمزاد سورۂ قریش پڑھی جاتی ہے۔ نااہل سے اخفاء، کامل کی اجازت درکار ہے۔

شمسی گرہن میں جانوروں اور حشرات کے کاٹنے کا عمل

وَإِذَا بَطَشْتُمْ بَطَشْتُمْ جَبَّارِينَ ﴿١٣٠﴾ (الشعراء: ۱۳۰)

گرہن میں بلاتعداد پڑھ لیں۔ پھر گیارہ (11) مرتبہ پانی پر دم کر دیں اور دو (2) چھینٹے مارے، کوئی زہر اثر نہ کرے گا، بند کاروبار کھل جائے گا، بند رشتہ کھل جائے گا۔

درود تسخیر جن وانس

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّ عَلٰى اٰلِ مُحَمَّدٍ بِعَدَدِ الْجِنِّ وَ الْاِنْسِ بِاَسْمَاءِ الْحُسْنٰى۔

شمسی گرہن میں کامل کی اجازت سے پڑھیں۔

برائے دشمن شمسی گرہن

فرعون، نمرود، ہامان، شداد، قارون، فلاں بن فلاں لعنھم اللہ فی الدنیا والاخرۃ

شمسی گرہن میں بلاتعداد پڑھیں۔ پھر روز پانچ سو (500) مرتبہ اکیس (21) دن پڑھیں۔ دشمن ذلیل و رسوا ہو گا۔

عمل دشمن شمسی گرہن

ارد گرد یا علی۔ چو گرد پیر مرتضیٰ۔ موذیاں نوں زیر کرو۔ قدی لگن آ۔ قتل کر یا قہر روتے قہر دا تلوار۔ ڈنڈا وسے بے شمار۔ یا علی یا علی یا علی یا بدھو یا سدھو میرا کم چٹ کرو۔

شمسی گرہن میں گیارہ سو (1100) مرتبہ پڑھ لیں۔ پھر دشمن کا تصور کر کے گیارہ (11) پڑھیں۔

عمل دشمن شمسی گرہن

چڑھے سورماوڈا ماکاری۔ 1 لکھ 24 ہزار پیغمبر دی نال چڑھی سواری۔ دیو، جن، بھوت، پری، سب کھیڈن میرے پیر دی اگاڑی۔ موذی مارو گھیر کے حضرت شاہ علی، ڈنکا حضرت علی دا کرے پھڑک پھڑک، ایسی ضرب لگاؤ موذی جائے زمین میں تس، موذی کہانی من دا سر وہ تڑکہ، ڈنکا حضرت علی دا کرے گا میرے کم چج۔

جب تک گرہن لگا ہے، دشمن کے تصور سے پڑھتا رہے۔ پھر بوقت زوال دن کے 11:45 پر ایک سو ایک (101) مرتبہ پڑھتا رہے۔ دشمن کے لیے سخت عمل ہے۔

عمل شمسی گرہن دشمن

اک شیر ہو یہ خبردار، پھڑی سیان ذوالفقار، جس تسلیا تڑھنا (دھرنا) تنت گی اڑن تیرن تھڑک تیرن پھڑک چپے منتر پھرے واچاں ویکھاں علی شیر نارجی تیرے کام کا تماشا۔

گرہن کے اوقات میں بلاتعداد پڑھیں تصور کے ساتھ۔

نظرات سیارگان کے مختصر اعمال

مرتب: اراکین روحانی علاج گاہ

زوجین میں جدائی

نظر سیارگان	ابتداء	مکمل	خاتمہ
تربیع زہرہ مریخ	15-9-22 17:17	16-9-22 23:48	18-9-22 5:59

کسی وجہ سے اگر یہ منظور ہے کہ زوجین باہم دشمن ہو کر ایک دوسرے سے جدا ہو جائیں تو چاہیے کہ نقش مذکور کو درمیان دو قبر بیٹھ کر لکھے اور جن کے درمیان جدائی مطلوب ہو، ان کی خیالی تصویر پیش نظر رہے۔ اعتقاد پختہ ہو اور دن ہفتہ اور ساعت مریخ کی ہونا لازمی ہے۔ ان شاء اللہ تعالیٰ کامیابی ہو گی۔ صرف جائز مقصد کے لیے کر سکتے ہیں۔

والقینا	بینھم	العداوۃ	والبغضاء
بینھم	العداوۃ	والبغضاء	الی
العداوۃ	والبغضاء	الی	یوم
والبغضاء	الی	یوم	القیمۃ

رزق غیب سے عطا ہو

نظر سیارگان	ابتداء	مکمل	خاتمہ
قران شمس عطارد	23-9-22 00:10	23-9-22 11:49	23-9-22 23-31

جو کوئی شخص بشرط اعتقاد، نقش مذکور کو پاک وصاف ہو کر باصول طور پر لکھ کر اپنے پاس رکھے، خلاقِ عالم، رزق اس کو غیب سے عطا کرے گا۔

۷۸۶

۲۰۱۱	۲۰۲۴	۲۰۲۱	۲۰۱۸

۲۰۲۲	۲۰۱۷	۲۰۱۲	۲۰۲۳
۲۰۱۶	۲۰۱۹	۲۰۲۶	۲۰۱۳
۲۰۲۵	۲۰۱۴	۲۰۱۵	۲۰۲۰

جذام سے صحت

نظر سیارگان	ابتداء	مکمل	خاتمہ
تثلیث مریخ زحل	26-9-22 1:28	28-9-22 10.48	30-9-22 23:36

ضرورت مند کو چاہیے کہ نقش مذکور کو مصلیٰ نماز پر بیٹھ کر بعد ادائے نماز تحریر کر کے اپنے پاس رکھے اور سورۃ مذکور کو شب جمعہ میں بیس (20) بار پڑھے۔ اور اس عمل کو برابر جاری رکھے۔ ان شاء اللہ جذامی مریض کو شفاء ہو۔

۷۸۶

۳۱۰۵	۳۱۱۸	۳۱۱۵	۳۱۱۲
۳۱۱۶	۳۱۱۱	۳۱۰۶	۳۱۱۷
۳۱۱۰	۳۱۱۳	۳۱۲۰	۳۱۰۷
۳۱۱۹	۳۱۰۸	۳۱۰۹	۳۱۱۴

دشمن سے جگہ خالی کرانا

نظر سیارگان	ابتداء	مکمل	خاتمہ
مقابلہ شمس مشتری	26-9-22 3:01	27-9-22 00:32	27-9-22 20:04

دشمن کو بھگانے کے لیے یا کوئی جگہ قبضہ خالی کرانے کے لیے سات (7) قبر کی مٹی تھوڑی تھوڑی الگ الگ لائیں اور ہر ایک پر سات سات (7،7) مرتبہ سورۃ کوثر دم کر کے سب کو یکجا کر لیں اور پرانے کپڑے میں باندھ کر دشمن کے گھر میں یا جو قبضہ چھڑانا ہو وہاں کسی بھی جگہ رکھ دیں۔ چند دن میں دشمن بھاگ جائے گا۔

حصول علم وترقی علم کیلئے خاص نقش

عطارد زہرہ قران کے خاص وقت کا خاص عمل

ناظم روحانی درسگاہ حکیم مولانا علیم اللہ ظفر

عطارد زہرہ قران کے خاص وقت کا خاص عمل

حصول علم اور علمی ترقی کیلئے انسان کو جہاں دیگر بہت سارے اسباب وعوامل کی ضرورت ہوتی ہے، اس کے ساتھ ساتھ اچھا ذہن، مضبوط حافظہ اور مثالی قوتِ یادداشت کا ہونا بھی اشد ضروری ہے!

آج میں آپ کے سامنے جو روحانی تحفہ پیش کر رہا ہوں، اس کے ایک دو نہیں بلکہ سینکڑوں فوائد ہیں! عطارد زہرہ قران کی خاص ساعت میں یہ نقش بنوا کر پہننے سے حصول علم اور ترقی علم میں جتنی بھی رکاوٹیں ہیں، وہ بحکم خداوندی، دور ہو جاتی ہیں۔ اس کے پہننے سے علمی ترقی اور علمی حصول کی تمام منازل کو طے کرنا بہت ہی آسان ہو جاتا ہے۔ اس کے ساتھ ہی اگر زعفرانی سیاہی سے روغنی کاغذ پر 41 نقوش تیار کر کے یا تیار کروا کے پی لیے جائیں تو ذہن، حافظہ، یادداشت مثالی اور لاجواب بن جاتے ہیں۔

مزید، اگر یہ نقوش تیار کروا کر سر پر 7 بار اچھی طرح پھیر کر مسلسل کئی دن پھیرنے کے بعد جلاتے رہنے سے نظر بد کے وہ تمام نحس اثرات، جو حصول علم اور ترقی علم میں رکاوٹ ہوں، وہ ختم ہو جاتے ہیں!

نقش تیار کرنے کا خاص وقت

عطارد زہرہ قران کا وقت 26 ستمبر بروز پیر 11 بج کر 42 منٹ پر شروع ہو کر 27 ستمبر بروز منگل کو 10 بج کر 32 منٹ پر اختتام پذیر ہوگا۔

یہ نقش کس کس کیلئے فائدہ مند ہے؟

٭نقش حصول علم وترقی علم ہر طالب علم کیلئے بہت ہی قیمتی چیز ہے۔ ٭نقش حصول علم وترقی علم پڑھائی سے بھاگنے والے بچوں کیلئے بنوائیں۔ ٭نقش حصول علم وترقی علم پڑھائی سے دل اچاٹ طلبہ وطالبات کیلئے بنوائیں۔ ٭نقش حصول علم وترقی علم دماغی صلاحیت کو بڑھانے کے خواہش مند بنوائیں۔ ٭نقش حصول علم وترقی علم علمی میدان میں آگے بڑھنے کے شوقین بنوائیں۔ ٭نقش حصول علم وترقی علم ہر قسم کی تعلیمی رکاوٹوں کو دور بھگانے کیلئے بنوائیں۔ ہدیہ: 600 روپے

40 روزہ کورس برائے حصولِ علم وترقی علم

خاص زعفرانی سیاہی سے تیار کردہ 40 روزہ روحانی کورس برائے حصولِ علم وترقی علم کورس ادارہ سے آپ آرڈر پر تیار کروا سکتے ہیں۔ کوشش کی جائے گی کہ تھوک مقدار میں تیار کر لیے جائیں تاکہ خواہشمند حضرات جب چاہیں، ادارہ سے منگوا کر استعمال کر سکیں۔ ایک کورس تمام بہن بھائی بھی استعمال کر سکتے ہیں۔ **ہدیہ کورس: 1600 روپے**

نقش مبارک برائے حصول علم وترقی علم

۱۹۲۲	۱۹۲۶	۱۹۲۹	۱۹۱۵
۱۹۲۸	۱۹۱۶	۱۹۲۱	۱۹۲۷
۱۹۱۷	۱۹۳۱	۱۹۲۴	۱۹۲۰
۱۹۲۵	۱۹۱۹	۱۹۱۸	۱۹۳۰

الٰہی! اس نقش کی برکت سے فلاں بن، بنت فلاں کے علم میں ترقی اور حصولِ علم میں تمام رکاوٹوں کو دور فرمایئے! آمین۔

بقیہ (ص 11): روحانیات وتصوف

علم

1. علم حاصل کرنا ہر مسلمان مرد اور عورت پر فرض ہے۔
2. علم حاصل کرو ماں کی گود سے قبر تک۔
3. ہر چیز کا ایک راستہ ہوتا ہے، جنت کا راستہ ہے علم۔
4. علم کے ساتھ عمل اور دولت کے ساتھ شرافت نہ ہو تو دونوں بے کار ہیں۔
5. علم سے بڑھ کر کوئی دولت نہیں۔
6. تکبر علم کو کھا جاتا ہے۔

آج کل ہر کوئی کسی نہ کسی درجہ میں پریشان ہے۔ شاید ہی کوئی ایسا انسان ہو جس کو کوئی پریشانی نہ ہو۔ پریشانی کے حل کے لئے ہر کوئی اپنے بس میں جہاں تک ممکن ہو، تدابیر اختیار کرتا ہے۔ ان تدابیر میں روحانی تدابیر بھی ہیں جن سے وہ فائدہ ممکن ہے، جو اکثر اوقات دنیوی تدابیر سے ممکن نہیں ہوتا۔ ذیل میں مختصر تفصیل دی جا رہی ہے، جس کو پڑھ کر آپ کو معلوم ہوگا کہ روحانی علاج کن مقاصد میں آپ کے لئے مفید ہو سکتا ہے۔

معاشی مسائل: قرض ادا نہ ہونا، قرض وصول نہ ہونا، تنگیٔ رزق، نوکری نہ ملنا یا جلدی چھوٹ جانا، کاروبار نہ چلنا، جو بھی کام کریں اس میں نقصان ہی ہونا، پیسہ آنا مگر خرچ ہو جانا، بیرونِ ملک سفر میں رکاوٹ ہونا۔

تعلیمی مسائل: سبق یاد نہ ہونا، پڑھنے میں دل نہ لگنا، یاد ہونے کے باوجود غلطی کرنا، امتحان میں نتیجہ اچھا نہ آنا یا فیل ہونا۔

شادی کے مسائل: رشتہ نہ آنا، رشتہ آنا مگر طے نہ ہونا، خاص جگہ پر شادی ہونے میں رکاوٹ، منگنی ہو کر یا رشتہ طے ہو کر ٹوٹ جانا وغیرہ۔

زوجین کے مسائل: زبان دراز ہونا، گالیاں دینا، مارنا پیٹنا، خرچہ نہ دینا، باہر عورتوں میں دلچسپی رکھنا، ناجائز تعلقات، طلاق یا خلع تک معاملہ پہنچنا، ساس سسر نند بھاوج وغیرہ کے ناجائز رویے، گھر والوں کا آپس میں لڑنا، گھر والوں کا ایک دوسرے کی عزت نہ کرنا وغیرہ۔

اولاد کے مسائل: نافرمانی، غلط راہ پر چلنا، بچوں کا آپس میں لڑنا وغیرہ۔

دشمن کے مسائل: جان کا دشمن ہو جانا، ناجائز مقدمہ کر دینا، جائیداد یا حق پر قبضہ کر لینا، جادو ٹونہ کرواتے رہنا، زبان سے نقصان دینا وغیرہ۔

جادو کی تخریب کاریاں: رشتہ، صحت، اولاد، کاروبار، معاش، ترقی، عزت، کسی بھی قسم کی بندش و نقصان کرنا۔

جنات کی ستم ظریفیاں: نظر آنا، دباؤ ڈالنا، ڈرانا، آوازیں آنا، چھت پر چلنے پھرنے کی آوازیں آنا، رونے ہنسنے کی آوازیں آنا، چیز یا رقم کا چوری ہونا، چیزوں کا اپنی جگہ سے غائب ہو کر دوسری جگہ سے ملنا، خون پانی تیل وغیرہ کی چھینٹیں پڑنا، گھر میں موجودگی کا احساس ہونا وغیرہ۔

جسمانی امراض: علاج کروانے کے باوجود بیماری کا ٹھیک نہ ہونا، رپورٹس ٹھیک آنے کے باوجود بیماریاں ہونا، ایک بیماری کا ٹھیک ہونا تو دوسری کا لگ جانا، مسلسل گھر میں بیماری کا ڈیرے جمائے رکھنا، بڑی بیماریاں مثلاً کینسر، دل و جگر و دماغ کے امراض وغیرہ۔

خواتین کے خاص امراض: اولاد نہ ہونا، حمل کا اسقاط ہونا یا ہوتے رہنا، صرف لڑکیاں ہونا، اولادِ نرینہ کا حصول، رحم کے ہر قسم کے امراض

نفسیاتی امراض: غصہ، خوف، مایوسی، شہوت، بے سکونی، دہشت، وہم، وساوس کی کثرت، خیالوں میں کھوئے رہنا وغیرہ۔

اگر درج بالا مسائل میں سے آپ کسی مسئلہ یا مسائل کا شکار ہیں یا کوئی اور جائز خواہش یا دنیوی مقصد ہے تو اعتماد کے ساتھ تفصیل سے خط لکھیں، E-mail کریں، فون کریں یا بالمشافہ ملاقات کر لیں۔ عام ملاقات بروز اتوار شام 4 بجے تا 7 بجے کی جاتی ہے۔

عملیاتِ سورج گرہن

سید انور فراز (کراچی)

کلمہ ٔطیبہ کے جفری اسرار

بے شک حروف نورانی کے بعد حروف صوامت نہایت اہم اور اپنے اثرات میں نہایت قوی حروف ہیں اور اس کا ثبوت یہ بھی ہے کہ اسم ذات اللہ اور اسم پاک محمد صلی اللہ علیہ وسلم کے حروف پر بھی اگر نظر ڈالیں تو ان دونوں ناموں میں حروف صوامت ہی استعمال ہوئے ہیں۔ کسی حرف پر کوئی نقطہ نہیں ہے۔ اس سے بھی آگے بڑھ کر ہم دیکھتے ہیں کہ ہمارا کلمہ شریف بھی حروف صوامت پر ہی مشتمل ہے۔ پورے کلمے میں ایک حرف بھی ایسا استعمال نہیں ہوا ہے جس پر کوئی نقطہ ہو۔

ماہرین جفر نے کلمہ شریف سے بھی ایک نیا نقطہ برآمد کیا ہے۔ کلمے کے حروف کو علیحدہ علیحدہ لکھیں اور اس کے بعد تخلیص کریں یعنی جو حروف ایک سے زائد بار آئے ہیں، انہیں کاٹ دیں تو صرف 9 حروف اصل ہوں گے جو یہ ہیں: ل ا ہ م ح د ر س و

ان 9 حروف کے اعداد 354 ہیں جب کہ تمام حروف صوامت کے اعداد 543 ہیں یعنی اگر ان اعداد کی مفرد قوت لی جائے تو وہ 3 ہوگی۔ کلمہ شریف کے تخلیص شدہ حروف سے جو کلمہ بنتا ہے وہ یہ ہے: حمد السر ھو

اس کلمے کو ایک طلسم سمجھ لیجیے۔ اگر اس کے معنی معلوم کیے جائیں تو یہ ہوں گے۔ "تعریف کے قابل اس کے (اللہ کے) تمام بھید ہیں۔"

عزیزانِ من! 354 کا نقش مثلث بھر کے سورج گرہن میں اگر اس کی زکوٰۃ نکال لی جائے تو یہ نقش تمام بندش کے کاموں میں مفید ثابت ہوگا۔ نقش یہ ہے:

۱۱۷	۱۲۲	۱۱۵
۱۱۶	۱۱۸	۱۲۰
۱۲۱	۱۱۴	۱۱۹

سورج گرہن میں اس نقش کی زکوٰۃ ادا کرنے کا طریقہ یہ ہوگا کہ باوضو رجال الغیب کا خیال رکھتے ہوئے علیحدہ کمرے میں بیٹھیں۔ پہلے 354 مرتبہ اوّل و آخر درود شریف کے ساتھ کلمہ طیبہ پڑھیں۔ بعدازاں کالی یا نیلی روشنائی سے یا کسی پینسل سے 354 مرتبہ اس نقش کو لکھ لیں۔ نقش کے اوپر طلسمی کلمہ بھی ضرور لکھیں۔

آسانی کے لیے بہتر یہ ہوگا کہ پہلے سے کسی سادہ کاپی پر 354 نقوش کے خانے بنالیں تاکہ عین وقت پر صرف نقش بھرنے کا کام ہی کرنا پڑے۔ اس کام سے فارغ ہونے کے بعد کچھ شیرینی پر فاتحہ دیں اور ایصالِ ثواب میں تمام اولیائے کرام اور خصوصاً حضرت غوث گوالیاری رحمۃ اللہ علیہ کو نہ بھولیں۔ جس کاپی میں نقوش لکھے ہیں اسے کسی سیاہ کپڑے یا کاغذ میں لپیٹ لیں اور قبرستان میں جا کر ایسی جگہ دفن کردیں جو لوگوں کی گزرگاہ ہو۔

اب آپ ایک سال کے لیے اس نقش کے عامل ہوگئے۔ نقش کی تاثیر کو برقرار رکھنے کے لیے مداومت کے طور پر 9 نقش روزانہ لکھنا ہوں گے۔ اس کام کے لیے بھی ایک کاپی بنانا ہوگی، جس میں فرصت کے اوقات میں 9 نقش لکھ دیا کریں۔

مندرجہ بالا نقش کسی بھی قسم کی بندش کے لیے استعمال ہوسکتا ہے۔ نقش لکھ کر اس کے نیچے یا پشت پر مقصد کی سطر لکھ دیں۔ مثلاً اگر کسی کی زبان بندی مقصود ہے تو مقصد کی سطر کے طور پر اتنا لکھنا کافی ہوگا:

"بستم زبان فلاں بن فلاں در غرض و حق فلاں بن فلاں۔" اسی طرح مختلف بیماریوں کے علاج معالجے، یعنی ان کی روک تھام کے لیے بھی مقصد کی سطر نقش پر لکھی جاسکتی ہے، یعنی اگر کسی کا سر درد نہ جاتا ہو، دنیا بھر کے علاج ہو چکے ہوں تو یہ نقش لکھ کر دیں تاکہ سر میں باندھے، اسی طرح مرگی کے دوروں کی بندش کے لیے بھی یہ نقش استعمال کرسکتے ہیں، اگر خواتین کو ماہانہ نظام بہت شدید اور حد سے زیادہ ہو، جریان خون حد سے زیادہ ہونے کی وجہ سے جان جانے کا خطرہ ہو تو اس کی بھی بندش کی جاسکتی ہے لیکن یاد رہے کہ جریان خون کی بندش اسی صورت میں کی جائے جب جان جانے کا خطرہ ہو۔ بندش کی دوسری اقسام میں ایسے کاموں کے لیے بھی یہ نقش

استعمال ہوسکتا ہے جب کوئی بری یا گندی عادتوں میں مبتلا ہو مثلاً جھوٹ بولنا، چوری کرنا، نشہ کرنا، مار پیٹ کرنا، بدزبانی اور گالم گفتار کرنا، گھر سے بھاگنا وغیرہ۔

مقصد کی سطر اس طرح لکھیں:

"بستم دردِ سر فلاں بن فلاں"۔ "بستم دورۂ مرگی فلاں بن فلاں"۔ "بستم جریان خون فلاں بن فلاں"۔ "بستم دروغ گوئی فلاں بن فلاں"۔ "بستم عادتِ چوری فلاں بن فلاں"۔ "بستم عادت نشہ فلاں بن فلاں"۔ "بستم دست درازی فلاں بن فلاں"۔ "بستم بدزبانی فلاں بن فلاں"۔ "بستم قدم در ایں مکان فلاں بن فلاں"۔ "بستم ناجائز تعلق فلاں بن فلاں و بین فلاں بن فلاں"۔

اسی طرح دیگر بیماریوں کی روک تھام بھی اس نقش سے ممکن ہوئی۔ اس کے علاوہ بھی بے شمار مقاصد میں اسے استعمال کیا جا سکتا ہے۔ مثلاً ناجائز تعلقات کا خاتمہ، شراب، جوا یا دیگر عادات بد سے روکنا، طاقت ور دشمن کو ظلم سے روکنا وغیرہ۔ شرط یہی ہے کہ نقش کے ساتھ اپنا مقصد واضح طور پر لکھیں۔

نقش کے موکل کا نام "جیائل" ہے۔ نقش کی پشت پر اس کا نام بھی لکھیں۔ خیال رہے کہ موکل کے حروف ج، ی، ٹ ہیں۔

جس طرح حروفِ صوامت کے کاموں میں چاند، سورج گرہن، قمر در عقرب اور قران شمس و قمر وغیرہ کے اوقات بہتر ہوتے ہیں، اسی طرح اس نقش سے کام لیتے وقت ایسے ہی اوقات کو اولیت دیں۔ بحالت مجبوری اگر ایسا کوئی وقت قریب نہ ہو اور ضرورت شدید آن پڑے تو مقصد کو مدنظر رکھتے ہوئے عطارد، مریخ اور زحل کی ساعتوں کا انتخاب کریں، جو روز مل سکتی ہیں۔ اس کے علاوہ جو لوگ علم نجوم سے واقفیت رکھتے ہیں اور سیارگان کے نظرات کو سمجھتے ہیں، ان کے لیے مناسب وقت کا حصول زیادہ مشکل نہیں ہوتا۔

آخری بات وہی ہے جو ہم برسوں سے کہتے چلے آ رہے ہیں کہ ہرگز ہرگز کسی ناجائز مقصد کے لیے اس نقش کو استعمال نہ کریں۔ ہمیشہ اپنے جذبات پر قابو رکھیں۔ چھوٹی موٹی باتوں کو نظرانداز کر دیا کریں، خصوصاً اپنی ذات کے حوالے سے بہت زیادہ تحمل اور صبر و برداشت کا مظاہرہ کریں۔ خلق خدا کو فیض پہنچانے کی نیت رکھیں۔ اپنے ذاتی نام و نمود اور اپنے قوت و اقتدار کی خاطر اس نقش کی زکوٰۃ نہ دیں۔ اکثر لوگ اپنی تکلیف یا پریشانی کو بڑھا چڑھا کر بیان کرتے ہیں اور اپنے مخالف کے مظالم بھی بہت نمک مرچ لگا کر سناتے ہیں تاکہ ان کے خلاف کوئی کارروائی کی جائے۔ ایسے معاملات میں نہایت دانش مندی کی ضرورت ہوتی ہے، کیوں کہ یک طرفہ شکایات سامنے آتی ہیں۔

ان کی روشنی میں کوئی قدم اٹھانا نامناسب بات ہے۔ ایسی صورت میں جب تک قطعی اطمینان نہ حاصل ہو جائے، کوئی قدم نہ اٹھائیں۔ وہ لوگ جو حروف صوامت سے کام لیتے ہیں، مقصد کی سطر بنا کر ان کے طلسمی کلمے تیار کر کے اس نقش کے چاروں طرف لکھ دیں۔ یہ دو آتشہ کام ہو جائے گا۔ ہم نے ہر بات کھول کر بیان کر دی ہے۔

عمل برائے دشمن

اگر کسی دشمن سے جان کا خطرہ ہو اور وہ مسلسل پریشان کرتا ہو تو اکتالیس (41) کالی مرچیں لے کر گہن کے وقت یہ عمل کریں۔ خیال رہے کہ باوضو بیٹھیں اور رجال الغیب کی طرف پشت کریں یا انھیں بائیں ہاتھ پر رکھیں۔ قریب ہی کسی انگیٹھی میں کوئلے دہکا کر رکھیں۔ سب سے پہلے تین (3) بار یہ اسمائے الٰہی پڑھیں اور اپنے سینے پر دم کریں اور دونوں ہاتھوں پر دم کر کے ہاتھوں کو چہرے پر پھیر لیں "یا حافظ یا حفیظ یا رقیب یا وکیل۔"

بعدازاں ایک بار بسم اللہ الرحمٰن الرحیم پڑھ کر پوری سورۂ لہب پڑھیں اور دشمن کا نام مع والدہ لیں۔ پھر اس کالی مرچ پر دم کر کے اسے آگ میں ڈال دیں۔ اسی طرح اکتالیس (41) کالی مرچوں پر سورۂ لہب مع نام مع والدہ دشمن کا لے کر دم کریں اور اسے آگ میں ڈالتے جائیں۔ عمل ختم کرنے کے بعد کچھ مٹھائی پر فاتحہ دیں اور اسے لوگوں میں تقسیم کر دیں۔ چاول اور باجرہ برابر وزن میں ملا کر پرندوں کو ڈال دیں۔ ان شاء اللہ آپ کا دشمن تباہ و برباد ہوگا۔

قرآن کریم کی ہدایات سے بے اعتنائی برتنے والوں کا انجام

انجینئر محمد امان اللہ سدید عفی اللہ عنہ

قرآن کریم کی شیطان لعین سے متعلق وہ آیت جن کا تعلق آخرت سے ہے:

(۱) جہنم کے گرد اکٹھے کئے جانا:

اَوَلَا يَذْكُرُ الْاِنْسَانُ اَنَّا خَلَقْنٰهُ مِنْ قَبْلُ وَلَمْ يَكُ شَيْـًٔا ﴿۶۷﴾ فَوَرَبِّكَ لَنَحْشُرَنَّهُمْ وَالشَّيٰطِيْنَ ثُمَّ لَنُحْضِرَنَّهُمْ حَوْلَ جَهَنَّمَ جِثِيًّا ﴿۶۸﴾ ثُمَّ لَنَنْزِعَنَّ مِنْ كُلِّ شِيْعَةٍ اَيُّهُمْ اَشَدُّ عَلَى الرَّحْمٰنِ عِتِيًّا ﴿۶۹﴾ ثُمَّ لَنَحْنُ اَعْلَمُ بِالَّذِيْنَ هُمْ اَوْلٰى بِهَا صِلِيًّا ﴿۷۰﴾ وَاِنْ مِّنْكُمْ اِلَّا وَارِدُهَا ۚ كَانَ عَلٰى رَبِّكَ حَتْمًا مَّقْضِيًّا ﴿۷۱﴾ ثُمَّ نُنَجِّي الَّذِيْنَ اتَّقَوْا وَّنَذَرُ الظّٰلِمِيْنَ فِيْهَا جِثِيًّا ﴿۷۲﴾ (مریم: ۶۶-۷۲)

"کیا اور نہیں یاد کرتا ہے انسان (کہ) بے شک ہم نے اسے بنایا ہے (جب کہ) اس سے پہلے وہ کچھ بھی نہ تھا۔ تو تیرے پروردگار کی قسم! ہم انہیں (تمام انسانوں کو) اور سارے شیاطین (انس اور جن) کو جمع کر کے ضرور بہ ضرور جہنم کے ارد گرد گھٹنوں کے بل گرے ہوئے حاضر کر دیں گے۔ پھر ہم ہر گروہ میں سے انہیں الگ نکال کر کھڑا کریں گے۔ جو سب سے زیادہ الرحمن (اللہ تعالیٰ) پر اکڑ رکھتے تھے۔ پھر ہم انہیں بھی خوب جانتے ہیں جو جہنم میں جھونکے جانے کے زیادہ سزاوار ہوں گے۔ تم میں سے ہر ایک وہاں ضرور وارد ہونے والا ہے، یہ تیرے پروردگار کے ذمے قطعی فیصل شدہ امر ہے۔ پھر ہم پرہیزگاروں کو تو بچا لیں گے اور نافرمانوں کو اسی میں گھٹنوں کے بل گرا ہوا چھوڑ دیں گے۔"

آخرت میں تمام جن و انس کو جہنم کے گرد اکٹھا کیا جائے گا۔ اللہ تعالیٰ پر سچا ایمان رکھنے والے اور اس کی فرمانبرداری کرنے والے جہنم سے بچا لئے جائیں گے۔ باقی تمام حسب مراتب جہنم میں جھونکے جائیں گے۔ (العیاذ باللہ)۔

(۲) یاد دہانی اور انجام:

قیامت کے دن اللہ تعالیٰ اپنے تمام نافرمانوں کو جو انس و جن میں سے ہوں گے، انہیں الگ کر دیں گے اور ان سے فرمائیں گے کہ کیا میں نے تم سب کو آگاہ نہ کر دیا تھا کہ شیطان تمہارا کھلم کھلا دشمن ہے، اس کی بندگی ہرگز نہ کرنا؟

افسوس کہ وہ تم سب کو گمراہ کرنے میں کامیاب ہو گیا، کیا تم سب عقل سے خالی تھے؟

یہ ہے وہ جہنم جس سے تم جیسے لوگوں کو دنیاوی زندگی میں خبردار کر دیا گیا تھا۔ آج نافرمانی کی زندگی گزارنے کے نتیجے میں جہنم میں داخل ہو جاؤ۔

اَلَمْ اَعْهَدْ اِلَيْكُمْ يٰبَنِيْٓ اٰدَمَ اَنْ لَّا تَعْبُدُوا الشَّيْطٰنَ ۚ اِنَّهٗ لَكُمْ عَدُوٌّ مُّبِيْنٌ ﴿۶۰﴾ وَّاَنِ اعْبُدُوْنِيْ ۚ هٰذَا صِرَاطٌ مُّسْتَقِيْمٌ ﴿۶۱﴾ وَلَقَدْ اَضَلَّ مِنْكُمْ جِبِلًّا كَثِيْرًا ۚ اَفَلَمْ تَكُوْنُوْا تَعْقِلُوْنَ ﴿۶۲﴾ هٰذِهٖ جَهَنَّمُ الَّتِيْ كُنْتُمْ تُوْعَدُوْنَ ﴿۶۳﴾ اِصْلَوْهَا الْيَوْمَ بِمَا كُنْتُمْ تَكْفُرُوْنَ ﴿۶۴﴾ (یس: ۶۰-۶۴)

"اے اولادِ آدم! کیا میں نے تم سے قول قرار نہیں کیا تھا کہ تم شیطان کی عبادت نہ کرنا، بے شک وہ تمہارا کھلا دشمن ہے؟ اور یہ کہ میری عبادت (اطاعت) کرنا، یہی سیدھی راہ ہے۔ (اس کے باوجود) اس نے بہکا چھوڑا تم میں سے بہت ساروں کو، کیا تم عقل نہیں رکھتے ہوتے تھے؟ یہی وہ جہنم ہے جس کا تمہیں وعدہ دیا جاتا تھا۔ داخل ہو جاؤ آج کے دن اس میں اپنی کی گئی نافرمانی کی وجہ کر۔"

اللہ تعالیٰ کے خبردار کرنے کے باوجود اس سے لاپرواہی برتنے کا انجام جہنم ہے۔ عجیب بات ہے کہ عقل اور سمجھ انسان کے کچھ کام نہ آئی۔ جبکہ وہ اپنے دنیاوی معاملات میں ذہین اور فطین ہوتا تھا۔

سورۃ الملک میں اللہ تعالیٰ نے جہنمیوں کا قول نقل فرمایا ہے، جو وہ جہنم میں جھونک دیے جانے کے بعد کہیں گے:

وَقَالُوْا لَوْ كُنَّا نَسْمَعُ اَوْ نَعْقِلُ مَا كُنَّا فِيْٓ اَصْحٰبِ السَّعِيْرِ ۝۱۰

(الملک:۱۰)

”اور انہوں نے کہا، کاش ہم نے سنا ہوتا یا ہم نے عقل سے کام لیا ہوتا (تو) نہیں ہوتے ہم دوزخ والوں میں۔“

کتنے ہی افراد ہیں نوع انسانی میں، بلکہ اس امت میں اپنے بھائی بھی، جو اپنے غلط اور قرآن وحدیث کے مخالف عقائد کی تصحیح سے متعلق کچھ سننا ہی نہیں چاہتے ہیں۔ ان کے علماء اور مشائخ انہیں خصوصی ہدایت دیتے ہیں کہ جب بھی کوئی ان کے عقائد سے متعلق بات کرے تو ہرگز اس کی نہ سنیں ورنہ اس قسم کی بات کرنے والا ان کا ایمان ضائع کرا دے گا۔

کیا اس نوع کی ہدایت قبول کرنے والوں کا رویہ دنیاوی معاملات میں بھی ایسا ہی ہوتا ہے؟ کیا اللہ تعالیٰ کی عطا کردہ یہ عظیم نعمت، عقل صرف دنیا کی اس قلیل زندگی سے متعلق معاملات میں استعمال کے لئے ہے اور آخرت کی ابدی زندگی کے لئے اسے پس پشت ڈال دینا چاہئے؟ قرآن اور حدیث کی صحیح تعلیمات کی طرف سے کان اور عقل کو بند کروانے والا اور کون ہوسکتا ہے؟

قرآنی عقائد بالکل سیدھے سادے اور منطقی ہیں، پُرپیچ نہیں۔ اسی لئے شیطان اسے سننے سے ہی روکتا ہے، کیونکہ وہ جانتا ہے کہ عقل سلیم حق کو فوراً پہچان لے گی۔ یہی وجہ ہے کہ جب نبی اکرم ﷺ لوگوں پر قرآنی آیات پڑھتے تو دین اسلام کے مخالف مشرکین مکہ شور وغل مچاتے تا کہ لوگ ان آیات کو سن نہ سکیں۔

صحیح عقیدہ دین اسلام کی عمارت کی بنیاد ہے۔ اگر بنیاد غلط ہے تو عمارت ناپائیدار ہوگی۔ غلط عقائد کے ساتھ فوت ہونے والے کے لئے آخرت میں کچھ بھی نہ ہوگا، سب کچھ ضائع ہو چکا ہوگا۔ قرآن کا مطالعہ کھلے ذہن کے ساتھ کریں تو پوری بات واضح ہوجائے گی۔

(۳) شیطان لعین کا اقرار:

آخرت میں شیطان لعین اپنے کیے ہوئے وعدوں کے جھوٹ ہونے کا اقرار کرے گا اور اس وقت وہ انسانوں کو ہی موردِ الزام ٹھہرائے گا کہ مجھے کیوں ملامت کرتے ہو؟ اپنے انجام کے تو تم خود ذمہ دار ہو۔ میں نے تم سے وعدے کیے اور تم نے خود ہی اللہ تعالیٰ کے سچے وعدوں کو رد کر کے میرے جھوٹے وعدوں کو قبول کیا۔ میں تمہارے اس شرک سے بری ہوں، آج نہ تمہارا نہ میرا فریادرس کسی کے کام آئے گا۔

وَقَالَ الشَّيْطٰنُ لَمَّا قُضِيَ الْاَمْرُ اِنَّ اللّٰهَ وَعَدَكُمْ وَعْدَ الْحَقِّ وَوَعَدْتُّكُمْ فَاَخْلَفْتُكُمْ ۭ وَمَا كَانَ لِيَ عَلَيْكُمْ مِّنْ سُلْطٰنٍ اِلَّآ اَنْ دَعَوْتُكُمْ فَاسْتَجَبْتُمْ لِيْ ۚ فَلَا تَلُوْمُوْنِيْ وَلُوْمُوْٓا اَنْفُسَكُمْ ۭ مَآ اَنَا بِمُصْرِخِكُمْ وَمَآ اَنْتُمْ بِمُصْرِخِيَّ ۭ اِنِّىْ كَفَرْتُ بِمَآ اَشْرَكْتُمُوْنِ مِنْ قَبْلُ ۭ اِنَّ الظّٰلِمِيْنَ لَهُمْ عَذَابٌ اَلِيْمٌ ۝۲۲ (ابراھیم:۲۲)

”اور جب ہر کام کا فیصلہ کر دیا جائے گا تو شیطان کہے گا کہ بے شک اللہ نے تو تم سے سچے وعدے کئے تھے اور میں نے تم سے جو وعدے کیے تھے ان کے خلاف کیے، میرا تم پر کوئی زور تو نہ تھا۔ میں نے صرف تمہیں دعوت دی اور تم نے قبول کیا، پس تم مجھے الزام نہ دو بلکہ خود اپنے آپ کو ملامت کرو، نہ میں تمہاری فریادرسی کر سکتا ہوں اور نہ ہی تم میری۔ میں تو سرے سے تسلیم نہیں کرتا کہ تم مجھے اس سے پہلے اللہ کا شریک بناتے رہے ہو۔ یقیناً ظالموں کے لیے دردناک عذاب ہے۔“

فَاعْتَبِرُوْا يٰٓاُولِي الْاَبْصَارِ ۝۲ (الحشر:۲)

”تو عبرت حاصل کرو اے بصیرت رکھنے والو۔“ اس دشمن کے اعتراف سے جو اس کمبخت نے آخرت میں کرنا ہے اور اپنے آج کے دوستوں کو ذلیل کرتا ہے۔ اس دن دونوں میں سے کسی کو بھی کوئی فائدہ پہنچانے والا نہ ہوگا۔

(۴) حسرت و یاس لیکن لاحاصل:

کتنی ہی بار انسان شیطان کی دغابازیوں کو محسوس نہیں کرتا، بلکہ الٹا اسے

وہ اپنی چالاکی اور کامیابی تصور کرتا ہے۔ انبیاء اور رسولوں کے لائے ہوئے راستے کو جانتے بوجھتے ترک کرتا ہے۔ اس سے بے اعتنائی برتتا ہے، جب کہ کامیابی تو اس راستے کو اختیار کرنے میں ہے، لیکن دنیا کی وقتی کامیابیاں شیطانی راستوں پر انسان کو مگن رکھتی ہیں۔ جب آخرت میں اس کے سامنے شیطان کی دغابازیاں کھلیں گی تو حسرت اور یاس میں اپنے ہی ہاتھوں کو چبا ڈالے گا، حاصل کچھ بھی نہ ہوگا۔

وَيَوْمَ يَعَضُّ الظَّالِمُ عَلَىٰ يَدَيْهِ يَقُولُ يَا لَيْتَنِي اتَّخَذْتُ مَعَ الرَّسُولِ سَبِيلًا ﴿٢٧﴾ يَا وَيْلَتَىٰ لَيْتَنِي لَمْ أَتَّخِذْ فُلَانًا خَلِيلًا ﴿٢٨﴾ لَقَدْ أَضَلَّنِي عَنِ الذِّكْرِ بَعْدَ إِذْ جَاءَنِي ۗ وَكَانَ الشَّيْطَانُ لِلْإِنسَانِ خَذُولًا ﴿٢٩﴾ (الفرقان: ۲۷-۲۹)

”اور وہ دن جب ظالم انسان اپنے ہی ہاتھوں کو چبا ڈالے گا، کہے گا ہائے میری خرابی کاش کہ میں نے رسول ﷺ کے راستے کو اختیار کیا ہوتا۔ ہائے افسوس! کاش کہ میں نے فلاں کو اپنا جگری دوست نہ بنایا ہوتا۔ اس نے تو مجھے گمراہ کر کے چھوڑا باوجود اس کے کہ مجھ تک ہدایت آ چکی تھی (یعنی اللہ تعالیٰ کا پیغام اور انجام بد کی خبر) اور شیطان تو ہے ہی انسانوں کو دغا دینے والا۔“

اکثر لوگوں کی گمراہی کی وجہ غلط دوستوں کی صحبت ہوتی ہے۔ اسی لئے اچھی صحبت اختیار کرنے کی ہدایت آپ ﷺ نے اپنی امت کو دی ہے (مسلم)۔ یہ محاورہ عام زدِ زبان ہے کہ انسان اپنے دوستوں کے ذریعہ پہچانا جاتا ہے۔ انجام بھی اس کے ساتھ ہی ہوتا ہے جسے اس نے اپنا جگری دوست بنایا تھا۔ اللہ تعالیٰ اور اس کے رسول ﷺ کے راستے سے ہٹانے والے انسان، شیطان کے ہی کارندے ہوتے ہیں۔ یہ راز آخرت میں انسان پر کھلے گا اور پھر وہ وہاں حسرت اور یاس میں اپنے آپ کو ہی نوچ ڈالے گا لیکن حاصل کچھ بھی نہ ہونا ہے سوائے جہنم کے عذاب کے۔ اللہ تعالیٰ اپنی پناہ میں رکھیں۔ آمین!

آج اللہ تعالیٰ بندوں کو آگاہ کر رہے ہیں کہ شیطان تو ہے ہی انسانوں کو دغا دینے والا۔ کیا پھر بھی اس کے دھوکے میں آؤ گے؟

(۵) آخری انجام:

فَكُبْكِبُوا فِيهَا هُمْ وَالْغَاوُونَ ﴿٩٤﴾ وَجُنُودُ إِبْلِيسَ أَجْمَعُونَ ﴿٩٥﴾ قَالُوا وَهُمْ فِيهَا يَخْتَصِمُونَ ﴿٩٦﴾ تَاللَّهِ إِن كُنَّا لَفِي ضَلَالٍ مُّبِينٍ ﴿٩٧﴾ إِذْ نُسَوِّيكُم بِرَبِّ الْعَالَمِينَ ﴿٩٨﴾ وَمَا أَضَلَّنَا إِلَّا الْمُجْرِمُونَ ﴿٩٩﴾ فَمَا لَنَا مِن شَافِعِينَ ﴿١٠٠﴾ (الشعراء: ۹۴-۱۰۰)

”تو تمام گمراہ لوگ اس (جہنم) میں اوندھے منہ ڈالے جائیں گے۔ اور ابلیس کے تمام کے تمام لشکر بھی۔ آپس میں لڑتے جھگڑتے ہوئے کہیں گے اللہ کی قسم! ہم سب کھلی گمراہی میں رہے۔ جب کہ تمہیں (ابلیس اور اس کا لشکر) رب العالمین کے برابر بنا بیٹھے۔ اور نہیں گمراہ کیا ہمیں مگر ان مجرموں نے۔ اب تو ہمارا کوئی سفارشی بھی نہیں ہے۔“

ابلیس اور اس کے لشکر کا تو آخری ٹھکانہ جہنم ہی ہے، ان کے ساتھ ہی وہ تمام انسان ہوں گے جنہوں نے انہیں معبود بنا لیا تھا، اللہ تعالیٰ کی بندگی کرنے کے بجائے ان کی ہی اطاعت اور فرمانبرداری میں اپنی زندگی گزار رہی تھی، اللہ رب العزت کی ہدایت یعنی قرآن کریم کی کوئی پرواہ ہی نہ کی تھی، اس کی طرف رخ کرنے سے انہیں کوئی دلچسپی نہ تھی یا کتاب کا علم ہونے کے باوجود اس کی تعلیمات کو پس پشت ڈال رکھا تھا اور پھر بھی اپنے آپ کو راہ راست پر تصور کرتے تھے۔

انجام ایسے تمام لوگوں کا ایک ہی ہے، یعنی جہنم، درجات حسب مراتب مختلف ہو سکتے ہیں۔ (واللہ اعلم واعیاذ باللہ!)

ایسے لوگوں کو وہاں کوئی سفارشی بھی نہ ملے گا، جب کہ آپ ﷺ اور آپ ﷺ کی امت کے صالحین اور صدیقین کی سفارشوں سے دوسرے بہت سارے گناہگار جہنم سے نجات حاصل کریں گے۔ (مسلم)

کسی کو بھی اللہ تعالیٰ کے برابر کرنا، شرک ہے، ناقابل معافی جرم۔ کون ہوگا وہاں ایسے مجرموں کے لئے سفارش کرنے والا؟ سفارش اس دن صرف حق کے لئے ہی ہوگی، ناحق سفارش کرنے والا کوئی نہ ہوگا اور اس کی ہی ہوگی جس کے لئے اللہ تعالیٰ خود سفارش کروانا چاہیں گے۔

سورۃ مزمل کے خاص عمل کے عامل بنیں اور بنائیں

تعارف سورۃ مزمل قرآن پاک کی عملیاتی لحاظ سے سب سے بڑی، صاحب فضیلت، طاقتور اور مقبول صورت ہے، جس کسی نے بھی عملیات میں اونچا مقام پایا ہے وہ اپنے زمانے کا سورۃ مزمل کا بڑا عامل ضرور تھا۔ یہ عمل صدیوں سے عاملین کاملین کے ہاں معتبر اور مقبول ہے۔ برصغیر میں حضرت شاہ ولی اللہ رحمۃ اللہ علیہ کے خاندان کا نا صرف مجرب عمل ہے بلکہ حضرت شاہ اسماعیل شہیدؒ کا فرمان عالیشان ہے: "ہمیں جو کچھ ملا اس سورت کے صدقے اور طفیل ملا"۔ اس سورت کے فضائل، فوائد، مناقب اور اس کی طاقت کا ذکر کرنا یا اس کے فضائل کا احاطہ کرنا ایک صفحہ میں ممکن نہیں ہے۔

ابتدائی طور پر تین طرح زکوٰۃ نکلوائی جاتی ہیں۔ گھر میں، مزارات پر، قبرستان میں۔ پہلے درجے کی اجازت میں صرف گھر والی زکوٰۃ نکلوائی جاتی ہے۔ مزارات اور قبرستان والی زکوٰۃ کا ہدیہ الگ ہوتا ہے۔ جب یہ سب مکمل کر لیا جاتا ہے تو سورۃ مزمل کی بڑی تعداد والی زکوٰۃ نکلوائی جاتی ہے۔ اس کی تفصیل الگ ہے۔

اجازت لینے کے فائدے

اس سورۃ کا عامل بننے کے بہت فائدے ہیں، مختصر درج ذیل ہیں:

•• ہر طرح کے جادو کا علاج	•• ہر طرح کے جنات کا خاتمہ	•• ہر طرح کی بندشوں کا علاج	•• ہر طرح کے بد اثرات کا خاتمہ
•• ہر طرح کے دشمن سے نجات	•• مختلف جسمانی بیماریوں کا علاج	•• جادو واپس کرنا	•• فرد اور افراد کی تسخیر
•• محبت کے جائز معاملات	•• بغض کے جائز معاملات	•• فرد یا افراد کی زبان بندی	•• کشائش رزق
•• حصول ملازمت	•• ترقی کاروبار	•• قرض کی وصولی و ادائیگی	•• مختلف قسم کے شرور سے حفاظت
•• ہر قسم کی نظر بد کا علاج	•• روحانی تشخیص	•• جن/جنات سے کی معاونت حاصل ہو	•• جن/جنات تابع کرنا
•• روحانیت کی ترقی	•• جائز حاجات کا حصول	•• ہر طرح کی مشکلات کا حل	•• اور ہر طرح کے جائز مقاصد

اجازت کے لیے اہلیت

روحانی علاج سے معمولی واقفیت رکھتا ہو، جتنا زیادہ ہوگا اتنا زیادہ فائدہ ہوگا، عربی صحیح پڑھ سکتا ہو۔

اجازت لینے کا طریقہ اس عمل کی اجازت چونکہ نقد ہدیہ کے ساتھ مشروط ہے، اس لیے جو بھی اجازت لینا چاہے، وہ نقد ہدیہ ادا کر کے اجازت لے سکتا ہے۔ نقد ہدیہ **5100** روپے ہے۔ اس اجازت میں گھر والے پہلے دو درجوں کی زکوٰۃ نکلوائی جاتی ہے۔

خاص اجازت جو لوگ چلہ کشی نہیں کر سکتے، ان کو خاص اجازت بھی دی جاتی ہے، جس میں ضرورت پڑنے پر مختصر مدت میں عمل جاری کروا دیا جاتا ہے۔ خاص اجازت کا ہدیہ دوگنا ہوتا ہے۔

آگے سکھانے کی خاص اجازت جو عامل یہ چاہتے ہیں کہ اس عمل کو آگے سکھائیں، وہ پہلے خود اس عمل کے عامل بنیں گے۔ پھر رابطہ کر کے آگے سکھانے کی خاص اجازت حاصل کر سکتے ہیں۔

آسان عملیات

مولانا اعجاز احمد خان سنگھانوی مدظلہ (کراچی)

غیب سے روزی کے اسباب پیدا ہوں

اول بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ پڑھے، باوضو۔ اول وآخر درود شریف نماز والا گیارہ گیارہ (11-11) بار پڑھے۔ یہ درود شریف وظیفہ شروع کرنے سے پہلے گیارہ گیارہ (11-11) بار پڑھے۔ درود شریف یہ ہے:

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ مُحَمَّدٍ كَمَا صَلَّيْتَ عَلٰى اِبْرَاهِيْمَ وَعَلٰى اٰلِ اِبْرَاهِيْمَ اِنَّكَ حَمِيْدٌ مَّجِيْد۔ اَللّٰهُمَّ بَارِكْ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ مُحَمَّدٍ كَمَا بَارَكْتَ عَلٰى اِبْرَاهِيْمَ وَعَلٰى اٰلِ اِبْرَاهِيْمَ اِنَّكَ حَمِيْدٌ مَّجِيْدٌ۔

وظیفہ یہ ہے۔ ایک سو (100) مرتبہ پڑھے۔

يَا عَزِيْزُ۔ يَا وَهَّابُ۔ يَا وَاسِعُ۔ يَا بَاسِطُ۔ يَا رَزَّاقُ۔

وظیفے کے بعد حلال، پاکیزہ، باعزت، لمبے عرصے چلنے والے روزگار کی دعا کرلیا کرے۔ ان شاء اللہ تعالیٰ ضرور کامیابی حاصل ہوگی۔

باعزت اور باوقار مقام حاصل کرنے کا وظیفہ

(وظیفہ زیخاں از مولوی جودت صاحب رحمۃ اللہ علیہ)

یہ وظیفہ شروع کرنے سے پہلے وضو کرے اور اگر وضو ہے تو ٹھیک، وضو کرنے کی ضرورت نہیں ہے۔ پھر بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ پڑھے۔ اس کے بعد درود شریف نماز والا گیارہ (11) مرتبہ پڑھے۔ وہ یہ ہے:

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ مُحَمَّدٍ كَمَا صَلَّيْتَ عَلٰى اِبْرَاهِيْمَ وَعَلٰى اٰلِ اِبْرَاهِيْمَ اِنَّكَ حَمِيْدٌ مَّجِيْد۔ اَللّٰهُمَّ بَارِكْ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ مُحَمَّدٍ كَمَا بَارَكْتَ عَلٰى اِبْرَاهِيْمَ وَعَلٰى اٰلِ اِبْرَاهِيْمَ اِنَّكَ حَمِيْدٌ مَّجِيْدٌ۔

پھر ایک مرتبہ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ پڑھے۔ اس کے بعد یہ وظیفہ ایک سو (100) بار پڑھے۔

سُبْحَانَ مَنْ جَعَلَ الْمُلُوْكَ عَبْدًا بِالْمَعْصِيَةِ سُبْحَانَ مَنْ جَعَلَ الْعَبْدَ مُلُوْكًا بِالْاِطَاعَةِ

پھر آخر میں درود شریف گیارہ گیارہ (11-11) بار پڑھ کر باعزت اور باوقار مقام حاصل ہونے کی دعا کرے۔

یہ عمل پابندی سے کرے، جب ہی کامیابی حاصل ہوگی۔ کبھی عمل کرلیا اور کبھی چھوڑنے سے عمل کی تاثیر ختم ہوجاتی ہے۔ لہٰذا ناغہ کرنے سے پرہیز کرے۔

سحر، جادو، بندش، آسیب، جن، بھوت، دیو، پری، چڑیل کے اثر سے فوری نجات کا عمل

ابن ابی حاتم اور ابوالشیخ لیث بن ابی سلیم سے روایت کرتے ہیں۔ یہ نسخہ تیر بہدف ملا ہے۔

مندرجہ ذیل آیات پڑھ کر پانی والے برتن میں پھونک ماریں اور مریض کے سر پر ڈال دیا جائے۔ ان شاء اللہ تعالیٰ فوراً صحت یاب ہوجائے گا۔ آیات یہ ہیں:

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

فَلَمَّآ اَلْقَوْا قَالَ مُوْسٰى مَا جِئْتُمْ بِهِ السِّحْرُ ؕ اِنَّ اللّٰهَ سَيُبْطِلُهٗ ؕ اِنَّ اللّٰهَ لَا يُصْلِحُ عَمَلَ الْمُفْسِدِيْنَ ۝ وَيُحِقُّ اللّٰهُ الْحَقَّ بِكَلِمٰتِهٖ وَلَوْ كَرِهَ الْمُجْرِمُوْنَ ۝ (یونس: ۸۱، ۸۲)

فَوَقَعَ الْحَقُّ وَبَطَلَ مَا كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ ۝ فَغُلِبُوْا هُنَالِكَ وَانْقَلَبُوْا صٰغِرِيْنَ ۝ وَاُلْقِيَ السَّحَرَةُ سٰجِدِيْنَ ۝ قَالُوْٓا اٰمَنَّا بِرَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ۝ (اعراف: ۱۱۸ تا ۱۲۱)

اِنَّمَا صَنَعُوْا كَيْدُ سٰحِرٍ ؕ وَلَا يُفْلِحُ السَّاحِرُ حَيْثُ اَتٰى ۝

(طٰہٰ: ۶۹)

جلدی اور اچھی جگہ شادی

اگر کسی شخص کے بیٹے یا بیٹی کی شادی نہ ہوتی ہو اور وہ چاہے کہ اچھی جگہ اور جلد شادی ہو تو وہ شخص بعد نماز عشاء تین ہزار تین سو تیرہ (3313) مرتبہ اکیس (21) دن اس آیت مبارکہ کو پڑھے۔ اول آخر گیارہ (11) مرتبہ درود شریف پڑھے۔ ان شاء اللہ، اسی عرصہ میں مراد پوری ہوگی۔

آیت مبارکہ یہ ہے:

سُبْحٰنَ الَّذِیْ خَلَقَ الْاَزْوَاجَ كُلَّهَا مِمَّا تُنْۢبِتُ الْاَرْضُ وَمِنْ اَنْفُسِهِمْ وَمِمَّا لَا یَعْلَمُوْنَ (یٰس:۳۶)

دوران عمل اچھی خوشبو یا اگربتی لازمی جلائیں۔

لڑکی کی شادی نہ ہونا

اگر کسی لڑکے یا لڑکی کی شادی نہ ہوتی ہو تو درج ذیل آیات کو لکھ کر گلے میں ڈالیں۔ بہت جلد شادی ہوگی۔ نیک صالح بیوی یا شوہر ملے گا، ان شاء اللہ۔ بہت مجرب عمل ہے۔ بارہا کا آزمودہ۔

آیات یہ ہیں:

طٰسٓمّٓ ۝ تِلْكَ اٰیٰتُ الْكِتٰبِ الْمُبِیْنِ ۝ (الشعراء:۱-۲)

طٰسٓ تِلْكَ اٰیٰتُ الْقُرْاٰنِ وَكِتَابٍ مُّبِیْنٍ ۝ (النمل:۱)

طٰسٓمّٓ ۝ تِلْكَ اٰیٰتُ الْكِتٰبِ الْمُبِیْنِ ۝ (القصص:۱-۲)

اس عمل کو مشک زعفران اور گلاب سے لکھیں اور لڑکے کے دائیں بازو جب کہ لڑکی بائیں بازو پر باندھے۔

خواہش نیک بیوی

اگر کوئی مرد چاہے کہ اُس کو نیک بیوی ملے اور بہت جلد پیغام نکاح آئے تو وہ آیت مبارک

نَحْنُ نَرْزُقُكَ ۭ وَالْعَاقِبَةُ لِلتَّقْوٰى ۝ (طٰہٰ:۱۳۲)

بعد نماز جمعہ مشک و زعفران سے لکھ کر دائیں بازو پر باندھے۔ ان شاء اللہ جلد مراد پوری ہوگی۔

عمل مجربہ برائے نکاح

اگر کوئی لڑکی کنواری، بیوہ یا طلاق یافتہ گھر بیٹھی ہو اور شادی کی صورت نظر نہ آتی ہو یا کوئی مرد جس کو شادی کی ضرورت ہو تو وہ رات سونے سے پہلے دو (2) رکعت نماز نفل اور ستر (70) مرتبہ یہ آیت مبارکہ پڑھے اور سات (7) ہفتے بلا ناغہ عمل کرے اور اللہ تعالیٰ سے دعا کرے۔ آیت مبارکہ یہ ہے:

وَمَنْ یَّتَّقِ اللّٰهَ یَجْعَلْ لَّهٗ مَخْرَجًا ۝ وَّیَرْزُقْهُ مِنْ حَیْثُ لَا یَحْتَسِبُ ۭ وَمَنْ یَّتَوَكَّلْ عَلَى اللّٰهِ فَهُوَ حَسْبُهٗ ۭ اِنَّ اللّٰهَ بَالِغُ اَمْرِهٖ ۭ قَدْ جَعَلَ اللّٰهُ لِكُلِّ شَیْءٍ قَدْرًا ۝ (الطلاق:۲-۳)

کثرت پیغام نکاح

لڑکیوں کے پیغام نکاح بکثرت آنے کے لیے سورۃ الاحزاب کو ہرن کی جھلی پر یا کاغذ پر زعفران سے لکھ کر ڈبہ میں بند کر کے گھر میں رکھیں۔ بہت پیغام آئیں گے، ان شاء اللہ۔

نسبت طے ہو

اگر کوئی ماں باپ چاہتے ہو کہ اُس کی بیٹی یا بیٹے کی نسبت اچھی جگہ طے ہو جائے تو وہ ہر روز بعد نماز عشاء "یَا جَامِعُ" کو گیارہ سو گیارہ (1111) مرتبہ پڑھیں تا حصول مراد، اول آخر گیارہ (11) مرتبہ درود شریف کے ساتھ۔

ترکیب عمل: سب سے پہلے سُرخ سیاہی اس طرح سے تیار کریں۔ سُرخ سیاہی میں تھوڑا سا تمبا کو مکس کر کے مکمل یکجاں کریں۔ بعد میں یہ کلمات ایک سو آٹھ (108) مرتبہ پڑھیں۔ ابلیس و ابلیس لشکر غرق شد در سیاہی پر تین (3) مرتبہ دم کریں۔

جب سیاہی تیار ہو جائے تو بعد میں تعویذ کو آتشی چال میں سات (7) یا گیارہ (11) یا پندرہ (15) یا اکیس (21) یا پھر اکتالیس (41) بار لکھیں اور تعویذ لکھنے کی تعداد مرض کو کنٹرول کرنے کے مطابق لکھیں۔ مطلب یہ ہے کہ مرض نارمل ہے تو تعویذ کم لکھیں اور اگر مرض میں شدت زیادہ ہے تو پھر زیادہ تعویذ لکھیں۔

جب تعویذ مکمل تیار ہو جائیں تو اس کے بعد ہر ایک تعویذ کے اندر تھوڑا تھوڑا کر کے تمبا کو ضرور ڈالیں کیونکہ تمبا کے میں راز کی بات چھپی ہوئی ہے اس لئے کہا جارہا ہے۔ اس کے بعد تمام تعویذات کو سامنے رکھ کر یہ کلمات اس طرح سے پڑھیں۔ ابلیس و ابلیس لشکر غرق شد کم سے کم تعویذ کی تعداد ایک ہزار آٹھ (1008) مرتبہ پڑھ کر تعویذات پر تین (3) مرتبہ دم کریں۔

ہامان ملعون	شداد ملعون	نمرود ملعون	فرعون ملعون
نمرود ملعون	فرعون ملعون	ہامان ملعون	شداد ملعون
فرعون ملعون	نمرود ملعون	شداد ملعون	ہامان ملعون
شداد ملعون	ہامان ملعون	فرعون ملعون	نمرود ملعون

واسطے خبیث جنات، جادو ٹونہ، نظر بد، بندش و رجعت فوراً ختم ... ختم شود ختم ختم شود ...
ابلیس و ابلیس لشکر غرق شد غرق شد غرق شد

ترکیب استعمال: روزانہ ایک تعویذ کو مغرب کی آذان سے تقریباً پندرہ (15) منٹ پہلے سُرخ انگاروں پر رکھ کر اور مریض کو صرف اور صرف دھونی دینی ہے اور وہ دھونی مریض کے ناک میں، کانوں میں، بالوں میں، مکمل چہرے پر اور مریض کے آگے پیچھے دائیں و بائیں دھونی مکمل دیں اور روزانہ عصر اور مغرب کے درمیان میں تعویذ کو مریض خود مکمل جسم پر مسان کر کے اس کے بعد تعویذ کو زمین پر رکھ کر بائیں پاؤں کا جوتا سات (7) مرتبہ تعویذ کو ماریں اور ہر بار جوتا لگاتے وقت یہ حکم ضرور لگائیں۔

حکم یہ ہے: مجھ میں جو بھی خبیث جنات، جادو ٹونہ، نظر بد، بندش اور رجعت ہے اس کو فوراً ختم کرو۔ بعد میں اس تعویذ کو جلا کر راکھ کو باتھ روم میں پیشاب والی جگہ پر ڈال دیں۔ بالکل اس طرح سے روزانہ 7,7 مرتبہ جوتے کی تعداد کو بڑھاتے جائیں اور 7,7 مرتبہ حکم کی تعداد کو بھی بڑھاتے جائیں۔

نوٹ: علاج کے دوران مریض کو پرہیز کی مکمل پابندی کروائیں کیوں کہ پرہیز آدھی شفاء ہوتی ہے۔ ان شاء اللہ تعالیٰ تھوڑے ہی دنوں میں مریض کو روحانی صحتیابی حاصل ہو جائے گی۔

اب یہ علاج ہو گیا۔ اب آتے ہیں مریض کے کاروبار اور مکان میں ہر طرح کے بداثرات کو ختم کرنے کے لئے۔ سب سے پہلے اس جگہ پر مکمل جھاڑو لگوائیں۔ مکڑی کے جالے وغیرہ کی مکمل صفائی کروائیں۔ اس کے بعد حقہ کا پانی تقریباً پانچ (5) یا سات (7) یا پھر گیارہ (11) کلو ہو، اس پانی پر مندرجہ بالا منتر کو مندرجہ بالا کی تعداد کے مطابق پڑھ کر پانی پر مرتبہ دم کریں۔

(بقیہ ص 61)

1 99 اسماء الحسنیٰ

کاغذ	سفید	رنگ سیاہی	زعفرانی	سائز	3.4" x 5'
کوڈ نمبر	PN/A 001	تعداد	100	قیمت	215

ننانوے (99) اسماء الحسنیٰ کا تعویذ عاملین اور روحانی معالجین میں بہت مجرب مانا گیا ہے۔ دنیا کے ہر جائز کام، مقصد، خواہش کے حصول کے لیے اس کو استعمال کیا جا سکتا ہے۔ ہر طرح کی مصیبت، پریشانی، آفت سے نجات کے لیے اس کو استعمال کیا جا سکتا ہے۔ یہ تعویذ سائل کو پاس رکھنے کے لیے یا کسی جگہ پر لگانے کے لیے دیا جاتا ہے۔

طریقہ استعمال تعویذ کے نیچے سائل کا نام مع والدہ اور مقصد لکھیں۔

پھر تین (3) مرتبہ "ننانوے (99) اسماء الحسنیٰ"، اول و آخر تین مرتبہ درود شریف پڑھ کر دم کریں۔ اعلیٰ عربی خوشبو کا عطر لگائیں اور بخوری دھونی دیں۔ پھر سائل کو گلے میں ڈالنے کے لیے، پاس رکھنے کو یا جگہ پر لگانے کے لیے دیں۔ سائل کو تاکید کریں کہ ایک مرتبہ روزانہ "ننانوے (99) اسماء الحسنیٰ"، اول و آخر ایک مرتبہ درود شریف پڑھ کر تعویذ پر دم کرتا رہے۔ ہفتہ میں ایک بار تعویذ کو اعلیٰ عربی خوشبو سے بخوری دھونی دیتا رہے۔

2 قابض 903 بار

کاغذ	سفید	رنگ سیاہی	زعفرانی	سائز	3 4" x 5"
کوڈ نمبر	PN/A-002	تعداد	100	قیمت	215

دارالعمل چشتیہ کا خاص تعویذ

یہ تعویذ خاص کر جادو سے نجات کے لیے استعمال کیا جاتا ہے۔ مریض ہو یا جگہ پر جادو کا اثر ہو، کسی بھی طرح کی جادو کی وجہ سے بندش لگی ہو، سب سے نجات کے لیے یہ تعویذ بہت مجرب ہے۔

طریقہ استعمال تعویذ کے نیچے سائل کا نام مع والدہ اور مقصد لکھیں۔ پھر "یَا قَابِضُ" کو نو سو تین (903) مرتبہ، اول و آخر تین بار درود شریف پڑھ کر دم کریں اور اعلیٰ عربی خوشبو کا عطر لگا کر مریض کو دیا جائے۔ یہ تعویذ مریض گلے میں ڈالے، پاس رکھے۔ گھر یا جگہ پر لگانے کے لیے بھی دیا جا سکتا ہے۔

مریض کو تاکید کی جائے کہ روزانہ "یَا قَابِضُ" کو نو سو تین (903) مرتبہ، اول و آخر تین بار درود شریف پڑھ کر تعویذ پر دم کرتا رہے۔ اگر گھر یا جگہ پر بھی لگایا ہے تو الگ سے پڑھ کر اس تعویذ پر بھی دم کیا جائے۔ یہ عمل بلا ناغہ چالیس (40) یوم جاری رکھا جائے۔ اس کے بعد بارہ (12) بار کا روزانہ کا معمول رکھ لیا جائے، اول و آخر ایک بار درود شریف۔ ہفتہ میں ایک بار تعویذ کو خوشبو کی دھونی دینے کا اہتمام کرتے رہیں۔ ان شاء اللہ، بہت عرصہ تک اس تعویذ کا فیض جاری رہے گا۔

3 قہار کا 306 مرتبہ والا خاص تعویذ برائے مختلف مقاصد

کاغذ	سفید	رنگ سیاہی	زعفرانی	سائز	3.4" x 3.6"
کوڈ نمبر	PN/A-003	تعداد	100	قیمت	160

دارالعمل چشتیہ کا خاص تعویذ

یہ تعویذ خاص کر جنات سے نجات کے لیے استعمال کیا جاتا ہے۔ مریض ہو یا جگہ پر جنات کا اثر ہو یا آسیب ہو، سب سے نجات کے لیے یہ تعویذ بہت مجرب ہے۔

طریقہ استعمال تعویذ کے نیچے سائل کا نام مع والدہ اور مقصد لکھیں۔ پھر "یَا قَهَّارُ" کو تین سو چھ (306) مرتبہ اول و آخر تین بار درود شریف پڑھ کر دم کریں اور اعلیٰ عربی خوشبو کا عطر لگا کر مریض کو دیا جائے۔ یہ تعویذ مریض گلے میں ڈالے، پاس رکھے۔ گھر یا جگہ پر لگانے کے لیے بھی دیا جا سکتا ہے۔

مریض کو تاکید کی جائے کہ روزانہ "یَا قَهَّارُ" کو تین سو چھ (306) مرتبہ، اول و آخر تین بار درود شریف پڑھ کر تعویذ پر دم کرتا رہے۔ اگر گھر یا جگہ پر بھی لگایا ہے تو الگ سے پڑھ کر اس تعویذ پر بھی دم کیا جائے۔ یہ عمل بلا ناغہ چالیس (40) یوم جاری رکھا جائے۔ اس کے بعد چھتیس (36) بار کا روزانہ کا معمول رکھ لیا جائے، اول و آخر ایک بار درود شریف۔ ہفتہ میں ایک بار تعویذ کو خوشبو کی دھونی دینے کا اہتمام کرتے رہیں۔ ان شاء اللہ، بہت عرصہ تک اس تعویذ کا فیض جاری رہے گا۔

4 اسم ذات "اللہ" کا خاص تعویذ

کاغذ	سفید	رنگ سیاہی	زعفرانی	سائز	2 4" x 3 6'
کوڈ نمبر	PN/A-004	تعداد	100	قیمت	120

دارالعمل چشتیہ کا خاص تعویذ

اسم ذات کا خاص تعویذ ہے جو ہر جائز مقصد کے لیے اور ہر پریشانی سے نجات کے لیے بہت مجرب ہے۔ برکت و رحمت کے حصول، امراض سے شفا، شادی، کاروبار، رزق، تعلیم، محبت، دلی مراد، دشمن، مقدمات، جائیداد الغرض ہر طرح کے مسائل کے حل اور جائز مقصد کے لیے بہت ہی مجرب ہے۔

طریقہ استعمال تعویذ کے نیچے سائل کا نام مع والدہ اور مقصد لکھیں۔ چھیاسٹھ (66) بار "یَا اَللّٰهُ" پڑھ کر تعویذ پر دم کریں۔ اعلیٰ عربی خوشبو کا عطر لگائیں اور بخوری دھونی دیں۔ سائل کو پاس رکھنے یا گلے میں ڈالنے کے لیے دیں۔ سائل کو کہیں کہ روزانہ بارہ (12) مرتبہ "یَا اَللّٰهُ" کو پڑھ کر تعویذ پر دم کرتا رہے۔ ہفتے میں ایک بار تعویذ کو اعلیٰ عربی بخوری کی دھونی دیا کرے۔

تسخیر الخلائق اور کثیر الفوائد خاص خاص اعمال

صوفی ظفر محمد کھوکھر (جھنگ صدر)

رجوع خلائق، مریضوں کا رجوع حاصل کرنے کیلئے

عبارت عمل: یَابَارِئُ۔ اسم شریف تجربہ شدہ

تعداد: ایک ہزار ایک سو (1100) بار ورد

طریقۂ عمل: کسی حکیم یا ڈاکٹر کے مریض کم آتے ہوں یا عامل حضرات کے پاس لوگ آتے آتے بند ہو گئے ہوں تو ہر نماز کے بعد گیارہ سو (1100) بار ورد کرتے رہیں۔ ہر دن سمت تبدیل کرتے رہیں۔ اگر پہلے دن کعبہ کی طرف عمل پڑھا ہے تو دوسرے دن شمال کی طرف وظیفہ کرے۔ تیسرے دن جنوب کی طرف پڑھیں۔ چوتھے دن مشرق کی طرف کرکے پڑھیں یعنی جس طرف سورج نکلتا ہے۔ ان پڑھ لوگوں کے لئے آسان عمل ہے لیکن جسم صاف اور وضو کرکے پڑھنا ہے، ورنہ اثر نہیں ہوگا اور رجعت کا بھی خطرہ ہے۔ باادب بانصیب، بے ادب بے نصیب۔ تسخیر خود اپنے آنکھوں سے دیکھیں۔ خدا کے کلام اور نام میں بہت بڑی برکت ہے لیکن انسان کا مسلمان ہونا شرط، رزق حلال لازمی ہے۔ قرآنی اعمال میں ورد کرنے والا اگر اپنے آپ کو مسلمان کہتا ہے تو پانچ وقت کی نماز پڑھے۔

رجوع خلائق، ظالم کو تسخیر کرنا، غریبی دور کرنے کے لئے سورۂ اخلاص کا عمل

عبارت عمل: قُلْ هُوَ اللّٰهُ اَحَدٌ بِحُرْمَتِ جِبْرَائِیْلُ اَللّٰهُ الصَّمَدُ یَااِسْرَافِیْلُ لَمْ یَلِدْ یَامِیْکَائِیْلُ وَلَمْ یُوْلَدْ یَاعِزْرَائِیْلُ وَلَمْ یَکُنْ لَهٗ کُفُوًا اَحَدٌ یَادَرْدَائِیْلُ یَامِهْرَائِیْلُ۔

طریقۂ عمل: نمازِ فجر کے سلام پھیرنے کے بعد اپنے روزانہ کے اعمال پڑھ کر پانچ منٹ خاموشی سے بیٹھ جائیں۔ اس کے بعد بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ایک (1) بار پڑھ کر یہ عمل ایک سو (100) بار ورد کریں۔ تصور اپنے مقصد کا رکھ کر پڑھیں۔ اس کے بعد دعا کریں۔ اس طرح نماز عشاء کے بعد پڑھیں۔ نماز عشاء کے بعد عمل پڑھ کر دعا مانگ کر وہیں پانچ یا دس منٹ بیٹھے رہیں، اس کے بعد ہر جگہ جا سکتے ہیں۔ اس طریقہ سے رجعت سے بچیں رہیں گے۔ میں نے اپنا عمل ظاہر کیا ہے۔ اس طرح صاف باتیں کوئی مشکل سے بتائے گا۔ آخر میں دعا کر دیں سب مسلمانوں کی خیر کیلئے۔

کاروبار چلانے، عملیات کا کام چلانے کے لئے، قرض دور کرنے کے لئے

عبارت عمل: یَابُدُّوْحُ یَاوَهَّابُ۔

تعداد: تین ہزار چار سو (3400) بار

طریقۂ عمل: عشاء کی نماز پڑھنے کے بعد دوبارہ وضو کرکے علیحدہ جگہ بیٹھ کر آیت الکرسی یا سورۂ اخلاص تین (3) بار پڑھ کر اپنے جسم پر دم کریں۔ اس کے بعد پہلی بار تسمیہ پڑھ کر یہ دونوں اسم ورد کریں تین ہزار چار سو (3400) بار۔ پھر اپنے مطالب کیلئے دعا کریں۔ جس کا قرض دینا ہے اس طرف دم کریں۔ دکان داری ہے تو چاروں طرف پھونک مار دیں۔ پانچویں بار اپنے جسم پر پھونک مار کر وہیں چند منٹ آنکھیں بند کرکے گاہک آنے اور پریشانی دور کرنے کا کیا حل کریں؟ تصور کرکے مدد کی درخواست دل میں دوبارہ کریں۔ ایک چلے میں خود دیکھیں گے۔ حد تین (3) چلے میں غیب سے مدد ہوگی۔ دنیاوی وسائل کرتے رہیں، یہ سنت رسول ﷺ ہے۔ حیلہ روزی بہانہ موت مثل مشہور ہے۔ سمجھانا ہمارا کام ہے، کام کرنا یا نہ کرنا تمہارا کام۔

جنتر منتر کے عامل کا کام بند ہوگیا ہو یا کوئی منتر پڑھنے کا شوق رکھتا ہو

پہلے چلے سے روزی آنی شروع ہوگی۔ اس عمل کو کریں، قدرت روزی دے گی۔

عبارت عمل: یا ہنومان خلقت حاضر کر ورنہ سوختہ شد بحقِ عَزَّازِیْل لعین دھائی سلیمان علیہ السلام بحقِّ یَابُدُّوْحُ

(بقیہ ص 27)

بچوں کے نام کیسے رکھیں؟

بادانادعلی بہلول (راجن پور)

والدین بچوں کے نام بہت خوبصورت چن کر تجویز کرتے ہیں۔ نام کا اثر ہر شخص کی زندگی پر ہوتا ہے۔ ہمارے ہاں بیشتر لوگ نجوم کے اصول قواعد کا خیال نہیں رکھتے اور بنا سوچے سمجھے نومولود کا خوبصورت سا نام تجویز کر دیتے ہیں۔ اہل علم سے رابطہ کئے بغیر وہ لوگ ایسا کرتے ہیں۔ اللہ تعالیٰ نے آسمان پر سیارے اور ستاروں کو روشنی اور قوت بخشی ہے۔ ان سے خارج ہونے والی شعاعیں ہماری زندگی میں بہت تیزی سے عمل ور آمد کرتی ہیں۔ سب سے پہلے بآسانی نظر آنے والے دو سیارے شمس اور قمر کا ذکر کریں گے۔ شمس کو بادشاہ فلک کہا جاتا ہے کہ جب یہ سیارہ آسمان پر طلوع ہو تو سب غروب ہو جاتے ہیں اور جب یہ سیارہ آسمان سے غائب یا غروب ہو جائے تو دیگر سیارگان جلوہ افروز ہوتے ہیں جیسا کہ سب کو معلوم ہے کہ شمس آگ کا ایک گولہ ہے۔ اس سے حدت ظاہر ہوتی ہے۔ بے انتہا روشن اور تابناک ہے کہ اس کی جانب نظر نہیں جما سکتے۔ آگ کا تضاد پانی ہے۔ جس کا سیارہ چاند، شمس کے غروب ہونے کے بعد ظاہر ہوتا ہے۔ مزاج آبی ہونے کی وجہ سے ٹھنڈک، تازگی، خوشی کا احساس ہوتا ہے۔ یہ دونوں سیارگان اپنے تپتے مزاج کو زمین پر ظاہر کرتے ہیں یعنی سورج میں حدت انسانی جسم پر بھی اثر انداز ہو تو گرمی اور پسینے کی شکل میں ظاہر کرتی ہے۔ شمس آتشی عنصر رکھتا ہے جس کی مثال ایسی ہے کہ اگر دوپہر کے وقت کسی عدسہ کے نیچے کاغذ کو مخصوص انداز میں رکھا جائے تو اس میں آگ لگ جاتی ہے۔ ثابت ہوا کہ شمس آتشی عنصر رکھتا ہے اور یہ بات ہر خاص و عام پر عیاں ہے کہ چاند آبی مزاج رکھتا ہے کہ جب چاند کی 12 تا 15 تاریخ ہو تو مکمل جوبن پر روشنی تازگی کے احساس کے علاوہ سمندروں میں طغیانی اس قدر آتی ہے کہ سمندر کا پانی بھی بڑی بڑی لہروں کے ساتھ ساحل کی حدوں کو چھونے لگتا ہے۔

علمائے فلاسفہ نے سیارگان سے متعلق حروف ترتیب دیئے ہیں۔ سات سیارے کائنات میں موجود ہیں اور 28 حروف ابجد قمری ہیں۔ کائنات عناصر اربع یعنی آگ، ہوا، پانی، مٹی سے ترتیب دی گئی۔ یہی عناصر جب حروف ابجد میں تقسیم کئے گئے تو ہر سیارہ کے حصہ میں 4,4 حرف آئے۔ مستند علمائے فلاسفہ کی ترتیب کے مطابق 28 حرف میں سے ہر 7 حرف عناصر اربع کا مزاج رکھتے ہیں یعنی 7 حرف آتشی تو 7 آبی، 7 خاکی ہیں تو 7 بادی۔ ان عنصری ترتیب، باہمی دوستی اور دشمنی کی بنیاد پر ہے۔ آتش کی دوستی باد سے ہے کیونکہ آگ کو ہوا دیں گے تو وہ بڑھے گی لیکن آتش کا تضاد آب سے ہے۔ آگ پر پانی ڈالیں گے تو بجھ جائے گی۔ بالکل اسی طرح حروف اپنی تاثیر و اثرات ظاہر کرتے ہیں۔ سیارگان میں مذکر اور مؤنث سیارے بھی موجود ہیں۔ مذکر سیارگان میں شمس، قمر اور مریخ جبکہ مؤنث سیارگان میں زہرہ، زحل اور مشتری شامل ہیں۔ سیارہ عطارد مخنث مانا جاتا ہے یعنی کہ نہ مرد نہ عورت ہاں

اگر نومولود کا نام مؤنث حروف سیارگان سے منسوب کر دیا جائے تو لازماً اس بچے میں کچھ خاصیتیں صنف نازک سی پائی جائیں گی اور اسی طرح اگر کسی نومولود بچی کا نام مذکر حامل حروف سیارگان سے منسوب کر دیا جائے تو اس میں ضرور کچھ نہ کچھ مردانہ خاصیتیں ظاہر ہوں گی یعنی بات چیت، چلنا پھرنا اور عام زندگی کے معمولات شامل ہیں۔ دونوں درجے کے حروف میں ہر درجہ سے برآمد ہونے والے 12,12 حرف ترتیب سے خاصیت اول، دوم اور سوئم استخراج کی گئی۔ باقی رہ جانے والے 4 حرف سیارہ عطارد سے منسوب ہیں۔ کوشش کی جائے کہ نومولود کا پیدائشی زائچہ استخراج کرنے کے بعد موجود کمزور اور طاقتور سیارگان کے بارے میں جاننا چاہیے اور پھر انہی سیارگان سے متعلق کمزوری کو دور کرنے کیلئے حل کرنا چاہیے۔ مثلاً ایک شخص کے ہاں بیٹا پیدا ہوتا ہے، زائچہ استخراج کروانے کے بعد اس کا نام حرف "ع" سے تجویز کیا جاتا ہے، یقیناً دیکھا جائے گا کہ اس حرف سے منسوب سیارہ مریخ بوقت پیدائش قوت میں تھا تو ٹھیک اسی حرف سے نام تجویز ہوگا۔ دوسری جانب مشاہدہ کیا جائے گا کہ زائچہ میں کون کون سے سیارے بوقت

پیدائش وبال، نحوست یا رجعت میں ہیں تو ان سیارگان سے منسوب امور بارے اس نومولود کو عملی زندگی میں مایوسیاں اور ناکامیاں ملیں گی۔ ان ناکامیوں کو کامیابیوں میں بدلنے کیلئے جب کمزور سیارگان اپنی قوت یعنی جب شرف یا اوج کے درجہ پر فائز ہوں تو فوری طور پر لوح نگینہ یا طلسم نومولود کو تیار کر کے دیا جائے تاکہ اس کی زندگی میں کمزور سیارگان کی کمزوری کا اخراج ہو۔ وہ لوگ جو کہ سخت محنت کے باوجود عزت، مال، دولت حاصل نہیں کر پاتے یا وہ لوگ غربت اور مفلسی کی چکی میں پستے رہتے ہیں، یقیناً بوقت پیدائش ایسے افراد کا شمس اچھا نہیں ہوتا۔ بالکل اسی طرح وہ لوگ جو کہ زندگی میں کسی نہ کسی کمی یا الجھن کا شکار رہتے ہیں، اس کام سے منسوب سیارہ بوقت پیدائش خراب حالت میں ہوتا ہے۔ ایسے افراد کو کمزور سیارہ کی لوح یا نگینہ یا طلسم بنوا کر پاس رکھنا چاہیے۔

معزز قارئین! ایک بہت بڑی غلطی عموماً دیکھنے میں آئی کہ سیارہ مریخ سے منسوب حرف خصوصاً عقربی حرفِ ن، ز، ض، ظ ہے۔ جب بھی بچیوں کے نام ان حرف سے رکھے گئے ہیں خصوصاً حرف ن جس کا بچیوں کے حوالہ سے نحوست درجہ اول آتا ہے۔ عملی زندگی میں اس حرف سے منسوب خواتین کو سب سے پہلے شادی کے مسئلہ پر رکاوٹیں اور پریشانیاں برداشت کرنی پڑتی ہیں۔ اگر کسی دعا یا صدقہ کی برکت سے ان خواتین کی شادی ہو جائے تو 90 فیصد کو پہلی شادی کے بعد طلاق ہو جاتی ہے یا پھر ان کے ہاں اولاد نہیں ہوتی یا پھر میاں بیوی میں اس قدر اختلافات رہتے ہیں کہ ساری عمر لڑائی جھگڑے میں گزرتی ہے یا پھر دونوں میں سے ایک شدید جسمانی مرض میں مبتلا رہتا ہے۔ لہذا کوشش کی جائے کہ وہ خواتین یا بچیاں جن کا نام ن، ز، ض، ظ سے ہے یہ حرف مریخ یعنی مردوں سے منسوب ہے۔ ایسی خواتین شرف زہرہ کے اوقات میں اپنا نام تبدیل کر لیں۔ اگر والدین چاہیں تو وہ بھی اپنی بچیوں کے ان سر حرف نام سے منسوب نام تبدیل کر لیں۔ یہ تبدیلی اگر بآسانی حکومتی رجسٹرڈ ریکارڈ میں بھی کروا سکیں مثلاً شناختی کارڈ یا دیگر اہم دستاویزات تو ٹھیک ہے ورنہ یہ رجسٹرڈ نام تبدیل نہ کروائیں تو پکارنے میں نیا تجویز کردہ نام شرف زہرہ، ر، ت، ط سر حرف رکھ لیں۔ زندگی خوش و خرم اور پرسکون گزرے گی۔ وہ افراد جو کہ اپنی اولاد کی بھلائی اور بہتری چاہتے ہیں، ان کو ہدایت ہے کہ وہ اپنے بچوں کا پیدائشی زائچہ ضرور بنوائیں تاکہ آئندہ متوقع نقصانات سے بچا جا سکے۔

بقیہ (ص 24): سورۃ مزمل شریف برائے عمل تسخیر جنات

لیکن ہر بار سورۃ مزمل سے اول یا آخر یہ پڑھیں۔ الٰہی بحرمت وعزمت مزمل شریف آسیب وجن وارواح خبیثہ سحر وجادو درد جود فلاں بن فلاں حاضر شود حاضر شود حاضر شود۔ العجل العجل لحل اساعۃ الساعۃ۔

اس طرح کرنے سے مریض پر جو چیز ہوگی، حاضر ہو جائے گی اور رائی والے عمل سے اس کو جلا سکتے ہیں۔

ہر قسم کے درد کا علاج

جس کو جسم میں کہیں بھی درد ہو تو سورۃ مزمل سات (7) بار پڑھ کر مریض پر، پانی اور تیل پر دم کر دیں۔ ساتھ اس کے دو (2) تعویذ مثلث اور ایک (1) مربع بنا دیں۔ مثلث تعویذ اس پانی اور تیل میں ڈال دیں۔ روزانہ مالش کرے اور تین (3) بار پانی پیئے۔ مربع نقش گلے میں ڈال دیں۔ مدت تین (3) دن ہے۔

۷۸۶

۲۲۸۲۳	۲۲۸۱۸	۲۲۸۲۵
۲۲۸۲۴	۲۲۸۲۲	۲۲۸۲۰
۲۲۸۱۹	۲۲۸۲۶	۲۲۸۲۱

۷۸۶

۱۷۱۰۵	۱۷۱۰۸	۱۷۱۱۱	۱۷۰۹۸
۱۷۱۱۰	۱۷۰۹۹	۱۷۱۰۴	۱۷۱۰۹
۱۷۱۰۰	۱۷۱۱۳	۱۷۱۰۶	۱۷۱۰۳
۱۷۱۰۷	۱۷۱۰۲	۱۷۱۰۱	۱۷۱۱۲

میرے مجرب عملیات

الحاج حکیم میاں عبدالمنعم (لاہور)

بدوح کی زکات کے لئے (مجرب عمل)

یَابَدِیْعُ تَبَدَّحَتْ مِنَ الْبُدُوْحِ فِی الْبُدُوْحِ بُدُوْحِكَ یَابُدُّوْحُ

یہ عمل تسخیر خلائق کے لئے کیا جاتا ہے۔ اس کی زکات سات ہزار (7,000) مرتبہ روزانہ، اول آخر گیارہ (11) مرتبہ درود شریف کے ساتھ، چالیس (40) یوم مسلسل پڑھیں، میتحدہ کمرے میں۔ آپ اس کے عامل ہوں گے۔ بعد روزانہ اس عمل کو روزانہ سات سو (700) مرتبہ، اول آخر درود شریف کے پڑھیں تا کہ عمل قائم رہے۔

برائے امراض ہر قسم کے لئے مفید

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

قُلْ اَعُوْذُ بِرَبِّ النَّاسِ ①

ناس ناس ناس ناس ناس ناس ناس

مَلِكِ النَّاسِ ②

ناس ناس ناس ناس ناس ناس ناس

اِلٰهِ النَّاسِ ③

ناس ناس ناس ناس ناس ناس ناس

مِنْ شَرِّ الْوَسْوَاسِ ۙ الْخَنَّاسِ ④

ناس ناس ناس ناس ناس ناس ناس

الَّذِیْ یُوَسْوِسُ فِیْ صُدُوْرِ النَّاسِ ⑤

ناس ناس ناس ناس ناس ناس ناس

مِنَ الْجِنَّةِ وَ النَّاسِ ⑥

ناس ناس ناس ناس ناس ناس ناس

اس کو لکھ کر مریض کو پلائیں اور گلے میں ڈالیں۔ ان شاء اللہ، کیسا بھی مرض ہو، جاتا رہے گا۔ اس نقش کو بدھ والے دن ساعت عطارد میں لکھیں۔

دشمنوں سے محفوظ

یَابَدِیْعَ الْعَجَائِبِ یَا الْقَهْرِ یَابَدِیْعُ

اس عمل کو چاند کی ۱۵ تاریخ کے بعد آخر ماہ تک کریں۔ دو قبروں کے درمیان بیٹھے۔ برگ آک کے گیارہ (11) عدد لیں اور ان کو اپنے پاس رکھیں۔ ایک عدد چھری لیں۔ نئی والی تیز دھار والی لیں۔ اس کلام کی تعداد گیارہ سو (1100) مرتبہ ہے۔

طریقہ یہ ہے کہ سو (100) بار پڑھ کر چھری سے ایک پتا کاٹ دے اور تصور دفع دشمن کا کرے۔ گیارہ (1100) سو کی تعداد میں گیارہ (11) پتے کاٹ دیں۔

ان شاء اللہ چالیس (40) دن میں دشمن، دشمنی سے باز آجائے گا یا بھاگ جائے یا پھر وہ دشمن مر جائے گا۔

کسی کو ناحق تنگ نہ کرنا، ورنہ نقصان ہوگا۔

تسخیر خلائق اور بدوح کا خاص عمل

اَجِبْ یَاجِبْرَائِیْلُ یَادَرْدَائِیْلُ یَارَفْتَمَائِیْلُ یَاتَنْکَفِیْلُ بِحَقِّ یَابُدُّوْحُ

تسخیر خلائق کے لئے یہ طریقہ موکلات کے ساتھ ہے۔ خلقت کثرت سے آتی ہے اور کوئی شخص حکم ماننے سے انکار نہیں کرتا۔

ترکیب: چالیس (40) یوم میں اس عمل کو سوا لاکھ (1,25,000) مرتبہ پڑھیں۔ اول آخر گیارہ (11) بار درود شریف کے ساتھ۔ پرہیز جلالی ہوگا۔ حلال کھائے۔ جھوٹ مت بولے۔ بعد عمل روزانہ ایک ہزار (1000) مرتبہ اول آخر درود شریف کے ساتھ پڑھیں۔ یہ عمل ساری زندگی قائم رہے گا۔ حب و تسخیر میں فوری اثر دکھائے گا۔ یہ ایک چلتا ہوا طلسم ہے۔ دنیا آپ کے پیچھے ہوگی۔

نوٹ: بدوح کے اعمال میں رجعت بہت شدید ہوتی ہے۔ اس لیے بغیر اجازت نہ کیے جائیں۔

جادو، جنات، نظرِ بد کے سخت اثرات سے متاثرہ

گھر، مکان، کوٹھی، بنگلے، فارم ہاؤس کا روحانی عمل کروائیے

گھر، مکان، کوٹھی، بنگلے، فارم ہاؤس میں جنات کی رہائش ہونا
گھر، مکان، کوٹھی، بنگلے، فارم ہاؤس میں جنات کی آمدورفت ہونا
گھر، مکان، کوٹھی، بنگلے، فارم ہاؤس میں جنات کے ذریعے جادو جنات کا مسلط ہونا
گھر، مکان، کوٹھی، بنگلے، فارم ہاؤس میں جنات کے ذریعے سخت جادو کے اثرات ہونا
گھر، مکان، کوٹھی، بنگلے، فارم ہاؤس میں جنات کے ذریعے شدید نظرِ بد کے اثرات ہونا
گھر، مکان، کوٹھی، بنگلے، فارم ہاؤس میں مسلسل نقصانات کا ہونا
گھر، مکان، کوٹھی، بنگلے، فارم ہاؤس میں آگ لگتے رہنا
گھر، مکان، کوٹھی، بنگلے، فارم ہاؤس میں سب افراد کا اکثر بیمار رہنا
گھر، مکان، کوٹھی، بنگلے، فارم ہاؤس میں سب کا آپس میں لڑتے جھگڑتے رہنا
گھر، مکان، کوٹھی، بنگلے، فارم ہاؤس میں بچوں کے رشتے نہ نا
گھر، مکان، کوٹھی، بنگلے، فارم ہاؤس میں بچوں کا پڑھائی میں دل نہ لگنا

خون، تیل، یا پانی کے چھینٹے آتے ہوں، ہڈیاں، سوئیاں، کیل وغیرہ پڑے ملنا
ریت، مٹی، کوئلے وغیرہ کا پڑے ملنا، تعویذات کا یا پتلے وغیرہ کا پڑے ملنا۔
چاول، دال یا دیگر کسی چیز کا اکثر پڑے ملنا
چھت یا سیڑھیوں پر دوڑنے، چلنے، اترنے کی آوازیں آنا، بچوں یا بڑوں کو ڈر لگنا
پکارنے کی آوازیں یا رونے یا ہنسنے کی آوازیں آنا
پوری عمارت یا کسی خاص کمرے یا کسی خاص حصے میں ڈر محسوس ہونا
کھڑکیوں، دروازوں، برتنوں وغیرہ کا بجنا یا حرکت کرنا
حشرات الارض کیڑے مکوڑوں کا بہت زیادہ ہونا
سانپ، کتے، بلیاں وغیرہ بہت کثرت سے موجود ہونا

وجوہات گھر، مکان، کوٹھی، بنگلے، فارم ہاؤس پر جادو ٹونہ کے اثرات ○ گھر، مکان، کوٹھی، بنگلے، فارم ہاؤس کے مالک پر جادو ٹونہ کے اثرات ○ گھر، مکان، کوٹھی، بنگلے، فارم ہاؤس پر جناتی اثرات ○ گھر، مکان، کوٹھی، بنگلے، فارم ہاؤس کے مالک پر جناتی اثرات ○ گھر، مکان، کوٹھی، بنگلے، فارم ہاؤس پر آسیبی اثرات ○ گھر، مکان، کوٹھی، بنگلے، فارم ہاؤس پر نظرِ بد کے اثرات ○ گھر، مکان، کوٹھی، بنگلے، فارم ہاؤس کے مالک پر نظرِ بد کے اثرات ○ گھر، مکان، کوٹھی، بنگلے، فارم ہاؤس پر بندش کے اثرات ○ گھر، مکان، کوٹھی، بنگلے، فارم ہاؤس کے مالک پر بندش کے اثرات۔

علامات گھر، مکان، کوٹھی، بنگلے، فارم ہاؤس کرایہ پر نہ جانا ○ گھر، مکان، کوٹھی، بنگلے، فارم ہاؤس کا کرایہ نہ ملنا ○ گھر، مکان، کوٹھی، بنگلے، فارم ہاؤس کا گاہک نہ ملنا ○ گھر، مکان، کوٹھی، بنگلے، فارم ہاؤس کا فروخت نہ ہونا ○ گھر، مکان، کوٹھی، بنگلے، فارم ہاؤس پر گاہکوں، خریداروں کا نہ آنا ○ گھر، مکان، کوٹھی، بنگلے، فارم ہاؤس کھولنے کو دل نہ کرنا ○ گھر، مکان، کوٹھی، بنگلے، فارم ہاؤس پر جانے کو دل نہ کرنا ○ گھر، مکان، کوٹھی، بنگلے، فارم ہاؤس میں جا کر طبیعت کا اچاٹ ہونا ○ گھر، مکان، کوٹھی، بنگلے، فارم ہاؤس میں جا کر طبیعت کا خراب ہو جانا ○ دکان مارکیٹ پر جا کر اداس ہو جانا۔

جماعت العاملین: جو لوگ عاملین کو گھر یا جگہ پر ہوا کر بھی نہیں کروا سکتے وہ پاکستان اور پاکستان سے باہر گھر بیٹھے خاص عمل کروائیں۔

ruhaniilajgah
0342-7772772
042-35410586
0324-7772772
ruhaniilajgah96

روحانی علاج گاہ دار العمل چشتیہ لاہور پاکستان
darulamal.org/ruhaniilajgah, ruhaniilajgah@gmail.com

مولانا قاری ممتاز (رکن) 0303-4378576
مولانا سلیم اللہ (نائب ناظم) 0304-7772772
مولانا علی آفاق (ناظم) 0305-7772772

عارفی پرفیومز میں دستیاب ایئر فریشنرز کی تفصیل https://bit.ly/36LqsK5

مفید طبی نسخہ جات

حضرت مولانا امان اللہ صاحب رحمہ اللہ (میلسی)

نسخہ تبخیر معدہ

نیلوفر	۱۰ تولہ
گاؤزبان	۱۰ تولہ
آملہ کوفتہ	۱ پاؤ
افسنتین	۵ تولہ
سونف	۵ تولہ
اسطخودوس	۵ تولہ
کدو کوفتہ تازہ	۱۰ تولہ
تربوز	۱۰ تولہ
دودھ گائے	۱۰ تولہ
پانی	۵ سیر

ان کا عرق نکال لیں۔

خوراک صبح وشام روٹی کے بعد آدھ پاؤ استعمال کریں۔

نسخہ قبض کشا

سقمونیا، مغز بادام، مویز منقی، جلاب، ہریڑ...... ان سب کو کوٹ کر چھوٹے بیر کے برابر گولیاں بنائیں۔ ایک گولی رات کو دودھ سے۔ صبح آپ معمول کے مطابق اٹھیں گے تو اچانک پاخانہ آجائے گا۔ یہ ہے کرشمہ۔

قبض کا ہومیو علاج

پاخانہ کی بار بار حاجت ہو یا منشیات کے استعمال کی وجہ سے قبض ہو تو نکس وامیکا ۳۰ دیں۔

ہفتہ ہفتہ پاخانہ کی حاجت نہ ہوتی ہو اور نہ ہی پیٹ میں درد ہو، اکثر بوڑھے حضرات اس کے مریض ہوتے ہیں تو اوپیم ۲۰۰ دیں۔

زور لگا کر پاخانہ کرنا پڑے تو سلیشیا ۲۰۰ دیں۔

وقتی طور پر آپ شوگر آف ملک ۳ چمچہ گرم دودھ میں ملا کر دیں، اجابت ہوجائے گی۔

بواسیر

مردار سنگ	۲ ماشہ
کتھ سرخ	۱ تولہ

ان دونوں دواؤں کو علیحدہ علیحدہ باریک کریں (خاص کر مردار سنگ کو)، دو گھنٹہ تک رگڑیں، پھر ملالیں۔

خوراک ایک رتی ہمراہ مکھن استعمال کریں اور اوپر لگانے کے لئے تین (3) ماشہ دوائی مذکور اکیس (21) مرتبہ دھلے ہوئے میں ملا کر لگایا کریں، ان شاء اللہ رحمت ہوگی۔

سفوف ہاضم نمک داؤدی

انار دانہ	۱ تولہ
پودینہ	۱ تولہ
الائچی خورد	۱ تولہ
سونف	۱ تولہ
دھنیا	۱ تولہ
زیرہ سفید	۱ تولہ
آملہ	۱ تولہ
نمک سوچل	۱ تولہ
مصری کوزہ	۱۰ تولہ

تمام ادویات کو الگ الگ باریک پیس کر باہم ملالیں۔ بس سفوف تیار ہے۔

خوراک ۳ ماشہ سے ۶ ماشہ غذا کے بعد پانی سے لیں۔ نہایت مجرب ہے۔

قبض ایک عام مسئلہ ہے جس کا سامنا بہت سے لوگوں کو ہوتا ہے۔ ناقص خوراک، طرز زندگی اور کچھ دوائیں قبض کا باعث بن سکتی ہیں۔ یہ ایک بہت ہی غیر آرام دہ حالت ہو سکتی ہے جو آپ کی صحت کو مختلف طریقوں سے متاثر کر سکتی ہے، اگر اس کا علاج نہ کیا جائے۔ آنتوں کی بہتر حرکت کے لیے کئی گھریلو علاج حیرت انگیز کام کر سکتے ہیں۔ کچھ گھریلو علاج ہیں جو آنتوں کی حرکت کو بہتر بنانے میں مدد کر سکتے ہیں۔

آپ کے ہاضمے کو بہتر بنانے اور قبض جیسی بیماری کو روکنے کے لیے خوراک میں چند تبدیلیوں کی ضرورت ہے۔ لیکن بہت سے لوگ وقتاً فوقتاً اس کا تجربہ کرتے ہیں خاص طور پر حاملہ ہونے یا بعض دوائیں لینے کے دوران لوگوں کو زیادہ تر اس مسئلے کا سامنا کرنا پڑتا ہے۔ قبض کی بہت سی ممکنہ وجوہات ہیں۔ اس مسئلے کے علاج کے بہت سے اختیارات بھی ہیں۔ اپنی طرز زندگی کی عادات کو ایڈجسٹ کرنا یا گھریلو علاج تک پہنچنا، آپ کو کبھی کبھی قبض کا علاج کرنے کی ضرورت نہیں پڑنے دی گی۔ قبض کے لیے کچھ بہترین قدرتی علاج کے بارے میں جاننے کے لیے وقت نکالیں۔

۱ پانی زیادہ مقدار میں پینا شروع کردیں

کافی زیادہ مقدار میں پانی پینا قبض سے نجات حاصل کرنے میں مددگار ہوسکتا ہے۔ دن میں چھ(6) سے آٹھ(8) گلاس پانی پینا پاخانہ کو نرم رکھتا ہے جس سے آنتوں کی حرکت زیادہ بار بار اور آرام دہ ہوتی ہے۔

۲ فائبر کو اپنی خوراک کا حصہ بنائیں

ریشہ دار چیزیں کھانے سے صحت مند نظام انہضام کے ساتھ ساتھ وزن میں کمی میں بھی مدد مل سکتی ہے۔ فائبر سے بھرپور غذا میں اکثر گھلنشیل اور ناقابل حل دونوں فائبر ہوتے ہیں۔ دلیا، فلیک سیڈ، سارا اناج، پھل، پھلیاں، چوکر اور سبزیاں جیسی غذائیں فائبر کا ذریعہ فراہم کرتی ہیں، جو سخت پاخانے کو روک سکتی ہیں۔ غذا کے انتخاب کا قبض پر گہرا اثر پڑتا ہے۔

فائبر سپلیمنٹس فائبر سے بھرپور کھانے کی ضرورت سے زیادہ مقدار میں کھائے بغیر فائبر کی مقدار بڑھانے میں مددگار ہیں۔ فائبر سپلیمنٹس کیپسول یا پاؤڈر کی شکل میں آتے ہیں، جنہیں پانی میں شامل کیا جاسکتا ہے۔ ہدایت کے مطابق لیں۔

۳ لیموں اور شہد

شہد کو قبض کو دور کرنے کے لیے ایک فائدہ مند گھریلو علاج مانا جاتا ہے۔ اس کو یا تو کچا کیا جاسکتا ہے یا دودھ، چائے یا پانی میں ملایا جاسکتا ہے۔ اس کے نتائج زیادہ فائدہ مند ہوتے ہیں۔ جب آپ شہد نیم گرم پانی کے ساتھ چند قطرے لیموں کے رس کے ساتھ ملاتے ہیں۔ شہد میں موجود انزائمز قبض کا علاج کرتے ہیں اور ہاضمے کو مستحکم کرتے ہیں۔

لیموں اور شہد دونوں اینٹی آکسیڈنٹس سے بھرپور ہوتے ہیں جو جسم کو شفایابی کے عمل میں مدد دیتے ہیں۔ کچھ محققین کا خیال ہے کہ شہد قدرتی جلاب کے طور پر کام کرتا ہے۔ آپ نمک کو شہد سے بدل سکتے ہیں کیونکہ اس میں میگنیشیم ہوتا ہے جو آنتوں کے پٹھوں کے سکڑنے کو بڑھاتا ہے اور آپ کے جسم سے زہریلے مادے کو باہر نکالنے میں مدد کرتا ہے۔

۴ پودینہ یا ادرک کی چائے

جب کچھ کام نہیں کرتا ہے تو اس معاملے میں چائے ہمیشہ مدد کرتی ہے۔ قبض کا سب سے عام اور مددگار علاج باورچی خانے سے یہ چائے کا ہی ملتا ہے۔ پودینہ اور ادرک میں طاقتور انزائمز ہوتے ہیں جو نظام انہضام کے لیے بہت اچھے ہوتے ہیں۔ ادرک کو خاص طور پر ایک گرم غذا سمجھا جاتا ہے جو پیٹ کی خرابی کو پرسکون کرتا ہے۔ کھانے سے پہلے یا بعد میں پودینہ یا ادرک کی چائے پینے سے جسم کو زہر آلود ہونے سے بچانے اور جسمانی

پریشانیوں کو کم کرنے کے لیے پودینہ اور ادرک کی چائے بہترین انتخاب ہے۔

۵ لیموں پانی

لیموں کے رس میں سائٹرک ایسڈ ہوتا ہے جو آپ کے نظام انہضام کو متحرک کرنے میں مدد کرتا ہے اور آپ کے جسم سے زہریلے مادوں کو بھی باہر نکال سکتا ہے۔ یہ بہت مددگار ثابت ہوتا ہے اور قدرتی قبض سے نجات کا کام کرتا ہے۔ آپ روزانہ صبح ایک گلاس پانی لے کر اس میں تازہ لیموں کا رس نچوڑ سکتے ہیں۔ اس کے علاوہ اپنی چائے میں لیموں شامل کرنا قبض کے لیے ایک مثالی گھریلو علاج ہے اور یہ طویل مدتی ہاضمے کو بھی بہتر بنا سکتا ہے۔

۶ کافی

اگرچہ کیفین والے مشروبات اور الکحل آپ کو پانی کی کمی کا باعث بنا سکتے ہیں لیکن اس بات کا ثبوت ہے کہ صبح کے وقت چائے کا ایک کپ آپ کو مسحور کرنے میں مدد دے سکتا ہے۔ بہت سے لوگوں کے لیے کافی پینے سے ان کی آنتوں کی حرکت میں مدد ملتی ہے۔

۷ سیب

سیب میں پیکٹین ہوتا ہے جو آنتوں کی حرکت کو فروغ دے سکتا ہے۔ دوسرے پھلوں کے مقابلے سیب کے رس میں نسبتاً زیادہ مقدار میں فرکٹوز ہوتا ہے۔ سیب کا جوس زیادہ مقدار میں پینا ان لوگوں میں ہاضمہ کی تکلیف کا باعث بن سکتا ہے جن کی آنتیں حساس ہوتی ہیں۔ سیب کا جوس پینے سے ان میں فائبر کی مقدار بھی نمایاں طور پر کم ہوتی ہے جو سیب کے رس کو قبض سے نجات کے لیے دوسرے جوس کے مقابلے میں کم موثر سمجھتے ہیں۔

۸ انجیر

انجیر کو گرم پانی میں بھگو کر قبض سے فوری نجات مل سکتی ہے۔ اس میں فائبر کا مواد بہت زیادہ ہے اور اس کی سفارش بھی کی جاتی ہے۔ انجیر بچوں میں قبض کے لیے بہترین گھریلو علاج کے طور پر جانا جاتا ہے۔ اس کے علاوہ آپ اپنے نظام انہضام کو بہتر بنانے کے لیے اسے اپنی روزمرہ کی خوراک میں شامل کر سکتے ہیں۔ انجیر ایک نرم پھل ہے جو آپ کو کئی فائدے دے سکتا ہے۔

یہ پھل متعدد صحت کے فوائد سے بھرا ہوا ہوتا ہے۔ یہ عام طور پر خشک شکل میں دستیاب ہوتا ہے۔ خشک انجیر آپ کی روزمرہ کی خوراک کا حصہ بن سکتے ہیں۔ یہ آپ کو متعدد صحت کے فوائد بھی پیش کر سکتے ہیں۔ خشک انجیر قبض کے لیے ایک حیرت انگیز علاج ہے، جس کے چند ہی استعمال میں آپ کو نمایاں نتائج مل سکتے ہیں۔ خشک انجیروں میں فائبر ہوتا ہے جو آنتوں کی ہموار حرکت میں مدد کر سکتا ہے۔ یہ وٹامن بی 6 سے بھی بھرپور ہوتے ہیں جو بالواسطہ طور پر ہاضمے کو آسان بنا سکتے ہیں۔

۹ دلیا

یہ سپر فوڈ پلانٹ پروٹین کا ایک بھرپور ذریعہ ہے اور اس میں اہم وٹامنز ہوتے ہیں جو قبض سے نجات دلانے میں مدد کر سکتے ہیں۔ اسے پھٹے ہوئے گندم کے نام سے جانا جاتا ہے اور یہ میگنیشیم کا ایک بڑا ذریعہ بھی ہے۔ یہ خیال کیا جاتا ہے کہ اپنی روزمرہ کی خوراک میں میگنیشیم کی صحیح مقدار کو شامل کرنا قبض دور کرنے کا ایک قدرتی طریقہ ہے۔ دلیا بھی ان اہم سپر فوڈز میں سے ایک ہے جسے بزرگوں کو خاص طور پر اپنی خوراک میں شامل کرنا چاہیے۔

۱۰ باقاعدگی کے ساتھ ورزش کریں

باقاعدگی سے ورزش صحت مند آنتوں کی حرکت کو برقرار رکھنے میں مدد کر سکتی ہے۔ متحرک اور غیر فعال دونوں سرگرمیاں آنتوں پر مثبت اثر ڈال سکتی ہیں۔ دوڑنا چھوٹی آنتوں اور بڑی آنت کو اس انداز میں جھٹک سکتا ہے جو پاخانہ کو حرکت دینے کی ترغیب دیتا ہے۔ دن میں ایک یا دو بار کھیلوں کی سرگرمیوں، رقص یا یہاں تک کہ 10 سے 15 منٹ تک چہل قدمی میں حصہ لینے سے آپ کو باقاعدہ قبض کے مسئلے کو دور رکھنے میں مدد مل سکتی ہے۔

علم ریمیا یعنی شعبدات کا علم (قسط چہارم)

تحریر و تحقیق: صوفی غلام سرور شباب علوی (حویلی لکھا)

نوٹ: یہ صرف ایک معلوماتی مضمون ہے۔ اس سے قطعاً کسی اہل حق اور اہل فن کی توہین مقصود نہیں۔

سونا تانبہ بن جائے: اگر سونے کی ڈلی پر زہرہ ثعلب آنکھ بچا کر قدرے لگا دیں تو سونا فی الفور تانبہ کی مثل ہو جائے گا۔ جب آگ میں سونے کی ڈلی کو گرم کریں گے تو دوبارہ اصلی رنگ پر آ جائے گا۔ بعض مہوی، ٹھرکی اور دھوکے باز کیمیا گر لوگوں کو ٹھگنے کے لیے یہ شعبدہ کرتے ہیں۔ اور اس طرح تانبہ کا سونا بنا کر دکھا دیتے ہیں۔ تانبہ کی مصنوعی ڈلی دراصل سونے کی ڈلی ہوتی ہے۔ بعض فراڈی کیمیا گر پہلے سے اپنے پاس سونے یا تانبے کے پیسے بنوا کر رکھ چھوڑتے ہیں اور تانبے کے پیسے کو چاندی یا سونا بنانے کے بہانے اس کو کسی بوٹی کے نغدہ میں رکھنے کے وقت تبدیل کر لیتے ہیں۔ اور اس طرح آگ میں رکھنے کے بعد نکال کر سونا یا چاندی دکھا دیتے ہیں۔

پارہ کا سونا بنانا: چڑیا کو ذبح کر کے اس کی تازہ آنتوں کو انگلی کی لمبائی برابر ٹکڑے کاٹ کر، برادہ سونا بھر کر، دونوں سروں سے چپکا کر خشک کر لیں۔ خشک ہونے کے بعد آنتیں کسی بوٹی کی جڑیں معلوم ہوں گی۔ اس کے وزن برابر پارہ کٹھالی میں ڈال کر اوپر سے مصنوعہ جڑ دای بوٹی (آنت چڑیا) ڈال کر تیز آگ میں رکھیں۔ پارہ اُڑ جائے اور آنت کا برادہ سونا کٹھالی میں چرخ کھا جائے گا۔ دیکھنے والے حیران و ششدر ہوں گے کہ واقعی پارہ کا سونا بن گیا ہے اور کیمیا گر کی خوب خاطر مدارت ہونا شروع ہو جائے گی۔

سرمہ والوں کا شعبدہ: مجمع باز حکیم لمبی چوڑی لچھے دار تقریر کے بعد سرمہ کی شیشی سے سلائی بھر کر کمزور نظر اور دھند جالے والے کی آنکھ میں لگا دیتا ہے۔ چند سیکنڈ میں سلائی سے لگایا ہوا سرمہ آنکھ کے جالے کی شکل اختیار کر لیتا ہے۔ مجمع باز چمٹی سے جالے کو پکڑ کر آنکھ سے نکال کر دکھاتا ہے اور سرمہ کی بیسیوں شیشیاں ہاتھوں ہاتھ فروخت ہو جاتی ہیں۔ حالانکہ یہ صرف تخم تالمکھانہ کے سفوف کا کرشمہ ہے۔

نوٹ: بعض مجمع باز بورک ایسڈ میں قدرے ست پودینہ وغیرہ ملا کر شیشیوں میں بھر کر ٹھنڈے سرمے کے نام سے فروخت کرتے ہیں۔

منجن والوں کا کرشمہ: بعض دوا فروش ریل گاڑیوں اور بسوں میں یا مختلف جگہوں میں مجمع لگا کر دانتوں کے امراض درد، گرم یا ٹھنڈا پانی لگنا، مسوڑھوں سے خون بہنا اور پائیوریا (ماخورہ) وغیرہ کے دانتوں کا منجن فروخت کرتے ہیں۔ اس منجن کا صرف راز یہ ہے کہ درخت کیکر (مغیلاں) کے کونوں کو تیزاب گندھک میں ایک بجھاو دے کر خشک ہونے پر پیس لیا جاتا ہے۔ اور پھر شیشیوں میں بھر لیا جاتا ہے۔

بعض مجمع باز دوا فروش اس عام نمک میں تیزاب گندھک ڈال دیتے ہیں اور اسے نمک مولی کا نام دے کر فروخت کرتے ہیں۔ حالانکہ نمک مولی سفید رنگ کا ہوتا ہے۔ چونکہ اس میں تیزاب کا اثر ہے۔ اس لیے اس کے کھانے سے فوری طور پر پیٹ درد، اپھارہ وغیرہ کو آرام آ جاتا ہے۔

بغیر زنبور کے دانت نکالنا: اگر مطلوبہ دانت پر شیر عشر یا شیر انجیر لگا دیا جائے تو دانت آسانی سے اکھڑ جاتا ہے۔ اسی طرح اگر عقر قرحا اور چھلکا توت (شہتوت) بموزن سرکہ میں ملا کر رکھ چھوڑیں کہ ہر دو حل ہو جائیں۔ پھر مطلوبہ دانت پر لگائیں۔ بسہولت اکھڑ جائے گا۔ اسی طرح اگر ہڑتال ورقیہ سرکہ یا شیر انجیر میں حل کر کے مطلوبہ دانت پر لگائیں تو دانت فوراً نکل آئے گا۔

بعض مجمع باز دانتوں کی دوائی بیچتے وقت ایک آدھ دانت نکال کر دکھا دیتے ہیں۔ پھر دانتوں کی تعریف میں رطب اللسان ہو کر دانتوں کا منجن فروخت کرنا شروع کر دیتے ہیں۔

نوٹ: اکثر و بیشتر تین چار درد دانت والوں کے دانتوں کو منجن فروش دیکھتے ہیں اور جس کا دانت زیادہ ہلتا ہو، اس کو رومال کے کونے سے مضبوط پکڑ کر

جھٹکا دے کر نکال دیتے ہیں۔

گوشت کا ٹکڑا حرکت کرے: بعض مجمع باز دوا فروش طاقت کا طلا فروخت کرتے ہیں اور قصاب کی دکان سے ایک گوشت کا ٹکڑا لے کر اس پر چند قطرے طلا کے لگا دیتے ہیں۔ گوشت کا ٹکڑا چند سیکنڈ کے لیے لمبائی یا چوڑائی میں بڑھتا نظر آتا ہے۔ اس طرح مجمع باز مردہ رگوں میں روح پھونکنے والے طلا کی شیشیوں کی دھڑا دھڑ فروخت کرنا شروع کر دیتا ہے۔ حالانکہ یہ صرف فاسفورس کا کرشمہ ہے جس کو کسی بھی روغن میں حل کر لیا جاتا ہے۔ بالعموم روغن زیتون یا بادام روغن میں با آسانی حل ہو جاتا ہے۔

رنگین پانی سفید کرنا: بعض دوا فروش آنکھوں کی سرخی اور آشوب چشم کی دوا فروخت کرتے وقت گلاس کے سرخ پانی کو آنکھوں کی سرخی سے تشبیہ دے کر شیشے کے گلاس کے سرخ پانی میں فتیلہ یا بتی کو پھیرتے ہیں، جس سے پانی کی سرخی ختم ہو کر پانی بالکل سفید ہو جاتا ہے۔ اور پھر لوگ وہ بتیاں اور فتیلے خریدنا شروع کر دیتے ہیں۔ حالانکہ یہ صرف رنگ کاٹ کا کرشمہ ہے۔ اس کو کسی بھی بے ضرر دوا میں ملا کر بتیاں بنائی جاتی ہیں۔

جعلی ماميرا: چونکہ آنکھوں کے امراض میں مامیرا کو بہ خاصہ موثر اور اکسیر صفت مانا جاتا ہے۔ اس لیے بعض دوا فروش اس کو مصنوعی تیار کر کے مالی منفعت حاصل کرتے ہیں۔ دراصل اس کے بنانے کا طریقہ یہ ہے کہ حسب ضرورت ہلدی کی گنڈیاں لے کر ان کو تازہ لیموں میں ایک ایک عدد ڈال کر ہفتہ بھر رکھ چھوڑیں۔ جب لیموں خشک ہو جائے تو دوبارہ تازہ لیموں میں داخل کریں۔ اسی طرح چار مرتبہ عمل کرنے سے اس میں مامیرا کی تاثیر پیدا ہو جاتی ہے۔ اور کہتے ہیں کہ اگر آشوب زدہ آنکھ میں پھیریں تو فوراً سرخی دور ہو کر آنکھ صاف ہو جاتی ہے۔

ہڑتال ورقیہ کا مصنوعی سفید کشتہ کرنا: بعض کیمیا گر اور مہوسی ورقیہ کے سفید کشتے میں ہر چیز قائم کرنے کو سونے چاندی بنانے کے لیے حتمی فیصلہ دیتے ہیں اور ان کا یہ بھی کہنا ہے کہ اگر پانچ دس تولہ ورقیہ کا سفید کشتہ کر لیا جائے تو وہ نشست اور دابو کا کام دیتا ہے۔ جس میں ہر ذی روح اور ذی نفس چیز پانچ چھ گھنٹہ پکانے سے قائم النار ہو کر اکسیر کا کام دیتی ہے۔ گرہ سیمابی بھی پختہ نکلتی ہے۔ بعض مہوسی اور ٹھگ اپنے آپ کو سنیاسی اور جوگی ثابت کر کے ورقیہ کی ڈلی منگوا کر کسی بھی بوٹی کے نغدہ میں رکھ کر آگ و تکلہ میں سفید کشتہ کر کے دکھا دیتے ہیں۔ جو بالکل تہہ بتہہ سفید ورق کی مانند ہوتا ہے۔ حالانکہ ورقیہ پگھل کر زردی، سرخی اور پھر سفیدی کی طرف آتی ہے اور اس کے ورق در ورق قائم النار کشتہ ہونے کا سوال ہی پیدا نہیں ہوتا۔

دراصل ایسے جعلی سنیاسی ورقیہ کی ڈلی کو آنکھ بچا کر چھپا لیتے ہیں اور اس کی جگہ ہر مہرہ کی ڈلی رکھ دیتے ہیں جو کشتہ ہونے پر ورق در ورق نکلتی ہے۔

بقیہ (ص 49): خبیث جنات، جادو ٹونہ، نظر بد، بندش و رجعت کے خاتمے کیلئے

اس پانی میں کم سے کم تعویذ کی تعداد گیارہ (11) عدد ڈالیں اور کچھ وقت کے لئے اچھی طرح سے گھول کر رکھ دیں تا کہ تعویذوں کی سیاہی اچھی طرح سے پانی میں یکجاں ہو جائے۔

اس کے بعد روزانہ اس پانی سے ہر ایک کونے پر تین (3) مرتبہ زور سے چھینٹیں لگائیں اور ہر ایک دیوار کے درمیان والے حصہ پر بھی تین (3) مرتبہ زور سے پانی کے چھینٹیں لگائیں۔ بالکل اس طرح سے صبح اور شام مغرب سے پہلے پانی کو استعمال کرتے رہیں۔ ان شاء اللہ تعالیٰ جو بھی بداثرات ہوں گے وہ سارے بداثرات مکمل ختم ہو جائیں گے اور رزلٹ اپنی آنکھوں سے دیکھیں گے اور جتنا بھی ہو سکے میرے اعمال کی قدر کریں۔ جاہل لوگوں سے اعمال کو دور رکھیں، اسی میں بھلائی ہے اور جائز مقاصد میں استعمال کریں اور اپنی دعاؤں میں اس ناچیز بندہ کو ضرور یاد رکھیں۔

روحانی درسگاہ سے کروائے جانے والے محبت کے خاص اعمال

محبت کی عظیم آیت

یہ آیت (محبت/حب) سے تعلق رکھتی ہے اور محبت کے لئے مجرب ہے۔ اس کا اثر بہت تیز ہوتا ہے۔ خصوصاً زوجین یعنی شوہر بیوی کے معاملات میں بہت مفید ہے۔ اس آیت کا عامل بننے کے بعد اس سے درج ذیل کام لئے جاسکتے ہیں۔ ٭شوہر بیوی پر توجہ نہ دیتا ہو ٭ باہر عورتوں میں دلچسپی لیتا ہو ٭حقوق واجبہ ادا نہ کرتا ہو ٭ زبان درازی کرتا ہو٭ مار پیٹ کرتا ہو ٭گھر سے نکال دیا ہو٭ بیوی زبان درازی کرتی ہو٭ محبت نہ کرتی ہو٭ توجہ نہ دیتی ہو ٭ روٹھ کر میکے چلی گئی ہو٭ اولاد نافرمان ہو٭ آپس میں بہت جھگڑتے ہوں٭ والدین اولاد پر ناجائز غصہ کرتے ہوں٭ سخت زبان استعمال کرتے ہوں٭ مارتے ہوں ٭ دوستوں میں نفرت ہوجائے، لڑائی جھگڑا ہوجائے۔

گیارہویں میں تسخیر و محبت

آج کے دور میں تسخیر اور محبت دونوں ایسے کام ہیں، جن کے عامل بھی کم ملتے ہیں اور کثرت سے سائلین اس کے طالب ہیں۔ اس عمل کو کرنے سے عامل لوگوں کے یہ تسخیر اور محبت کے کام کرسکتا ہے۔ ٭٭ زوجین (شوہر بیوی) میں محبت ٭٭ والدین اور اولاد میں محبت ٭٭ بہن بھائیوں میں محبت ٭٭ دوستوں میں (جائز) محبت ٭٭ شوہر کی اس حد تک تسخیر، جس میں وہ حقوق واجبہ ادا کرے ٭٭ بیوی کی تسخیر تاکہ وہ قابو میں رہے، بات مانے ٭٭ اولاد کی تسخیر تاکہ وہ نافرمانی میں مبتلا نہ ہو یا نافرمانی چھوڑ دے، بات ماننا شروع کرے۔

شدید محبت پیدا کرنے کی آیت

اس آیت میں اللہ نے عجیب فیض رکھا ہے۔ یہ آیت (محبت حب) سے تعلق رکھتی ہے اور محبت کے لئے مجرب ہے۔ اس کا اثر بہت تیز ہوتا ہو۔ جس جگہ شدید محبت پیدا کرنی ہو، صرف اسی جگہ اس کا استعمال کیا جائے۔ دیگر تمام حب کے معاملات میں دوسرے اعمال سے کام لیا جائے۔ البتہ یہ خاص خیال رکھا جائے کہ عمل کرنے کی شرعی ممانعت نہ ہو۔

شدید محبت کی ضرورت کم ہی پڑتی ہے مگر جب پڑتی ہے تو عاملین کے پاس تیز عمل نہیں ہوتا۔ وہ عام عمل سے کام لیتے ہیں اور معاملات تاخیر کا شکار ہوتے ہیں۔ اس آیت کا عامل بننے کے بعد اس سے درج ذیل کام لیے جاسکتے ہیں۔ شوہر بیوی کا معاملہ طلاق تک پہنچ جائے۔ شوہر کوئی بات سننے کو تیار نہ ہو۔ کسی کے سمجھانے کا کوئی فائدہ نہ ہو رہا ہو۔ بیوی روٹھ کر میکے چلی گئی ہو اور خلع کا مطالبہ کررہی ہو۔ کسی کی کوئی بات سننے کو تیار نہ ہو۔ کسی کے سمجھانے کا کوئی فائدہ نہ ہو رہا ہو۔ اولاد والدین کی زیادہ مخالف ہوگئی ہو۔ بہت زبان درازی کرتی ہو یہاں تک کہ مار پیٹ بھی کرتی ہو۔ والدین میں سے کوئی اولاد سے بہت زیادہ ناراض ہوگیا ہو۔ گھر سے نکال دیا ہو۔ جائیداد سے عاق کرنے لگے ہوں۔ مثالی دوستی دشمنی میں بدل جائے اور دشمن جانی یا مالی نقصان کرنا چاہتا ہو۔ خاندان کا کوئی محرم حد درجہ مخالف ہوگیا ہو اور مسلسل خاندان میں نفرتیں پھیلا رہا ہو۔ لوگوں کو خلاف کررہا ہو۔ افسر نوکری سے نکال رہا ہو۔ کسی کی بات نہیں مان رہا ہو۔ پولیس، پنچائت، عدالت وغیرہ کا کوئی مقدمہ ہو اور دوسرا فریق کسی طور پر معافی دینے پر راضی نہ ہو رہا ہو۔

ماہر روحانی معالجین کی زیر سرپرستی خاص روحانی کورس

جادو اور جنات کے سخت اثرات سے نجات کا یہ کورس دار العمل چشتیہ کے روحانی علاج گاہ کے ماہر روحانی معالجین کی مشاورت سے تیار کیا گیا ہے۔ بہت سی چیزوں کو مدِ نظر رکھتے ہوئے اس کورس میں مختلف قسم کے ہائی پاور علاج شامل کیے گئے ہیں۔ تاکہ جس مریض کو دیا جائے، اس کو جلد اور دیرپا فائدہ حاصل ہو۔ صرف یہی نہیں بلکہ اس کی جگہ سے بھی ہر طرح کے اثرات نکل جائیں یا ختم ہو جائیں اور اس گھر میں رہنے والے افراد بھی ہر طرح کے بداثرات سے نجات پائیں۔

یہ کورس جادو اور جنات سے متاثرہ مریضوں کے لیے ہے جن پر ایک عرصہ سے یہ بداثرات ہوں، بہت علاج معالجہ کروایا ہو مگر کسی طرح بھی اثرات سے مکمل جان نہ چھوٹ رہی ہو۔ ان اثرات کی وجہ سے پیدا شدہ بیماریاں، معاشی مشکلات، تعلقات کی خرابیاں اور دیگر پریشانیوں میں روز بروز اضافہ ہو رہا ہو یا کوئی پریشانی اگر کم ہو رہی ہوتی ہے تو کوئی بڑھ رہی ہوتی ہے۔ زندگی سے سکون ختم ہو جائے، خوشی ختم ہو جائے، برکت ختم ہو جائے وغیرہ۔

- خاص روحانی کورس سالہا سال پرانے جناتی اثرات کو دنوں میں ختم کرتا ہے۔
- خاص روحانی کورس سالہا سال پرانے آسیبی اثرات کو دنوں میں ختم کرتا ہے۔
- خاص روحانی کورس سالہا سال پرانے کالے جادو کے اثرات کو دنوں میں ختم کرتا ہے۔
- خاص روحانی کورس سالہا سال سے جانے کا نام نہ لینے والی چیزوں کو دنوں میں بھگاتا ہے۔
- خاص روحانی کورس سالہا سال سے عاملین کے قابو میں نہ آنے والی چیزوں کو دنوں میں کنٹرول کرتا ہے۔
- خاص روحانی کورس سالہا سال سے عاملین کو آنکھیں دکھانے والی چیزوں کو دنوں میں کافور کرتا ہے۔
- خاص روحانی کورس سالہا سال سے عاملین کے سامنے اکڑ جانے والی چیزوں کی اکڑ کو دنوں میں ختم کرتا ہے۔
- خاص روحانی کورس سالہا سال سے ہر طرح کے علاج سے جان نہ چھوڑنے والی چیزوں سے دنوں میں جان چھڑاتا ہے۔
- ہر طرح کے بار بار حملہ کرنے والی چیزوں کے حملوں کو دنوں میں ختم کرتا ہے۔

ہدیہ
5500 روپے

یہ کورس اپنا ثانی نہیں رکھتا کیونکہ اس کورس میں آپ کا باقاعدہ ادارہ کی طرف سے ایک معالج متعین کیا جاتا ہے۔ آپ کو علاج کے دوران کوئی بھی مسئلہ ہو، آپ اپنے معالج سے اپنا مسئلہ شیئر کر سکتے ہیں۔

نوٹ: اس سارے علاج کے بعد سالہا سال کی اذیت ناک صورتحال سے گزرنے کے بعد جب اللہ تعالیٰ آپ کو شفاء سے ہمکنار فرما دیں تو ساتھ ہی آئندہ ہمیشہ کے لئے روحانی حصار و حفاظت کو ضروری سمجھیں۔ آئندہ کوئی دشمن / جادوگر حملہ آور نہ ہو سکے تو اس کے لئے ادارے کے تجویز کردہ اعمال (چہل کاف) سمیت دیگر اعمال کا حصول و ریاضت یقینی بنائیں ورنہ روحانی شفاء اور مکمل حفاظت ناممکن ہے۔ ہمارے تمام تیار شدہ کورسز/علاج میں ادارے کے شاگرد کو خصوصی رعایت دی جاتی ہے۔

اعمالِ حُب و تسخیر

تصنیف و تالیف

حضرت خواجہ علامہ پیر صوفی غلام سرور شباب قادری

(سجادہ نشین دربارِ عالیہ: حضرت خواجہ بابا پیر صوفی بہادر علی شاہ قادریؒ)

ہدیہ 10,000 روپے

کتاب کے عنوانات کی فہرست مندرجہ ذیل ہے:

حاضری مطلوب کے اعمال مطلوب کو فوری حاضر کرنے لیے۔ حاضری مطلوب کا لاجواب، بے مثل اور لاثانی اعمال۔ مطلوب وقت مسافت کے مطابق حاضر ہو۔ محبوب کو حاضر کرنے کا چراغ۔ مطلوب کو واپس بلانا۔ محبت اور حاضری مطلوب کے لیے۔ مطلوب محبت میں بے قرار ہو کر حاضر ہو۔ جلب مطلوب کے لیے۔ ابوریاح کے ذریعے حاضری مطلوب۔ حاضری مطلوب بذریعہ شیشہ مریہ بنت شمردل السفلی۔ زبوں کے ذریعے مطلوب کو حاضر کرنا۔ محبوب کو حاضر کرنا۔ حاضری مطلوب بذریعہ ابلیس۔ تین روز میں مطلوب حاضر ہو۔ مرۃ بن ابلیس کے ذریعے مطلوب کو حاضر کرنا۔ محبت اور حاضری مطلوب کا طلسم۔ محبت اور حاضری معشوق۔ مطلوب کو اپنی محبت میں دیوانہ کر کے حاضر کرنا۔ محبت اور فوری حاضری کے لیے۔ جلب اور حاضری مطلوب۔ محبوب کو محبت میں بے قرار کر کے حاضر کرنا۔ مطلوب کو حاضر کرنے کا طلسم۔ غائب کو حاضر کرنا۔ عورت کو حاضر کرنے کے لیے۔ مرد اور عورت میں سے جس کو چاہو حاضر کرو۔ جلب صحیح مجرب۔ جلب کے لیے میمون کا عمل۔ جلب و تسخیر کے لیے۔ سورہ اخلاص کا عمل جلب کے لیے عظیم ترین۔ باب جلب سریع (حرف جیم اور سورہ اخلاص کے ساتھ)۔ مطلوب کو حواس باختہ حالت میں حاضر کرنے کا اسراری عمل۔ محبت وجلب بسورہ الجن۔ عمل جلب و محبت اور مخمس خالی البطن سے کام لینے کا نایاب اور عظیم عمل جو اپنے اثرات میں قوی الاثر ہے۔ عمل احضار مطلوب۔ حاضری مطلوب کا عمل کہ مطلوب قلب موم کی طرح پگھلنا شروع ہو جائے۔ دائرہ کریمہ حاضری مطلوب۔ دائرہ حاضری محبوب۔ ایک ہی رات کے عمل سے مطلوب بے قرار ہو کر حاضر ہو۔ مطلوب عاجز اور فرمانبردار ہو کر حاضر ہو۔ اگر سخت دل محبوب کو حاضر کرنا ہو۔ مطلوب حاضر ہو جائے اور ایسی محبت کرے گا جو ہمیشہ قائم رہے گی۔ عمل حاضری مطلوب سات روزہ۔ سخت دل مطلوب کو مسخر کرنے کے لیے۔ محبوب کو محبت میں بے قرار کر کے حاضر کرنا۔ میمون کو محبت کے لیے بھیجنا تاکہ مطلوب حاضر ہو۔

محبت کے اعمال محبت اور اپنی طرف مائل کرنے کے لیے۔ محبت اور کشش کے لیے۔ محبت کے لیے پلانے والا عمل۔ مطلوب کے دل میں محبت پیدا کرنے کا عمل۔ مطلوب کو بے قرار کرنا۔ محبت کے لیے طلسم۔ محبت کے لیے میمون کی خدمت حاصل کرنا۔ محبت کے لیے پاس رکھنے والا عمل۔ دعوت مرۃ ابن ابلیس برائے حب عظیم۔ محبت کے لیے ایک تنتر۔ محبت کے لیے منکا چلانا۔ محبت کے لیے سفید ریت۔ مطلوب کا دل طالب کی محبت میں جلے۔ محبت کے لیے ڈور گئے مطلوب کو پاس بلانا۔ محبت کا عمل مرچ سیاہ والا۔ محبت میں مطلوب کی نیند باندھنا۔ زبردست محبت کے لیے۔ محبت کے لیے ہوا میں لٹکانے والا عمل۔ محبت کے لیے طلسم۔ لوہے کی کیل والا عمل حب۔ مطلوب کو اپنی طرف کشش کرنے کے لیے۔ محبت اور قبولیت کے لیے۔ مطلوب کے دل میں محبت پیدا ہو۔ خاوند کو مطیع اور فرمانبردار کرنے کا عجیب عمل۔ اگر کوئی عورت چاہے کہ اس کا خاوند دوسری شادی نہ کرے۔ نیند اور محبت کو باندھنا۔ سورہ فاتحہ کے ذریعے محبت پیدا کرنا اور دل نرم کرنا۔ مزوجات "بدوح" کے فوائد محبت کے لیے۔ میاں بیوی میں محبت بڑھانے کے لیے۔ سات یوم کے اندر محبوب کے دل میں محبت پیدا ہو۔ محبت کے لیے زیتونہ کا اسراری عمل۔ محبت میں سلب عقل کے لیے عظیم اور آسان ترین عمل۔ عورت کے دل میں محبت اور آتش پیدا کرنے کے لیے۔ مطلوب کے دل میں محبت پیدا کرنے کا طلسم۔ محبت کا طلسماتی عمل۔ زوجین کی محبت کا عظیم ترین عمل۔ اگر کسی کی بیوی نافرمان ہو۔ سورہ فیل کا عمل حب بے مثال۔ تسخیر محبوب کا نایاب عمل۔

متفرق اعمال کسی غائب کے بارے میں معلوم کرنا کہ وہ کس حال میں ہے۔ کسی دُور گئے ہوئے کے بارے میں معلوم کرنا کہ وہ کس حالت میں ہے۔ غائب کو واپس بلانے کے لیے۔ کشف کے لیے۔ ساحر کی قوت اور عمل سلب کرنے کے لیے مجرب عمل۔ اوقات سے کام لینے کا آسان اور سریع التاثیر طریقہ جو کبھی خطا نہیں کرتا۔

آگاہی ہماری یہ کتاب "اعمال حب و تسخیر" ایک غیر مطبوعہ کتاب ہے۔ اور یہ کتاب عوام الناس کے لیے نہیں ہے۔ ہمارے خاص شاگردوں کے لیے ہی تا حال مخصوص ہے۔ اور ہم اپنے خاص شاگردوں کو ہی یہ کتاب خصوصی اجازت کے ساتھ دیتے ہیں۔ اور صرف انہی خاص شاگردوں کو ہی اس کتاب کے اعمال و نقوش کی اجازت ہے۔ اور یہ کسی دوسرے فرد کو اجازت دینے کے مجاز نہیں ہیں۔ اور نہ ہی اس کتاب کے اعمال و نقوش کو عام کر سکتے ہیں۔ کیونکہ یہ مخصوص اور خاص اعمال ہیں۔ عوام الناس اچھے برے کی تمیز کرنے سے قاصر ہوتے ہیں۔ عوام الناس میں ایسی چیزیں پہنچنے سے معاشرہ میں خرابی کا خدشہ لاحق ہو سکتا ہے۔ اسی وجہ سے یہ پابندی لگائی گئی ہے۔

ادارہ فیضان روحانیات پاکستان، اسلام نگر حویلی لکھا ضلع اوکاڑہ پنجاب 0333-6974734 ,0300-4967412

کوپن برائے بغیر فیس اعمال

ستمبر 2022ء

تاریخ ______

نام ______ والد ______

والدہ ______ مکمل پتہ ______

______

موبائل نمبر ______

Email (اگر ہو) ______

مطلوبہ اعمال ______

نوٹ: رجسٹری جوابی خط کے ساتھ شناختی کارڈ کی ایک عدد صاف کاپی ارسال کریں۔ ایک وقت میں دو اعمال کی اجازت لی جاسکتی ہے۔ مزید شرائط وتفصیلات کے لیے ویب سائٹ دیکھیں یا رابطہ فرمائیں۔

0333-7772775 | 0309-7772775 | 042-35410586

کوپن برائے مفت روحانی خدمات

ستمبر 2022ء

تاریخ ______

نام ______ والد ______

والدہ ______ مکمل پتہ ______

______

موبائل نمبر ______

Email (اگر ہو) ______

مطلوبہ علاج ______

نوٹ: علیحدہ کاغذ پر اپنا مسئلہ تفصیل سے لکھ کر رجسٹرڈ جوابی لفافے کے ساتھ ارسال کریں۔ ایک کوپن میں دو مقصد سے زائد نہ لکھیں۔ کوپن کے بغیر علاج/تعویذات/وظیفہ بھیجنے سے معذرت۔ مزید تفصیلات کے لیے رابطہ فرمائیں۔

0324-7772772 | 0342-7772772 | 042-35410586